تصدیق شدہ اشاعت

گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

★★★ ہر خبر آپ تک ★★★

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

Power of Pakistan News Agency

چیف ایڈیٹر: مرزا محمد علی

powerofpakistannewsagency.online

جلد نمبر 02 | منگل 20 جنوری 2026، 30 رجب المرجب 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 158

پنجاب حکومت کے سہولت بازار پراجیکٹ سے روزگار کے مواقع پیدا

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے سہولت بازار پراجیکٹ سے 55 ہزار خاندانوں کے گھر میں چولہا جلنے لگا، پنجاب بھر میں 46 سہولت بازاروں میں 9200 لوگوں کو باعزت روزگار مل گیا

سہولت بازاروں میں ایک سال کے دوران ساڑھے 8 کروڑ افراد کی آمد ہوئی، ساڑھے 42 کروڑ روپے کی خریداری کی گئی، سہولت بازاروں میں سبزیوں اور پھلوں سمیت 13 اشیائے خورونوش ہول سیل نرخ پر فراہم کی گئیں

لاہور: سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، امریکی بزنس لیڈرز کے اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ سیف سٹی لاہور کا دورہ کر رہی ہیں۔

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت کے سہولت بازار منصوبے سے روزگار کے مواقع پیدا ہو گئے، عوام کو سستی اشیاء کی با سہولت فراہمی ہونے لگی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف (بقیہ نمبر 1)

حقیقی آزادی کی جدوجہد دن بہ دن زور پکڑ رہی ہے، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ حقیقی آزادی کی جدوجہد دن بہ (بقیہ نمبر 2)

جس طرح سندھ نے کارکردگی دکھائی دیگر صوبے بھی دکھائیں، شرجیل میمن

اسلام آباد (این این آئی) سینئر وزیر سندھ شرجیل میمن نے کہا ہے کہ جس طرح سندھ نے کارکردگی (بقیہ نمبر 3)

کراچی: ایم اے جناح روڈ پر واقع گل پلازہ میں لگنے والی آگ پر قابو پانے کے لیے دوسرے دن بھی امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

کراچی گل پلازہ میں آتشزدگی سے عمارت کے دو حصے منہدم، 6 افراد جاں بحق، 58 لاپتا

اسپتالوں سے موصولہ اطلاعات کے مطابق دھوئیں سے حالت غیر ہونے والے افراد کو ابتدائی طبی امداد کے بعد گھر بھیج دیا گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) ایم اے جناح روڈ پر واقع گل پلازا شاپنگ مال میں رات گئے لگنے والی آگ پر بڑی حد تک قابو پالیا گیا، آتشزدگی کے باعث عمارت کے دو حصے منہدم ہو گئے، فائر فائٹر سمیت 6 افراد جاں بحق اور 58 افراد لاپتا ہیں، آگ سے 22 افراد زخمی ہیں جن میں سے 18 کی حالت نازک ہے۔ ذرائع کے مطابق کراچی ایم اے جناح روڈ پر واقع معروف شاپنگ سینٹر گل پلازا میں رات سوا دس بجے (بقیہ نمبر 6)

سیاسی درجہ حرارت نیچے لانے کے لیے کردار ادا کریں، فواد چوہدری کی نواز شریف سے اپیل

نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی نے وزیراعظم سے ملاقات کی درخواست کی تھی مگر اب تک کوئی جواب موصول نہیں ہوا

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اطلاعات اور سینئر سیاستدان فواد چوہدری نے مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک میں سیاسی درجہ حرارت کو نیچے لانے کے لیے کردار ادا کریں، نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات (بقیہ نمبر 4)

پنجاب حکومت نے اے آئی، ڈیٹا اور سافٹ ویئر ماہرین پر مشتمل سیل قائم کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پہلی بار اے آئی اور جدید ٹیکنالوجی کیلئے (بقیہ نمبر 5)

محسن نقوی کی امریکی سفیر نیٹلی بیکر سے ملاقات، سکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق

بیرون ملک جرائم میں ملوث افراد کی نشاندہی جدید سافٹ ویئر کے ذریعے کی جائیگی، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد نے ملاقات کی جس میں پاک امریکہ تعلقات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں فریقین نے پاک امریکہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور (بقیہ نمبر 7)

ملک بھر کے 40 سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے 40 سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 8)

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کراچی کی ایم اے جناح روڈ پر واقع گل پلازہ میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور متاثرین کو ہر ممکن امداد فراہم کرنے کا حکم دے دیا

صدر مملکت آصف علی زرداری نے آتشزدگی کے افسوسناک واقعہ پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا اور قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر تعزیت اور لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کراچی کی ایم اے جناح روڈ پر واقع گل پلازہ میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور متاثرین کو ہر ممکن امداد فراہم کرنے کا حکم دے دیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے آتشزدگی کے افسوسناک واقعہ پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا اور قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر تعزیت اور لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ سندھ حکومت اور متعلقہ ادارے متاثرہ افراد اور تاجروں کو فوری اور ہر ممکن امداد فراہم (بقیہ نمبر 10)

وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سعودی عرب کے وزیر توانائی شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان السعود سے ملاقات کر رہے ہیں۔

آئی جی ایف سی ساؤتھ کا توئی خلہ بازار کا دورہ، مقامی قبائلی رہنماؤں و نوجوانوں کی ملاقات

روزمرہ مسائل، کاروباری سرگرمیوں اور علاقائی ضروریات پر گفتگو کی، امن و امان کیلئے تعاون کو سراہا

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور خیبر پختونخوا (ساؤتھ) کا تحصیل توئی خلہ کا دورہ کیا اور مقامی قبائلی رہنماؤں و نوجوانوں سے ملاقات کی۔ اس دوران آئی جی ایف سی مقامی لوگوں میں گھل مل گئے اور روزمرہ مسائل، کاروباری سرگرمیوں اور علاقائی ضروریات (بقیہ نمبر 9)

مذاکرات کا ماحول نظر نہیں آرہا، جسے اصولوں پر بات کرنی ہے وہ ہم سے بات کرے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 13)

یونیورسل ہیلتھ کوریج کے تحت اب شہری نجی ہسپتالوں میں مفت علاج کروا سکتے ہیں، مصطفیٰ کمال

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ یونیورسل ہیلتھ کوریج کے (بقیہ نمبر 12)

پانی کی سلامتی کے بغیر پاکستان میں غذائی تحفظ ممکن نہیں، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پانی کی سلامتی (بقیہ نمبر 11)

ہم نے اپنی سیاست نہیں بچائی، ریاست بچائی، طلال چوہدری

پنجاب ترقیاتی کاموں میں اب سب سے آگے ہے، پچھلے دو ڈھائی سال میں معاشی حالات بہت بہتر ہوئے آئندہ مزید بہتر ہوں گے

گوجرہ (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ جب تک لوگ اپنے فیصلے تول بدلے گی، ہم نے اپنی سیاست نہیں بچائی بلکہ ریاست بچائی، پنجاب ترقیاتی کاموں میں اب سب سے آگے ہے۔ پچھلے کرا اور میرٹ پر نہیں کریں گے آپ کی تقدیر نہیں (بقیہ نمبر 14)

قومی اسمبلی میں پاکستان، عدلیہ اور فوج کے خلاف بولنے کی اجازت نہیں دوں گا، اسپیکر

پاکستان کی معیشت مضبوط ہوتی جا رہی ہے، ہماری خارجہ پالیسی کبھی اتنی اچھی نہیں تھی جتنی آج ہے

لاہور (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی میں پاکستان، عدلیہ اور فوج کے خلاف بولنے کی اجازت نہیں دوں گا، اپوزیشن لیڈر ٹھیک بات کرتے رہیں گے تو انہیں فلور ملتا رہے گا، پاکستان کی معیشت مضبوط ہوتی جا رہی ہے، ہماری خارجہ پالیسی کبھی اتنی اچھی نہیں تھی جتنی آج ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں نیشنل کالج آف آرٹس (این سی اے) کے دورے کے دوران اور (بقیہ نمبر 29)

ملکی انڈسٹری اس وقت وینٹی لیٹر پر ہے، اس کو بچا لیں، ایس ایم تنویر

ورلڈ اکنامک گلوبل رسک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں بے روزگاری میں اضافہ ہوگا، سابق وزیر

گوجرانوالہ (این این آئی) سابق وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ انڈسٹری قبرستان میں تبدیل ہو رہی ہے، انڈسٹری اس وقت وینٹی لیٹر پر ہے اس کو بچا لیں۔ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے کہا کہ کاروباری حالات ملکی حالات اور اکانومی کو بزنس کمیونٹی نے ہی چلانا ہے۔ سابق وزیر صنعت و تجارت نے کہا کہ ہم تاجر ہیں ہم گورنمنٹ کے خلاف نہیں ہیں، اگر غلط کام (بقیہ نمبر 15)

پی آئی اے کی نجکاری کا عمل لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) پی آئی اے کی نجکاری کے عمل کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست نبیل جاوید کاہلوں ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر کی گئی ہے، جس میں وفاقی حکومت، پی آئی اے کارپوریشن اور دیگر متعلقہ فریقین کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نے (بقیہ نمبر 16)

نظام میں بہتری سے تارکین وطن کیلئے روزگار بڑھا، وزارت سمندر پار پاکستانی

2025ء میں مجموعی طور پر 7 لاکھ 62 ہزار 499 افراد بیورو آف امیگریشن کی سہولت کاری سے بیرون ملک بھجوائے گئے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت سمندر پار پاکستانی، ترقی و انسانی وسائل نے کہا ہے کہ نظام میں بہتری سے بیرون ملک پاکستانیوں کے روزگار اور تحفظ میں اضافہ ہوا۔ وزارت سمندر پار پاکستانی (ایم او پی) کے مطابق بیورو آف امیگریشن کی جانب سے بیرون ملک روزگار کے متلاشی افراد کی سہولت کاری کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، گزشتہ سال بیرون ملک بھجوائے جانے والے پاکستانی کارکنوں کی تعداد میں 5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح سال 2025ء میں (بقیہ نمبر 17)

لاہور: وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق مثالی گاؤں پروگرام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد بھی موجود ہیں۔

سال 2025 میں پاکستان بھر میں ٹریکٹر فروخت پچھلے 20 سالوں سے کم ریکارڈ ہوئی ہے، مزمل اسلم

پنجاب و سندھ زراعت کا گڑھ تھے ان کو کس حال تک پہنچایا گیا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے خزانہ مزمل اسلم نے ملکی معیشت، زراعت اور گندم سے متعلق اہم بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ رواں سال پاکستان بھر میں ٹریکٹر فروخت پچھلے 20 سالوں سے کم ریکارڈ ہوئی ہے۔ پنجاب و سندھ زراعت کا گڑھ تھے ان کو کس حال تک پہنچایا گیا۔ مزمل اسلم نے کہا کہ ملک کی 60 فیصد آبادی زراعت سے منسلک ہے۔ مشیر خزانہ خیبر پختونخوا نے کہا کہ مریم نواز نے جو اپنے تصویر والے ٹریکٹر دیئے انکا کیا بنا اور (بقیہ نمبر 18)

لاہور: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نیشنل کالج آف آرٹس میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

عوامی ریفرنڈم کے نتائج کا اعلان 21 جنوری کو ہوگا، نائب امیر لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ کی زیر صدارت منصورہ میں جماعت اسلامی پنجاب کی آرڈی نیشن کمیٹی کا آن لائن اجلاس منعقد ہوا۔ سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان امیر العظیم، مرکزی رہنما جماعت اسلامی ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، نائب امیر لاہور ذکر اللہ مجاہد، عمران ظہور غازی، (بقیہ نمبر 30)

علی پرویز ملک کی عالمی سٹیک ہولڈرز کو اپریل 2026ء میں منعقدہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم میں شرکت کی دعوت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے عالمی اسٹیک ہولڈرز کو اپریل 2026 میں منعقد ہونے والے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان متنوع اور وسیع معدنی وسائل کا حامل ہے جو عالمی شراکت داروں کیلئے نمایاں مواقع فراہم کرتے ہیں، حکومت معدنی شعبے میں ضابطہ جاتی ماحول کو سادہ بنا اور (بقیہ نمبر 31)

لاہور: چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نجی یونیورسٹی کی فنانشل اکنامکس اینڈ ہیومینیٹیز پر چوتھی عالمی ریسرچ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

عالمی قوانین کے تحت مسئلہ فلسطین کا حل ضروری ہے، پاکستان

تنازعات کا سیاسی اور سفارتی حل نکالا جائے، تنازعات کا حل اقوام متحدہ چارٹر کا بھی امتحان ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ عالمی قوانین کے تحت مسئلہ فلسطین کا حل ضروری ہے۔ اقوام متحدہ میں تنازعات سے بچاؤ اور ان کے حل پر مباحثہ میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے خطاب میں کہا کہ بدقسمتی سے آج تک مسئلہ فلسطین اور کشمیر کا حل نہیں نکالا جا سکا۔ تنازعات کا سیاسی اور سفارتی حل نکالا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تنازعات کا حل اقوام متحدہ چارٹر کا بھی (بقیہ نمبر 19)

افواج پاکستان بدلتے جنگی تقاضوں سے ہم آہنگ ملٹی ڈومین آپریشنز کیلئے بھرپور تیاری میں مصروف

افواج پاکستان کی مشقیں جدید ٹیکنالوجی، تباہ کن فائر پاور اور انتہائی درست نشانہ بندی کی صلاحیتوں کا مظہر ہیں، رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) افواج پاکستان بدلتے جنگی تقاضوں سے ہم آہنگ ملٹی ڈومین آپریشنز کیلئے بھرپور تیاری میں مصروف ہے اس حوالے سے مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر نے ایک ویڈیو بھی جاری کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملٹی ڈومین آپریشنز میں فضائی، زمینی اور سائبر آپریشنز کو دشمن کے خلاف مربوط انداز میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ملٹی ڈومین آپریشنز میں الیکٹرانک وار فیئر کو مشترکہ حکمت عملی کے تحت دشمن کے خلاف مربوط انداز میں (بقیہ نمبر 32)

ٹیکس اور سرچارجز کے باعث بجلی کی قیمتیں ناقابل برداشت ہو چکی ہیں، نیپرا

ڈسکوز نقصانات کے باعث ایک سال میں گردشی قرض 276 ارب روپے مزید بڑھ گیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے پاور سیکٹر کی اسٹیٹ آف انڈسٹری رپورٹ 2025 جاری کر دی جس میں کہا گیا ہے کہ ٹیکسز، ڈیوٹیز اور سرچارجز کے باعث بجلی کی قیمتیں ناقابل برداشت ہو چکی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 24-2023 میں بجلی کمپنیوں کے نقصانات 31.18 فیصد رہے، نیپرا نے ڈسکوز کیلئے نقصانات کی حد 11.77 فیصد مقرر کر رکھی ہے، ڈسکوز نقصانات (بقیہ نمبر 20)

رحیم یار خان پولیس کا کچے میں ٹارگٹڈ آپریشن جاری، 40 سہولت کار گرفتار

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان پولیس کا کچے میں ڈاکوؤں کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن کے نتیجے میں کچے کے ڈاکوؤں کی سہولت کاری کرنے والے 40 سے زائد سہولت کار گرفتار کر لئے۔ ڈی پی او عرفان سموں نے بتایا کہ ملزمان کو سرچ آپریشن کے دوران تھانہ ماچھکہ (بقیہ نمبر 21)

پارٹی میں مشاورت ہوتی ہے، حتمی فیصلہ نواز شریف کرتے ہیں، اعظم نذیر تارڑ

محمود خان اچکزئی پرانے سیاستدان ہیں، نواز شریف پرانے ساتھیوں کی قدر کرتے ہیں، سپریم کورٹ کے فیصلے بھی موجود ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پارٹی میں مشاورت ہوتی ہے لیکن حتمی فیصلہ نواز شریف کرتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ محمود خان اچکزئی پرانے سیاست دان ہیں، نواز شریف پرانے ساتھیوں کی قدر کرتے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آئینی اور قانونی طور پر اپوزیشن لیڈر کی تقرری کا طریقہ کار واضح ہے، اپوزیشن لیڈر کی تقرری کا عمل اسپیکر کی سربراہی میں (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد ہائی کورٹ کا آئندہ ہفتے کیلئے ججز ڈیوٹی روسٹر جاری

کیسز کی سماعت کیلئے آئندہ ہفتے سے چار ڈویژن، سات سنگل بینچ دستیاب ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کا آئندہ ہفتے کیلئے ججز ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیا گیا۔ چیف جسٹس کی منظوری سے رجسٹرار آفس سے جاری روسٹر کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں کیسز کی سماعت کیلئے آئندہ ہفتے سے چار ڈویژن اور سات سنگل بینچ دستیاب ہوں گے۔ پہلا ڈویژن بینچ چیف جسٹس اور جسٹس اعظم خان پر مشتمل ہوگا، دوسرا ڈویژن بینچ جسٹس بابر ستار اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز پر مشتمل ہوگا، دوسرا ڈویژن بینچ صرف ٹیکسز سے متعلق کیسز کی (بقیہ نمبر 22)

بھارت کا پانی کو سٹریٹجک ہتھیار بنانا بڑا انسانی خطرہ بن سکتا ہے، امریکی جریدہ

واشنگٹن (این این آئی) سندھ طاس معاہدے کے خلاف بھارتی اقدامات پر امریکی جریدے نے پاکستانی موقف کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ بھارتی اقدامات سے جنوبی ایشیا میں بڑا انسانی خطرہ بن سکتا ہے۔ امریکی جریدے دی نیشنل انٹرسٹ کے مطابق بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے بعد (بقیہ نمبر 25)

لاہور: وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ آئی ٹی سی این ایشیاء سے خطاب کر رہی ہیں۔

حکومت کی جانب سے آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے اور کاروباری افراد کو ریلیف ملنے کا امکان

24 سرکاری ادارے جو مالی بوجھ بڑھا رہے ہیں، نجکاری کے عمل میں آئیں گے، مشیر خزانہ خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی جانب سے آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے اور کاروباری افراد کو ریلیف ملنے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے اور رجسٹرڈ کاروباروں کے لیے ریلیف دینے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ مشیر خزانہ خرم شہزاد نے نجی ٹی وی کو بتایا کہ تنخواہ داروں اور دستاویزی معیشت میں شامل کاروباروں کے لیے (بقیہ نمبر 24)

پی آئی اے کی نجکاری کے عمل کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پی آئی اے کی نجکاری کے عمل کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ نجکاری کے تمام اقدامات کو کالعدم قرار دیا جائے۔ درخواست نبیل جاوید کاہلوں ایڈووکیٹ کی (بقیہ نمبر 23)

دنبے لڑانے کے الزام میں 2 افراد گرفتار، مقدمہ درج

دیر بالا (این این آئی) دنبے لڑانے کے الزام میں دو افراد کو گرفتار کر لیا، قمار بازی کے دوران ایک دنبہ ہلاک ہو گیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع دیر بالا میں جانوروں کو آپس میں لڑانے کا واقعہ سامنے آنے کے بعد تھانہ شرینگل پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ (بقیہ نمبر 27)

لاہوریوں کیلئے تاریخی گریٹر اقبال پارک میں تفریح کا ایک اور منصوبہ

وزیر ہاؤسنگ پنجاب نے اقبال پارک میں فیملیز کیلئے 2 ایکڑ پر محیط پلے لینڈ کا افتتاح کر دیا

لاہور (این این آئی) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین نے اقبال پارک میں فیملیز کیلئے 2 ایکڑ پر محیط پلے لینڈ کا افتتاح کر دیا۔ وائس چیئرمین پی ایچ اے لاہور غزالی سلیم بٹ اور ڈی جی پی ایچ اے راجہ منصور بھی ہمراہ تھے۔ متعلقہ حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ پلے لینڈ کو ڈزنی لینڈ کی طرز پر تعمیر کیا گیا اور بچوں کیلئے موشن رائیڈ کی سہولت موجود ہے۔ سفاری موٹر بائیک، بریک ڈانس، میری گولڈ رائیڈ، پیرائیٹ شپ، بریک ڈانس رائیڈ سمیت (بقیہ نمبر 26)



لاہور: پرنسپل پروفیسر فاروق افضل جنرل ہسپتال میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسلام آباد ہائیکورٹ نے سی ڈی اے کو 2 فروری تک درختوں کی کٹائی سے روک دیا

انوائرمنٹل پروٹیکشن ایکٹ کی خلاف ورزی میں درخت کاٹے جا رہے ہیں، تحریری حکم نامہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سی ڈی اے کو 2 فروری تک درختوں کی کٹائی سے روک دیا ہے۔ تحریری حکم نامہ جاری کر دیا جس میں کہا گیا ہے کہ سی ڈی اے سمیت دیگر فریقین 2 فروری تک اسلام آباد میں کوئی درخت نا کاٹیں۔ سی ڈی اے، وزارت موسمیاتی تبدیلی اور انوائرمنٹل ایجنسی کو (بقیہ نمبر 34) تفصیلات کے مطابق جسٹس خادم حسین سومرو نے 4 صفحات کا تحریری حکم جاری

ٹک ٹاک پر غیر اخلاقی مواد شیئر کرنے کے خلاف دائر درخواست پر پی ٹی اے کو نوٹس

پشاور (این این آئی) ٹک ٹاک پر غیر اخلاقی مواد شیئر کرنے کے خلاف دائر درخواست پر پشاور ہائی کورٹ نے گزشتہ سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا ہے۔ تحریری حکم نامے کے مطابق عدالت نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کو نوٹس جاری کرتے ہوئے رپورٹ (بقیہ نمبر 35)

باجوڑ میں جماعت اسلامی کے نائب امیر کے گھر کے باہر بم دھماکا

دھماکے میں آئی ای ڈی کا استعمال کیا گیا، گھر اور گاڑی کو جزوی نقصان پہنچا

باجوڑ (این این آئی) جماعت اسلامی کے نائب امیر اور سابقہ امیدوار برائے صوبائی اسمبلی مولانا وحید گل کے گھر کے باہر بم دھماکا ہوا، تاہم خوش قسمتی سے واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق دھماکا مولانا وحید گل کی رہائش گاہ کے عین باہر پیش آیا جس سے علاقے (بقیہ نمبر 37)

پی ٹی اے کا بیرون ملک پاکستانیوں کے لیے بڑی سہولت کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی اے نے بیرون ملک پاکستانیوں کے لیے بڑی سہولت کا اعلان کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 36)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین گریٹر اقبال پارک میں فیملیز کے لئے پلے لینڈ کا جائزہ لے رہے ہیں۔

ن لیگ کا دوغلا پن عیاں ہو گیا، جمہوریت دشمن بلدیاتی قانون کسی صورت قبول نہیں، حافظ نعیم الرحمن

پنجاب کے عوام اپنے حق کے لیے بیدار ہو گئے، مقامی حکومتوں کا مؤثر نظام قائم کیا جائے

فیصل آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پنجاب کے عوام سے خوفزدہ ن لیگ نے جمہوریت دشمن بلدیاتی قانون متعارف کرایا، جماعت اسلامی اس کالے قانون کو تسلیم نہیں کرتی، ہم نہ اس کے تحت انتخابات ہونے دیں گے۔ ریفرنڈم نے صوبہ کے عوام کو بیدار کر دیا، بااختیار مقامی حکومتوں کے قیام کی جدوجہد میں مزید تیزی آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار (بقیہ نمبر 28) بلدیاتی قانون پر عوامی

سی ٹی ڈی پنجاب کی مختلف شہروں میں کارروائیاں، را ایجنٹ سمیت 49 دہشتگرد گرفتار

بھارتی ایجنٹ مجتبیٰ سے بارودی مواد، اسلحہ اور اہم عمارتوں کے نقشے برآمد کر لئے گئے، حکام

لاہور (این این آئی) دہشت گردی کے خدشات کے پیش نظر کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ نے پنجاب کے مختلف شہروں میں کارروائیاں کیں جن کے دوران بھارتی خفیہ ایجنسی ''را'' کے ایجنٹ سمیت 49 دہشتگردوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایک ہفتے کے دوران مختلف آپریشنز کیے گئے جن میں لاہور سے بھارتی خفیہ ایجنسی ''را'' کا ایجنٹ مجتبیٰ گرفتار کیا گیا، گرفتار بھارتی ایجنٹ کے قبضے سے بارودی مواد، اسلحہ اور اہم سرکاری وحساس عمارتوں کے نقشے برآمد ہوئے۔

حکومت بنیادی اصلاحات کے ذریعے چھوٹے تاجروں کو بھی ریلیف دے، انجمن تاجران پاکستان

چھوٹے تاجروں کیلئے فکسڈ ٹیکس یا آسان ریٹرن سسٹم نافذ کیا جائے، مرکزی رہنما شہزاد اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی رہنما شہزاد اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ حکومت بنیادی اصلاحات کے ذریعے چھوٹے تاجروں کو بھی سہولیات اور ریلیف دے تاکہ معاشی سرگرمیوں کو فروغ مل سکے۔ بجلی وگیس کے بھاری بلوں اور ٹیکسوں نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے تاجروں کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے جس کے منفی اثرات مجموعی معیشت اور روزگار پر پڑ رہے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بار بار ٹیکس قوانین میں تبدیلی، پیچیدہ طریق کار اور ایف بی آر کی سختیاں تاجروں میں خوف اور بے چینی پیدا کر رہی ہیں، ٹیکس نیٹ بڑھانے کے نام پر صرف پہلے سے ٹیکس دینے والے تاجروں پر بوجھ ڈالا جا رہا ہے جبکہ غیر دستاویزی معیشت بدستور موجود ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سادہ، شفاف اور تاجر دوست ٹیکس نظام متعارف کرایا جائے۔

ملک میں بسوں اور ٹرکوں کی فروخت میں 6 ماہ کے دوران 96 فیصد اضافہ

لاہور (این این آئی) ملک میں بسوں اور ٹرکوں کی فروخت میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر 96 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پاکستان آٹومینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد وشمار کے مطابق پہلی ششماہی میں بسوں اور ٹرکوں کے 3531 یونٹس کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 1798 یونٹس کے مقابلے میں 96 فیصد زیادہ ہے۔

لاہور: نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ پنجاب کوارڈی نیشن کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

فیصل آباد، کسان شدید پریشانی اور ذہنی دباؤ کا شکار

زرعی ٹیوب ویلوں کے بجلی کے بلوں میں ہوشربا اضافہ، فی یونٹ بجلی کی قیمت 165 تک جا پہنچی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد اور گردونواح کے کسان شدید پریشانی اور ذہنی دباؤ کا شکار ہو چکے ہیں۔ کسانوں کے مطابق اس بار زرعی ٹیوب ویلوں کے بجلی کے بلوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا گیا ہے اور فی یونٹ بجلی کی قیمت 165 روپے تک جا پہنچی ہے، جو پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پسے ہوئے کسانوں کے لیے کسی عذاب سے کم نہیں۔ مقامی کسانوں کے مطابق فصلوں کی پیداوار میں اضافہ کرنے کے لیے پانی ناگزیر ہے جبکہ بارشیں نہ ہونے کے باعث ٹیوب ویل کا استعمال مجبوری بن چکا ہے۔ ایسے میں بجلی کے نرخوں میں بے تحاشا اضافہ کسان کو زندہ درگور کرنے کے مترادف ہے۔ کسانوں نے بتایا کہ ایک طرف کھاد بیج زرعی ادویات اور ڈیزل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، تو دوسری جانب بجلی کے بھاری بلوں نے ان کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا جعلی اور کلون نمبر پلیٹس کے خلاف کریک ڈاؤن

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے صوبے بھر میں جعلی اور کلون نمبر پلیٹس والی گاڑیوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن شروع کر دیا۔ سیف سٹی کے جدید اے آئی بیسڈ کیمروں کی مدد سے مشکوک اور ٹیمپرڈ نمبر پلیٹس والی گاڑیاں فوری شناخت کی جا رہی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق اے آئی سسٹم کے ذریعے جعلی نمبر پلیٹس والی گاڑیوں کو ٹریس کیا جا رہا ہے اور ڈرائیورز کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے مقدمات درج کیے جا رہے ہیں۔

مثالی گاؤں پروگرام، دیہات کا نیا روپ سامنے آئے گا، ذیشان رفیق

359 دیہات کی سکیموں کیلئے ٹینڈر جاری، 224 دیہات کیلئے ورک ایوارڈ اور ابتدائی کام شروع کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ایک اجلاس کے دوران بتایا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کے مثالی گاؤں پروگرام کے تحت پنجاب رُورل میونسپل سروسز کمپنی (پی آر ایم ایس سی) نے 359 دیہات کی سکیموں کیلئے ٹینڈر جاری کر دیے ہیں جبکہ مجموعی طور پر 224 دیہات کیلئے ورک ایوارڈ اور ابتدائی کام شروع کیا جا چکا ہے۔

لاہور میں بسنت کیلئے جامع سکیورٹی پلان تیار، تفصیلی رپورٹ عدالت میں جمع

بسنت 2026 کے لیے دس سال کے ڈیٹا کی بنیاد پر خطرات کی نشاندہی کی گئی ہے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں بسنت کے لئے جامع سکیورٹی پلان تیار کر لیا گیا ہے، شہر کو لال، پیلے اور ہرے زونز میں تقسیم کیا گیا ہے، پولیس کی تفصیلی رپورٹ لاہور ہائی کورٹ میں جمع کرا دی گئی۔ ایڈوکیٹ اظہر صدیق نے پتنگ کے قانون اور اجازت کے نوٹیفکیشن کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے۔ پولیس رپورٹ کے مطابق بسنت 2026 کے لیے دس سال کے ڈیٹا کی بنیاد پر خطرات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ صرف کاٹن ڈور اور رجسٹرڈ پتنگوں کی اجازت ہوگی، شیشہ، کیمیکل اور میٹل ڈور پر زیرو ٹالرنس ہوگی۔ ہر پتنگ اور ڈور کی کیو آر کوڈ رجسٹریشن لازمی قرار دی گئی، موٹر سائیکل سواروں کے لیے ہیلمٹ اور سیفٹی وائرز لازمی جبکہ ریڈ زون میں انٹینا کے بغیر داخلے پر پابندی ہوگی۔ بسنت کے دنوں میں شہریوں کے لئے پانچ ہزار مفت رکشے چلائے جائیں گے، جبکہ ریسکیو، ہیلتھ اور ٹریفک پولیس ہائی الرٹ رہیگی۔

نارووال، ٹریفک حادثات میں آئل ٹینکر، کوسٹر الٹنے سے طالبہ سمیت دو افراد زخمی

نارووال (این این آئی) نارووال کے قریب شدید دھند کے باعث دو مختلف ٹریفک حادثات میں آئل ٹینکر اور کوسٹر الٹنے سے طالبہ سمیت دو افراد زخمی ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ نیو لاہور روڈ پر مندرانوالہ سٹاپ کے قریب شیخوپورہ سے شکرگڑھ جانے والا 20 ہزار لیٹر پٹرول سے بھرا آئل ٹینکر شدید دھند کے باعث موڑ کاٹتے ہوئے کھائی میں جا گرا جس سے آئل ٹینکر کا ڈرائیور 49 سالہ ارشاد زخمی ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ایمبولینس اور فائر وہیکل موقع پر پہنچ گئی

عدلیہ مخالف پروپیگنڈا کے خلاف دائر درخواست پر تحریری حکم جاری

عدلیہ کے خلاف بدنیتی پر مبنی مہم اور کردار کشی قابلِ قبول نہیں، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اعلیٰ عدلیہ کے خلاف سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا کے خلاف دائر درخواست پر تحریری حکم جاری کر دیا۔ جسٹس علی ضیاء باجوہ نے گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری کرتے ہوئے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے عدلیہ کے خلاف منفی مہم اور عوام میں عدلیہ کا اعتماد کم کرنے کا باعث بننے والے افراد کے خلاف کارروائی کریں۔ تحریری حکم میں واضح کیا گیا ہے کہ یہ کارروائی جائز تنقید کو خاموش کرانے کے لیے نہیں بلکہ ادارے کی تکریم اور خود مختاری کے تحفظ کے لیے ہے۔ عدالت نے کہا کہ تمام اداروں کی طرح عدلیہ بھی جائز تنقید کے معاملے پر کھلی سوچ رکھتی ہے اور عدالتی فیصلوں پر علمی، پیشہ ورانہ اور عوامی سطح پر تنقید کی جا سکتی ہے۔ عدالت کے مطابق تنقید نیک نیتی، شائستہ زبان اور فیصلے کی قانونی وجوہات تک محدود ہونی چاہیے۔

کراچی، ڈمپر کی موٹر سائیکل کو ٹکر، ایک شخص جاں بحق، خاتون زخمی

کراچی (این این آئی) کراچی میں پورٹ قاسم، وائرلیس گیٹ کے قریب ڈمپر اور موٹر سائیکل کے تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور خاتون زخمی ہو گئی۔ پولیس کے مطابق حادثے کے بعد ڈمپر کا ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا جس کی تلاش شروع کر دی گئی۔ پولیس نے ڈمپر کو تحویل میں لے لیا ہے، زخمی ہونے والی خاتون کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب کراچی پورٹ کے حصے ویسٹ وہارف میں ایک کنٹینر میں آگ بھڑک اٹھی

لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب محمد علی پنجاب اسٹیڈیم میں بہاولپور ڈویژن کے سپورٹس امور بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کوئٹہ، تیز رفتار مسافر بس الٹ گئی، 9 افراد جاں بحق، 36 زخمی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حادثے کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی، انکوائری کا حکم

کوئٹہ/گوادر (این این آئی) مکران کوسٹل ہائی وے پر تیز رفتار مسافر بس الٹ گئی جس کے نتیجے میں 9 افراد جاں بحق اور 36 زخمی ہو گئے، زخمیوں میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔ ایس پی ہائی وے پولیس اسلم بنگلزئی نے بتایا کہ مکران کوسٹل ہائی وے پر اورماڑہ کے قریب ہڈ گوٹھ کے مقام پر مسافر بس تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی، لاشوں اور زخمیوں کو اورماڑہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

کراچی کے دوسرے ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ کیئر سینٹر کا افتتاح کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کراچی کے دوسرے ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ کیئر سینٹر کا افتتاح کر دیا۔ وفاقی ہیلتھ کیئر ڈیجیٹلائزیشن پروگرام کے تحت کراچی کے دوسرے ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ کیئر سینٹر کا افتتاح فیڈرل گورنمنٹ ڈسپنسری جیکب لائنز میں کیا گیا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ عوام کے لیے سارے وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، وزارت کوشش کر رہی کہ عوام کی تکلیف کم کی جائے۔

کور کمانڈر لاہور کی نیشنل ورکشاپ خیبر پختونخوا کے شرکا کے ساتھ خصوصی نشست

معرکہ حق میں کامیابی کے بعد آج دنیا میں پاکستان ایک مختلف پہچان رکھتا ہے، کور کمانڈر کی شرکاء سے گفتگو

لاہور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں جاری نیشنل ورکشاپ کے شرکا کی لاہور آمد پر کور کمانڈر لاہور لیفٹیننٹ جنرل سید فیاض حسین شاہ کے ساتھ خصوصی ملاقات کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر کور کمانڈر لاہور کا کہنا تھا کہ پاک فوج دو دہائیوں سے زائد عرصہ سے خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے خلاف برسرِ پیکار ہے، پاک فوج فتنہ الخوارج وفتنہ الہندوستان کے سامنے سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوئی ہے۔ کور کمانڈر لاہور نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے غیور عوام دشمن کے سامنے ایک بہت بڑی طاقت ہیں، آپریشن بنیان المرصوص ومعرکہ حق میں کامیابی کے بعد آج دنیا میں پاکستان ایک مختلف پہچان رکھتا ہے۔ ورکشاپ کے شرکاء کا کہنا تھا کہ ہم کور کمانڈر کی عزت افزائی اور پرتپاک استقبال پر انکے شکر گزار ہیں، خیبر پختونخوا کی عوام بھارت کو منہ توڑ جواب دینے پر پاک فوج کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہے۔

کراچی، شاہ لطیف ٹاؤن میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک، پانچ فرار

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے شاہ لطیف ٹاؤن میں پولیس اور ملزمان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک ملزم ہلاک جبکہ پانچ ملزمان فرار ہو گئے۔ ایس ایس پی ملیر کے مطابق واقعہ شیدی گوٹھ پل کے قریب پیش آیا جہاں شاہ لطیف پولیس نے موٹر سائیکل پر سوار مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا۔ ایس ایس پی ملیر خالق پیرزادہ کے مطابق پولیس کے رکنے کے اشارے پر مسلح ملزمان نے پولیس پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔

نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان شکرگڑھ ہسپتال میں مریضوں کی خیریت دریافت کر رہے ہیں۔

کراچی، ایسٹ انویسٹی گیشن ون کی کارروائی، 100 سے زائد بچوں سے زیادتی کا ملزم گرفتار

ملزم نے 100 سے زائد بچوں سے زیادتی کی، گرفتار ملزمان میں مرکزی ملزم عمران اور وقاص خان شامل

کراچی (این این آئی) کراچی میں ایسٹ انویسٹی گیشن ون نے رواں سال کی سب سے بڑی کارروائی کرتے ہوئے بچوں سے زیادتی میں ملوث ملزم کو ساتھی سمیت گرفتار کر لیا۔ ایس پی انویسٹی گیشن عثمان سدوزئی نے دعویٰ کیا کہ ملزم نے 100 سے زائد بچوں سے زیادتی کی، گرفتار ملزمان میں مرکزی ملزم عمران اور وقاص خان شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم نے متاثرہ بچے کی نشاندہی پر ٹیپو سلطان کے علاقے میں کارروائی کی۔

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے متحدہ عرب امارات کی شاہی فیملی کے شیخ احمد بن خلیفہ آل مکتوم ملاقات کر رہے ہیں۔

کراچی میں بچوں سے زیادتی کرنے والے ملزم کی گرفتاری بڑی کامیابی

ابھی تک صرف 7 متاثرین سامنے آئے ہیں، پولیس باقی متاثرین کو تلاش کرے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کراچی میں بچوں سے زیادتی میں ملوث ملزم کی گرفتاری پر پولیس کو شاباش دی ہے۔ اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ چائلڈ ابیوز کے کیسز کسی صورت برداشت نہیں کروں گا، کراچی میں بچوں سے زیادتی کرنے والے ملزم کی گرفتاری بڑی کامیابی ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ ابھی تک صرف 7 متاثرین سامنے آئے ہیں، پولیس باقی متاثرین کو تلاش کرے، ملزم کے خلاف شواہد کی بنیاد پر کیس عدالت میں لے جایا جائے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے اے آئی جی کو ہدایت دی کہ مجھے روزانہ کی بنیاد پر کیس کی پیشرفت رپورٹ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کے لیے بچوں سے زیادتی ناقابل قبول ہے، بچوں کے تحفظ کے لیے حکومتِ سندھ نے کئی اقدامات کیے ہیں۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ پولیس ملزمان کو سزا دلوانے کے لیے بھرپور اقدامات کرے، شہر میں کسی درندے کے لیے کوئی جگہ نہیں۔

فیصل میر، ڈاکٹر عائشہ کو بھاری ذمہ داری ملی، امید ہے وہ سب کو ساتھ لیکر چلیں، ثمینہ خالد گھرکی

سوچنے کے انداز کو گروپ بندی نہیں سمجھتا، سب کو ساتھ لیکر چلیں گے، صدر پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن فیصل میر

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی ثمینہ خالد گھرکی نے کہا ہے کہ فیصل میر اور ڈاکٹر عائشہ کو بھاری ذمہ داری ملی ہے، امید ہے وہ سب کو ساتھ لیکر چلیں۔ وہ ڈیفنس میں اپنی رہائش گاہ پر پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن اور رورل ڈویژن کے نومنتخب عہدیداروں کے اعزاز میں تقریب سے خطاب کر رہیں تھیں۔ اس موقع پر حاجی عزیز الرحمن چن، میاں ایوب، عقیلہ یوسف، فیصل میر، ڈاکٹر عائشہ شوکت، رانا جمیل منج، آصف محمود ہاشمی، شمیم صفدر، نرگس خان، صغیرہ اسلام، مسز عرفان، فائزہ ملک، آصف محمود ناگرہ، امجد جٹ، منیر ڈگرا، سفیان خالد گھرکی، عامر نصیر بٹ، امجد علی، مجید غوری، راو خالد ایڈوکیٹ، راو شجاعت، رانا اشعر نثار، ندیم ملک، عبدالرحمن لودھی، شباز درانی، خرم فاروق ایڈوکیٹ بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن کے نومنتخب صدر فیصل میر نے کہا کہ پنجاب کا لینڈ سکیپ چینج کر کے بلاول بھٹو کو وزیر اعظم بنوائیں گے اور کارکنوں کے مشورے سے لاہور شہر میں پارٹی کا نیا دفتر بنائیں گے۔

کراچی: ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد کراچی پریس کلب میں دو روزہ فلاور شو کا افتتاح کر رہے ہیں۔

جنرل ہسپتال میں 23 لاکھ سے زائد مریضوں کا بغیر پرچی فیس علاج ہوا، پروفیسر فاروق افضل

مخیر حضرات کے تعاون سے مریضوں، انکے لواحقین کو تینوں وقت کا کوالٹی کھانے کی فراہمی، ایم ایس پروفیسر فریاد حسین

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ''صحت سب کیلئے'' پالیسی پر مؤثر اور مربوط عملدرآمد کے نتیجے میں لاہور جنرل ہسپتال میں گزشتہ سال ایمرجنسی اور آؤٹ ڈور شعبہ جات میں مجموعی طور پر 23 لاکھ 24 ہزار 166 مریضوں کو بغیر کسی پرچی فیس کے طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ یہ بات پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے ایل جی ایچ کی 2025 کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ 2024 کے مقابلے میں مریضوں کی تعداد میں 3 لاکھ 65 ہزار 57 کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے صوبے کے دیگر ہسپتالوں سے ریفر ہو کر آنے والے مریضوں کے مکمل اور شفاف ریکارڈ کی تیاری پر ڈاکٹر انعم بتول کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی۔ پروفیسر فاروق افضل کہتے ہیں کہ ایسے اقدامات سے نہ صرف ہسپتال کی مجموعی کارکردگی میں بہتر ہوگی

کراچی: ایکسپو سینٹر میں تین روزہ کمانڈر سٹی نمائش کے موقع پر خواتین اسٹال سے معلومات لے رہی ہیں۔

وزارت صنعت و پیداوار کا پاکستان اسٹیل میں چوریوں پر ایف آئی اے کو خط

اسکریپ چوری میں ملوث ملازمین اور سرپرست افسران کی نشاندہی کی درخواست

کراچی (این این آئی) وزارت صنعت و پیداوار نے پاکستان اسٹیل میں چوریوں پر ایف آئی اے کو خط لکھ دیا۔ خط میں پاکستان اسٹیل میں قیمتی اثاثوں، مشینری، کیبلز اور اسکریپ چوری کی تحقیقات اور 24 دسمبر کی اسکریپ چوری میں ملوث ملازمین اور سرپرست افسران کی نشاندہی کی درخواست کی گئی ہے۔ وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق دسمبر میں 36 ٹن اسکریپ چوری کا واقعہ پیش آیا تھا جس میں ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ سامان برآمد کیا گیا، گیٹ نمبر 05 سے بغیر پاس چوری شدہ سامان کی نقل وحمل کی گئی، ملزمان سجاد حسین خان اور نثار احمد پر اسکریپ چوری میں سہولت کاری کا الزام ہے۔ گمراہ کن بیان کے باعث ملزمان کی ضمانت منظور ہونے کا انکشاف ہوا، اندرونی انکوائری میں پاکستان اسٹیل اور ڈی ایس جی سیکیورٹی کی کوتاہی سامنے آ گئی، خط میں ایف آئی اے سے افسران، سیکیورٹی گارڈز، ڈی ایس جی اور اسکریپ ڈیلرز کے خلاف جامع تحقیقات کی سفارش کی گئی۔

بھانجی سے جنسی زیادتی کے ملزم کی سزا کیخلاف اپیل پر سماعت کے دوران عدالت کا اظہار برہمی

ماموں کا رشتہ بہت پیارا ہوتا ہے اس اعتماد کو توڑنے والے کو سزا ضرور ملنی چاہئے، جسٹس محمد اقبال کلہوڑو

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے بھانجی سے زیادتی کے ملزم کی سزا کیخلاف اپیل کی سماعت پولیس فائل نہ ہونے کے باعث ملتوی کر دی۔ ہائیکورٹ میں بھانجی سے زیادتی کے ملزم کی سزا کیخلاف اپیل کی سماعت ہوئی، ملزم کے وکیل نے زیادتی کا شکار بچی کی والدہ کو عدالت بلا لیا۔ اجازت کے بغیر خاتون کو بلانے پر عدالت برہم ہو گئی۔ عدالت نے وکیل سے مکالمہ میں کہا کہ آپ زیادتی کا شکار بچی کی والدہ کو بلا کر کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں، اپیل کنندہ کے وکیل نے موقف دیا کہ بچی کی والدہ عدالت سے کچھ کہنا چاہتی ہیں، اس لیے عدالت آئی ہیں۔ جسٹس محمد اقبال کلہوڑو نے ریمارکس دیے کہ والدہ خود نہیں آئیں، آپ انہیں پڑھا سکھا کر یہاں لائے ہیں، یہ قتل کا مقدمہ نہیں کہ ورثا معاف کر دیں تو کیس ختم ہو جائے، ماموں کا رشتہ بہت پیارا ہوتا ہے اس اعتماد کو توڑنے والے کو سزا ضرور ملنی چاہیے۔ اپیل کے موقع پر یہ ہتھکنڈے استعمال کر کے آپ کوئی فائدہ حاصل نہیں کر سکتے۔

نارووال ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان شکرگڑھ میں دکان پر پھلوں کی قیمتیں چیک کر رہے ہیں۔

استور سمیت بالائی علاقوں میں شدید برف باری، زمینی رابطہ منقطع

پنجاب میں موسم کا نیا سسٹم داخل ہو گیا، شدید سردی، بارش اور برف باری کی پیش گوئی

اسلام آباد/استور/کراچی (این این آئی) شدید برف باری سے کئی استور اور شمالی بالائی علاقوں کا زمینی رابطہ منقطع ہو گیا جس کے باعث لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیلات کیمطابق استور سمیت مختلف پہاڑی علاقوں میں کئی گھنٹے مسلسل برف باری کا سلسلہ جاری رہا جس کے باعث موسم مزید سرد ہو گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق برف باری سے نظام زندگی مفلوج ہو گیا ہے اور کئی علاقوں کا زمینی رابطہ بھی منقطع ہو گیا جس کے باعث لوگ گھروں میں محصور ہو گئے۔ ادھر پی ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب میں موسم کا نیا سسٹم داخل ہو گیا جس کے بعد شدید سردی، بارش اور برف باری کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ 20 سے 23 جنوری کے دوران مری، گلیات اور دیگر پہاڑی علاقوں میں شدید برفباری اور بارش کا امکان ہے۔ اسی دوران پنجاب کے بیشتر اضلاع میں بھی بارش متوقع ہے۔ انہوں نے ہدایت کی ہے کہ ایمرجنسی کنٹرول رومز میں عملے کو 24 گھنٹے الرٹ رکھا جائے

سرگودھا ٹریفک حادثہ، ایک ہی خاندان کے بچوں سمیت 14 افراد جاں بحق

وزیر اعلیٰ پنجاب کا 14 افراد کے جاں بحق، متعدد کے زخمی ہونے کے افسوسناک حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار

سرگودھا/لاہور (این این آئی) سرگودھا کے قریب شدید دھند کے باعث پیش آنے والے المناک ٹریفک حادثے میں ایک ہی خاندان کے خواتین اور بچوں سمیت 14 افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہو گئے جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایک ہی خاندان کے 14 افراد کے جاں بحق اور متعدد کے شدید زخمی ہونے کے افسوسناک حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر کا ادارہ ایس او ایس ویلج کا دورہ، مقیم بچوں سے ملاقات، کیک کاٹا

سرگودھا (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر نے ادارہ ایس او ایس ویلج کا دورہ کر کے مقیم بچوں سے ملاقات کرتے ہوئے ان کے ہمراہ کیک کاٹا۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر شیریں گل نے ادارہ ایس او ایس ویلج کا دورہ کر کے مقیم بچوں سے ملاقات کرتے ہوئے ان کی تعلیمی سرگرمیوں، صحت اور روزمرہ معمولات پر گفتگو میں ان کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ وہ دل لگا کر تعلیم حاصل کریں اور اپنی صلاحیتوں کو مثبت سمت میں استعمال کریں۔

چوہدری شافع حسین کی جامعہ اشرفیہ آمد، مولانا فضل الرحیم اشرفی کے انتقال پر متعلقین سے اظہار تعزیت

مولانا فضل الرحیم اشرفی ایک بلند پایہ عالم دین اور کئی دینی کتابوں کے مصنف تھے، صوبائی وزیر اوقاف ومذہبی امور

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اوقاف ومذہبی امور چوہدری شافع حسین جامعہ اشرفیہ گئے جہاں انہوں نے مہتمم جامعہ اشرفیہ مولانا فضل الرحیم اشرفی کے انتقال پر متعلقین سے اظہار تعزیت کیا۔ صوبائی وزیر نے مرحوم کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ صوبائی وزیر اوقاف ومذہبی امور چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحیم اشرفی ایک عظیم مذہبی سکالر، بلند پایہ عالم دین اور کئی دینی کتابوں کے مصنف تھے۔ مرحوم نے پوری زندگی دینی تعلیمات کی ترویج اور علوم اسلامیہ کی خدمت میں گزار دی۔ ان کی لازوال دینی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ مولانا فضل الرحیم اشرفی کی اسلام کیلئے خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ مرحوم ایک ملنسار اور خوش اخلاق شخصیت کے حامل تھے۔

لاہور: ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء عمر نواز گوندل کے ہمراہ الحمراء اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹس کے اساتذہ کا گروپ فوٹو۔

وزارت تجارت نے سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں فیلڈ آفس قائم کر دیا

سرگودھا (این این آئی) وزارت تجارت حکومت پاکستان نے سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں فیلڈ آفس قائم کر دیا جس کا مقصد سٹرس فروٹ پیدا کرنے والے علاقہ میں کاشت کاروں، برآمد کنندگان اور متعلقہ اداروں کے ساتھ براہِ راست روابط کو مضبوط بنانا ہے۔ اس فیلڈ آفس کا افتتاح کرتے ہوئے صدر چیمبر خواجہ یاسر قیوم نے اس کو کینو کے شعبے میں، بالخصوص برآمدات، کے دیرینہ مسائل کے حل کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔

پنجاب، ایم ون، ایم تھری اور ایم فور کے مختلف سیکشنز دھند کے سبب بند

پریشانی سے بچنے کیلئے شہری دن کی روشنی میں سفر مکمل کریں، ترجمان موٹروے پولیس کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے بعض دیگر علاقوں میں شدید دھند کی وجہ سے متعدد موٹرویز ٹریفک کیلئے بند کر دی گئیں۔ ترجمان سنٹرل ریجن موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے ایم 2 لاہور سے کوٹ مومن تک، موٹروے ایم 3 فیض پور سے سمندری تک اور موٹروے ایم 4 پنڈی بھٹیاں سے گوجرہ تک دھند کی وجہ سے بند کی گئی۔ اسی طرح لاہور سیالکوٹ موٹروے ایم 11 بھی دھند کی وجہ سے ٹریفک کیلئے بند کی گئی۔ ترجمان موٹروے پولیس نے ہدایت کی کہ پریشانی سے بچنے کے لیے شہری صبح 10 بجے سے رات 8 بجے کے درمیان سفر مکمل کریں، رات کے وقت غیر ضروری سفر سے گریز کریں، گاڑی میں فوگ لائٹس کا استعمال کریں، وائپرز درست حالت میں رکھیں۔ ترجمان کے مطابق اگلی گاڑی سے فاصلہ معمول سے زیادہ رکھیں، دھند میں ہائی بیم کا استعمال ہرگز نہ کریں۔

ایف آئی اے امیگریشن عملے میں اضافے اور پری ڈیپارچر ایپ کے اجرا کا اعلان

سوشل میڈیا پر امیگریشن کی کارکردگی سے متعلق غلط فہمیوں کے حوالے سے ڈی جی ایف آئی اے نے اسلام آباد ائرپورٹ کا دورہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) سوشل میڈیا پر ایف آئی اے امیگریشن کی کارکردگی سے متعلق غلط فہمیوں کے حوالے سے ڈی جی ایف آئی اے راجا رفعت مختار نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ کیا۔ ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق اسلام آباد انٹرنیشنل ائرپورٹ پر روزانہ 94 بین الاقوامی پروازوں کی ہینڈلنگ کی جاتی ہے، یومیہ 10 ہزار سے زائد بین الاقوامی مسافروں کی امیگریشن کلیئرنس ہوتی ہے۔

کوئٹہ، انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث ملزم گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کوئٹہ نے انسانی اسمگلنگ میں ملوث سابقہ ریٹائرڈ ملازم کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم محمد اسماعیل ویزا فراڈ اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث ہے جس کی گرفتاری کوئٹہ سے عمل میں آئی، گرفتار ملزم سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے کے نام پر اپنے جال میں پھنساتا تھا۔ ملزم نے شہری کو آسٹریلیا بھجوانے کا جھانسہ دے کر مجموعی طور پر 55 لاکھ روپے ہتھیائے، ملزم نے بھاری رقوم وصول کر کے متاثرہ شخص کو آسٹریلیا کا جعلی ای ویزا فراہم کیا۔

الیکشن کمیشن رائے دہندگان کا استحصال کر رہا ہے، راہول گاندھی

لوگوں کا جمہوریت پر سے بھروسہ اٹھ چکا ہے، ووٹ چوری ملک دشمنی کی حرکت ہے، بیان

نئی دلی (این این آئی) بھارت میں کانگریس کے مرکزی رہنما راہول گاندھی نے الیکشن کمیشن کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ووٹ چوری ملک دشمنی کی حرکت ہے، الیکشن کمیشن نفسیاتی حربے اختیار کرتے ہوئے شہریوں کا استحصال کر رہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق راہول گاندھی نے سماجی رابطوں کی سائٹ ''ایکس'' پر میڈیا کی ایک رپورٹ شیئر کی جس میں کہا گیا تھا کہ حزب اختلاف اور رائے دہندگان سیاہی کے مٹتے نشانات پر شدید اعتراض کر رہے ہیں۔ راہول گاندھی نے لکھا کہ لوگوں کا جمہوریت پر سے بھروسہ اٹھ چکا ہے، ووٹ چوری ملک دشمنی کی حرکت ہے۔ ریاست مہاراشٹر کے علاقے بلدی کے انتخابات میں استعمال کی گئی سیاہی کے معیار پر سوالات اٹھے ہیں۔ حزب اختلاف نے کہا کہ رائے دہندگان کی انگلی پر لگایا جانے والا نشان آسانی سے مٹ رہا ہے اور بوگس ووٹنگ کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔

سوات، کھیت میں بارودی مواد کے دھماکے سے آٹھ سالہ بچہ جاں بحق، بہن شدید زخمی

سوات (این این آئی) سوات کی تحصیل مٹہ کے علاقے کمالے اویشا میں کھیت میں پڑے بارودی مواد کے دھماکے سے افسوسناک واقعہ پیش آیا جس کے نتیجے میں آٹھ سالہ عبدالہادی موقع پر جاں بحق اور پانچ سالہ بہن مدیحہ شدید زخمی ہو گئی۔ پولیس کے مطابق دونوں بچے اپنے گھر کے قریب کھیت میں موجود تھے کہ اچانک دھماکہ ہو گیا، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کے اہلکار موقع پر پہنچے

طاہر کھوکھر کا پاک ترک معارف فاؤنڈیشن کے ہیڈ آفس کا دورہ

فاؤنڈیشن کی پرنسپل زرفشاں عدنان، ایڈمن آفیسر رملہ یاسمین اور دیگر اعلیٰ ذمہ داران سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) پاسبان وطن پاکستان کے مرکزی صدر سینئر پارلیمنٹرین و سابق وزیر حکومت آزاد کشمیر محمد طاہر کھوکھر کا ہمراہ نائب صدر پاسبان وطن نورین نور و سیکرٹری اطلاعات احسن رشید ڈار کے ہمراہ پاک ترک معارف فاؤنڈیشن کے ہیڈ آفس اسلام آباد کا تفصیلی دورہ کیا، دورے کے دوران انہوں نے فاؤنڈیشن کی پرنسپل زرفشاں عدنان، ایڈمن آفیسر رملہ یاسمین اور دیگر اعلیٰ ذمہ داران سے ملاقات کی اور فاؤنڈیشن کی تعلیمی، فلاحی اور سماجی خدمات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ پرنسپل محترمہ زرفشاں عدنان و دیگر ذمہ داران سے ملاقات کی۔ طاہر کھوکھر نے ترک معارف فاؤنڈیشن کے پاک ترک انٹرنیشنل سکولز کی پاکستان میں فلاحی وتعلیمی میدان خصوصاً 2005 کے زلزلہ کے بعد آزاد کشمیر میں حکومت ترکیہ وعوام کی بحالی وتعمیر نو کے ضمن میں بے مثال خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔

لاہور: پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی ثمینہ خالد گھرکی کا لاہور ڈویژن کے نومنتخب عہدیداران کے اعزاز میں منعقدہ تقریب میں گروپ فوٹو۔

کراچی ایئرپورٹ پر مسافر سے 100 تولہ سونے کی 10 اینٹیں برآمد

سونا اور غیر ملکی کرنسی دبئی اور استنبول جانے والے مسافروں سے برآمد ہوئی، حکام

کراچی (این این آئی) ایئرپورٹ پر ایک مسافر سے 100 تولہ سونے کی 10 اینٹیں برآمد ہوئیں۔ ایف بی آر کے مطابق پاکستان کسٹمز نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر سونے کی اسمگلنگ کی 2 کوششیں ناکام بنا دیں، جس میں 100 تولہ سونا اور 11 ہزار 900 امریکی ڈالر ضبط کر لیے گئے۔ جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر 2 الگ کارروائیوں میں سونے کی 10 اینٹیں برآمد ہوئیں۔

مسلم لیگ (ن) کو ایک مرتبہ پھر شدید سیاسی دھچکے کا سامنا

لنجوٹ سے تعلق رکھنے والے معروف سماجی وکاروباری شخصیت ٹھیکیدار سردار شاہپال کا پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان

نکیال (این این آئی) جاوید اقبال بڈھانوی کی متحرک، مدبر اور عوام دوست قیادت کے باعث پاکستان پیپلز پارٹی کو ایک اور بڑی سیاسی کامیابی حاصل ہو گئی، مسلم لیگ (ن) کو ایک مرتبہ پھر شدید سیاسی دھچکے کا سامنا کرنا پڑا، لنجوٹ سے تعلق رکھنے والے معروف سماجی وکاروباری شخصیت ٹھیکیدار سردار شاہپال نے مسلم لیگ (ن) سے علیحدگی اختیار کرتے ہوئے جاوید اقبال بڈھانوی کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کر دیا۔ اس موقع پر وزیر خوراک وٹیوٹا جاوید اقبال بڈھانوی نے سردار شاہپال اور ان کے ساتھیوں کو پیپلز پارٹی میں شامل ہونے پر دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا اور اسے پارٹی کیلئے باعث تقویت قرار دیا۔ جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت جمہوریت آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کی علمبردار جماعت ہے۔

بھانجی سے جنسی زیادتی کے ملزم کی سزا کیخلاف اپیل پر سماعت کے دوران عدالت کا اظہار برہمی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے بھانجی سے زیادتی کے ملزم کی سزا کیخلاف اپیل کی سماعت پولیس فائل نہ ہونے کے باعث ملتوی کر دی۔ ہائیکورٹ میں بھانجی سے زیادتی کے ملزم کی سزا کیخلاف اپیل کی سماعت ہوئی، ملزم کے وکیل نے زیادتی کا شکار بچی کی والدہ کو عدالت بلا لیا۔ اجازت کے بغیر خاتون کو بلانے پر عدالت برہم ہو گئی۔ عدالت نے وکیل سے مکالمہ میں کہا کہ آپ زیادتی کا شکار بچی کی والدہ کو بلا کر کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

راولپنڈی: واپڈا اہلکار کرین پر چڑھے بجلی کی تاریں مرمت کرنے میں مصروف ہے۔

بلوچستان کے طالبعلم نے کیلے کے تنے سے قدرتی فائبر تیار کر کے عالمی ایوارڈ جیت لیا

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے طالبعلم محمد سرفراز نے کیلے کے تنے سے قدرتی فائبر تیار کر کے ''ڈسکور نیچرل فائبر انیشی ایٹو'' ایوارڈ جیت لیا۔ ایوارڈ کا اعلان جرمنی کے شہر فرینکفرٹ میں جاری ہوم ٹیکسٹائل کی عالمی نمائش ہیم ٹیکسٹائل کے موقع پر کیا گیا، مقابلے میں دنیا بھر کے 100 سے زائد تحقیقی اداروں، کمپنیوں اور تعلیمی اداروں نے شرکت کی۔ محمد سرفراز کے منصوبے کو ماحولیاتی اہمیت اور تجارتی صلاحیت کی وجہ سے توجہ حاصل ہوئی۔

سہیل آفریدی مثبت بات کریں تو ویلکم کہیں گے، گورنر سندھ

پی ٹی آئی نے 4 سال میں لوگوں کو گالیاں دینا سکھایا ہے، کامران خان ٹیسوری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ اگر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا مثبت بات کریں تو انہیں ویلکم کہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ خدارا یہاں آ کر منفی باتیں نہ کریں، توڑ پھوڑ کی سیاست نہ کریں، اب یہ ملک ایک اور 9 مئی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ کامران ٹیسوری نے کہا کہ پی ٹی آئی نے 4 سال میں لوگوں کو گالیاں دینا سکھایا ہے، ایک دن کاروبار بند ہونے سے اربوں روپے کا نقصان ہوتا ہے۔



دریائے سندھ کے کنارے آباد دو تاریخی شہر

کالاباغ اور ماڑی انڈس

سیاحوں کے لیے کشش کا باعث ان شہروں پر خصوصی رپورٹ

ڈاکٹر سید محمد عظیم شاہ بخاری

اگر آپ صوبہ پنجاب کا نقشہ دیکھیں تو آپ کو شمال مغرب میں ایک چونچ سی نکلی دکھائی دے گی جو شمال اور مغرب میں خیبر پختونخواہ سے گھری ہوئی ہے۔ یہ ضلع میانوالی ہے جس کے شمالی کونے میں دریائے سندھ کے مغربی کنارے پر ایک مشہور قصبہ نما شہر واقع ہے جس کے نام پر پاکستانی سیاست میں آج بھی ہلچل مچ جاتی ہے۔ یہ کالا باغ ہے جو تحصیل عیسیٰ خیل کا حصہ ہے اور کالا باغ ڈیم کا مجوزہ مقام بھی ہے۔

اس شہر کے نام کے پیچھے بھی ایک دل چسپ کہانی ہے۔ وہ یہ کہ اس شہر کے بانی نواب آف کالاباغ نے یہاں وسیع و عریض رقبے پر آموں کے باغات لگوائے۔ یہ باغات اتنے گھنے تھے کہ اکثر دھوپ میں ان کے گہرے سبز پتے راہ چلتے لوگوں کو کالے محسوس ہوتے تھے۔ نظر کے اس دھوکے نے اس شہر کو کالے باغات کا شہر یعنی "کالاباغ" کا نام دے دیا، جس کی وجہ سے یہاں کے نواب بھی نواب آف کالا باغ کے نام سے جانے گئے۔

اس نام کے متعلق ایک اور رائے بھی ہے۔ ترکی زبان میں کالا سے مراد "مال" اور باغ سے مراد "منڈی" کے ہیں۔ کالاباغ کا یہ نام تجارتی اور گھریلو صنعت کے حوالے سے بہت حد تک درست بھی ہے۔

تاریخ بتاتی ہے کہ نواب آف کالا باغ کی ریاست سکھ دور سے پہلے آج کے بنوں، ڈیرہ اسمٰعیل خان، بھکر اور میانوالی تک پھیلی ہوئی تھی، جب کہ آج کا کالاباغ شہر نواب کے قلعے کے اردگرد تک پھیلا ہوا ہے۔ قلعہ نواب صاحب کے نام سے پکارا جانے والا یہ قلعہ آج بھی نوابوں کی رہائش گاہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

قومی اور عالمی سطح پر اس شہر کے دو تعارف ہیں، ایک نواب آف کالاباغ جو مغربی پاکستان کے گورنر تھے جب کہ دوسرا بدنصیب کالاباغ ڈیم جو آج تک تعمیر نہ ہوسکا۔ لیکن میری نظر میں یہ شہر ان چیزوں سے بڑھ کر ہے۔ ایک چھوٹے سے قصبہ نما شہر میں آپ کو بہت کچھ ملے گا۔ ایک سیاح کے لیے یہ کسی خزانے سے کم نہیں ہے۔ یہاں واقع سلسلہ کوہ نمک اور سرخ پہاڑیوں کا حسن اپنی مثال آپ ہے اوپر سے پہاڑوں کے درمیان سے دریائے سندھ کے بہاؤ کا قدرتی نظارہ بھی قابل دید ہے۔ آیئے اس چھوٹے سے شہر میں پھیلے عجائبات کا جائزہ لیتے ہیں۔

کالاباغ ریلوے برج:

جب خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع ٹانک اور بنوں کو ریلوے لائن کے ذریعے پنجاب اور دیگر علاقوں سے منسلک کرنے کا منصوبہ بنایا گیا تو کالاباغ کے مقام پر ایک پُل کی ضرورت محسوس کی گئی جس پر سے ریل گزاری جا سکے۔ نارتھ ویسٹ ریلوے کے افسر ڈبلیو۔ڈی کروکشینک کی 1929 میں مرتب شدہ رپورٹ میں لکھا ہے کہ: اس پُل کے لیے 1888 سے سروے شروع کردیے گئے، جب کہ 1919 سے 1924 تک تمام انتظامات مکمل کرلیے گئے۔ آخرکار 1927 میں اس منصوبے کی منظوری دے کر کام شروع کردیا گیا۔ یہ پل صرف ریل کے گزرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا جس پر پیدل چلنے والوں کے لیے کوئی انتظام نہ تھا۔ اس نے سندھ کے مشرق میں چوڑے گیج کی لائن کو مغرب میں واقع 2 فٹ 6 انچ کی تنگ لائن سے منسلک کرنا تھا۔ پل کا بنیادی مقصد ریل کو لاہور سے آگے بنوں اور کوہاٹ سے لے کر وزیرستان تک پہنچانا تھا تاکہ برطانوی افواج کو رسد مہیا کی جاسکے۔

مگر ہماری بدقسمتی کہ 1990 میں ریل کے نظام پر اسی پل کے مقام پر "ٹِل اسٹاپ" لگا دیا گیا یعنی ماڑی اسٹیشن جو عین اس پل کے مشرقی حصے پر واقع ہے وہاں تک ریل کا سفر محدود ہوگیا۔ اس پل کو ٹھیک اس جگہ بنایا گیا ہے جہاں سے دریائے سندھ پہاڑیوں سے نکل کر میدانی علاقے میں داخل ہوتا ہے۔ 1929 کے سیلاب کے بعد پل کا ڈیزائن بدلا گیا اور اسے ماڑی انڈس کی طرف سے خشکی پر اور لمبا کردیا گیا۔

ماڑی اور کالاباغ کو ملانے والا یہ پل ایوب خان کے دور تک پختونخواہ اور پنجاب کی سرحد پر تھا مگر بعد میں بنوں کی ایک تحصیل عیسیٰ خیل کو میانوالی کے ساتھ ملا دیا گیا اور یہ صوبہ پنجاب کی جھولی میں آگیا۔

جو ٹریک ماڑی سے بنوں تک بچھایا گیا تھا اس کی چوڑائی صرف اڑھائی فٹ تھی اور اس پل کی تعمیر بھی ٹریک کے مطابق ہی کی گئی تھی۔ 1995 تک یہاں سے مسافر ٹرین بنوں تک جاتی رہی جسے بعدازاں مستقل طور پر بند کردیا گیا اور یہ پل حکام کی عدم توجہ سے خستہ حالی کا شکار ہوگیا۔ اس کی تعمیر میں استعمال کیے گئے دیار کی لکڑی کے پھٹے ٹوٹ جانے کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں ضائع بھی ہوئیں۔

تقریباً ایک صدی پرانا یہ پل آج پاکستان کا سب سے قدیم پل مانا جاتا ہے، جس پر کھڑے ہوکر آپ بیک وقت کالاباغ، بوہڑ بنگلہ، ماڑی انڈس اور جناح بیراج کا نظارہ کرسکتے ہیں۔ یقیناً یہ پل کسی شاہ کار سے کم نہیں۔

بوہڑ بنگلہ:

دریائے سندھ کے کنارے نواب آف کالاباغ کے تاریخی مہمان خانے کو "بوہڑ بنگلہ" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ اس کی وجہ تسمیہ بنگلہ کے وسط میں ڈیڑھ سو سالہ پُرانا "برگد" کا ایک درخت ہے۔ نواب آف کالاباغ اسی درخت کے نیچے بیٹھک لگا کر عوام الناس کے مسائل سنا کرتے اور موقع پر فیصلہ کیا کرتے تھے۔ اس بنگلے میں ملکہ الزبتھ سے لے کر پرویز مشرف تک بے شمار ملکی اور غیر ملکی شخصیات جن میں جواہر لعل نہرو اور سعودی عرب کے شاہ فیصل بھی شامل ہیں، قیام کرچکی ہیں۔ سفید رنگ کے اس بنگلے کو میانوالی کی سیاست میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ضلع کی سیاست میں جو فیصلہ بوہڑ بنگلہ کردیتا وہی پورے ضلع کا فیصلہ ہوا کرتا۔ ایک طرف دریائے سندھ کا ٹکراتا ہوا پانی تو دوسری جانب قدیم گھنا بوہڑ کا درخت، بوہڑ بنگلہ واقعی دیکھنے والوں کو مبہوت کر دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ بوہڑ بنگلے کی دوسری جانب ہی نواب آف کالاباغ کی رہائش گاہ، اصطبل اور مہمان خانہ واقع ہے۔ مہمان خانے کی عمارت بھی اپنی مثال آپ ہے جسے دیکھنے دور دور سے لوگ آتے ہیں۔ یہ مہمان خانہ ایک استقبالی کمرے، ایک ہال، ڈائننگ روم اور ایک برآمدے پر مشتمل ہے جس کے ساتھ کھلا صحن واقع ہے۔ اس عمارت کو بھورے پہاڑی پتھر سے بنایا گیا ہے۔ یہاں سے کالاباغ کی پہاڑیوں کا دل کش نظارہ کیا جا سکتا ہے۔ اس مہمان خانے میں نواب صاحب کی چند قیمتی تصاویر، دستاویزات اور غیرملکی سربراہوں کی طرف سے دیے جانے والے تحائف بھی رکھے گئے ہیں، جب کہ کھانے کے کمرے میں برطانوی طرز کے برتن اور دیگر اشیاء موجود ہیں۔ یہ مہمان خانہ ہر خاص و عام کے لیے کھلا ہے۔ اگر آپ کالاباغ جائیں تو بوہڑ بنگلہ دیکھے بنا واپس مت آئیے گا۔

سلاگر:

دریائے سندھ کے علاوہ کالاباغ کی ایک پہچان "سلاگر" کا بلند و بالا پہاڑ بھی ہے جو کالاباغ کا سب سے بڑا پہاڑ ہے اور دور سے ہی نظر آجاتا ہے۔ سلاگر کے معنی ہیں مسلسل یا لگاتار کیوں کہ اس پہاڑ کی ڈھلوان لگاتار بڑھتی جاتی ہے اس وجہ سے اسے سلاگر کا نام دیا گیا ہے۔ اس پہاڑ کی چوٹی پر کچھ قبریں بھی موجود ہیں۔ تحقیق یہ بتاتی ہے کہ یہ ایک ہی دور کی قبریں ہیں جنہیں بعد میں اصحاب رسولﷺ سے منسوب کردیا گیا لیکن اس بارے میں حتمی طور پر کوئی کچھ نہیں بتا سکا۔

نمک کی کانیں:

ہم میں سے بہت سے لوگ جانتے ہیں کہ کھیوڑہ میں پاکستان کی سب سے بڑی نمک کی کان واقع ہے، لیکن اس کے علاوہ ہمیں کبھی کسی اور نمک کی کان کے بارے میں نہیں بتایا گیا۔ آج میں آپ کو بتاتا ہوں کہ کالاباغ شہر کے اندر ہی دو تین نمک کی کانیں واقع ہیں جن میں سے پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) سالٹ مائین سب سے مشہور ہے۔ یہ دریائے سندھ کے کنارے واقع ہے جہاں سے روم اور پلر کے اصول کے مطابق نمک نکالا جاتا ہے۔ یہاں کچھ چیمبر 80 میٹر تک گہرے ہیں جہاں آج بھی کاری گر ہاتھوں سے نمک نکالتے ہیں۔ یہاں تقریباً 13 مختلف اقسام اور رنگوں کا نمک نکالا جاتا ہے جسے چھوٹی چھوٹی ٹرالیوں میں بھر کر دوسرے شہروں کو منتقل کیا جاتا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق یہاں کا سفید و گلابی نمک 96 فی صد خالص ہے۔ 2018 میں یہاں سے ایک لاکھ بیالیس ہزار پانچ سو چالیس ٹن نمک نکالا گیا تھا۔

دریائے سندھ کے علاوہ کالاباغ کی ایک پہچان "سلاگر" کا بلند و بالا پہاڑ بھی ہے جو کالاباغ کا سب سے بڑا پہاڑ ہے اور دور سے ہی نظر آجاتا ہے۔ سلاگر کے معنی ہیں مسلسل یا لگاتار کیوں کہ اس پہاڑ کی ڈھلوان لگاتار بڑھتی جاتی ہے اس وجہ سے اسے سلاگر کا نام دیا گیا ہے

نمک کے علاوہ کالاباغ لوہے کی پیداوار میں بھی مشہور ہے۔ خام لوہے کے یہ ذخائر مکڑوال سے کالاباغ اور پھر سکیسر تک پھیلے ہوئے ہیں۔

کالاباغ کا ریلوے اسٹیشن:

اگرچہ یہ کوئی مشہور مقام نہیں ہے نہ ہی یہاں کوئی جاتا ہے لیکن عبرت پکڑنے کے لیے یہ جگہ سب سے بہتر ہے۔ ایک زمانے میں چہل پہل اور ریلوے انجن کی سیٹیوں سے گونجتا یہ خوب صورت ریلوے اسٹیشن آج ویران اور اجاڑ جگہ کا منظر پیش کررہا ہے۔ کالاباغ ریلوے اسٹیشن کے نام پر آج یہاں ایک بند دروازے والا گودام ہے جس کے سامنے چھوٹے بچے کرکٹ کھیلتے ہیں۔ اس کے ماتھے پر موہوم سے نشانات ہیں جنہیں غور سے پڑھیں تو کالاباغ کے الفاظ دکھائی دیں گے بس یہی اس کے ریلوے اسٹیشن ہونے کی نشانی ہے۔ اس کے سامنے آج بھی ریلوے کا تباہ حال ٹریک ہماری نااہلی کا رونا رو رہا ہے جس پر ایک زمانے میں بنوں تک ریل جایا کرتی تھی جسے بھاپ سے چلنے والے انجن کھینچتے تھے۔ بنوں جانے والی ٹرین کا دُخانی انجن جب یہاں رکتا تھا تو اس کے عقب میں سلاگر پہاڑ کا نظارہ دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا۔

جناح بیراج:

پنجاب میں دریائے سندھ اور جہلم کے بیچ کے دوآبے کو "سندھ ساگر دوآب" کہا جاتا ہے۔ یہ علاقہ زیادہ تر بنجر، بے آب و گیاہ زمینوں اور صحرائے تھل پر مشتمل تھا۔ پھر ایک شاہ کار منصوبے نے اس علاقے کی قسمت بالکل بدل دی اور یہ تھا 1946 میں دریائے سندھ پر بنایا جانے والا جناح بیراج جو کالاباغ سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ یہ بیراج تھل پراجیکٹ کا ایک حصہ ہے جس سے انیس لاکھ ایکڑ اراضی سیراب کی جاتی ہے۔ اس بیراج سے پانی گریٹر تھل کینال میں ڈالا جاتا ہے اور اس کے ذریعے میانوالی، بھکر، خوشاب، لیہ اور مظفرگڑھ تک کے اضلاع کی لاکھوں ایکڑ اراضی سیراب کی جاتی ہے۔ تھل کینال نہ صرف صحرائے تھل کی سرسبز و شادابی کی امین ہے بلکہ اہل تھل کے باسیوں کی معیشت کی شہ رگ بھی ہے۔ اس بیراج پر رات کا شان دار نظارہ کرنے لوگ دور دور سے آتے ہیں۔

اب چلتے ہیں ایک اور تاریخی شہر کی طرف جو کالاباغ برج کے دوسری جانب واقع ہے۔ یہ ہے ماڑی جسے ماڑی انڈس بھی کہا جاتا ہے۔ کہنے کو تو یہ ایک چھوٹا سا خوب صورت قصبہ ہے لیکن اس کی ایک مستند تاریخی، ثقافتی، جغرافیائی اور معاشی حیثیت ہے۔ ماڑی انڈس مندرجہ ذیل کی وجہ سے جانا جاتا ہے۔

ماڑی کا ہندو مندر:

ماڑی انڈس سے 2 کلومیٹر کے فاصلے پر سندھ کنارے ماڑی واقع ہے جو ایک قدیم گاؤں ہے۔ یہ جگہ اپنے قدیم ہندو مندروں کی وجہ سے جانی جاتی ہے۔ چھوٹی چھوٹی اور خوب صورت پہاڑیوں کے بیچ بسا ہوا یہ گاؤں زمانہ قدیم میں ہندو مذہب میں بہت اہمیت کا حامل تھا۔ یہاں مغرب کی طرف موجود ایک پہاڑی پر دو قدیم تاریخی ہندو "شِومنوتی مندر" واقع ہیں۔ تاریخ بتاتی ہے کہ سکندر اعظم نے اپنی فوجوں کے ساتھ یہاں پڑاؤ ڈالا تھا اور ماڑی کے مقام سے دریائے سندھ عبور کر کے دریائے جہلم کے کنارے پہنچا تھا جہاں راجا پورس کے ساتھ اس کا گھمسان کا رن پڑا تھا۔

انھیں دنوں ماڑی اور آس پاس کے علاقوں میں نندا خاندان کی حکومت تھی۔ اس وقت کی حکومت نے سکندر سے تعاون کرتے ہوئے اسے خوش آمدید کہا اور یہ علاقہ بغیر جنگ و جدل کے فتح ہوگیا تھا۔ سکندر کے جانے کے بعد یہاں کے حکم راں کے اپنے بیٹے چندر گپت موریہ سے اختلافات شدید ہوگئے تھے اور راجا نے زبردستی اسے اپنی سلطنت سے نکال دیا تھا۔ کسی طرح اس نے چند باغی اور ہم خیال لوگوں کی فوج بنائی اور ماڑی پر حملہ آور ہوگیا اور اپنے باپ کو شکست فاش دینے کے بعد اپنی حکومت قائم کرلی۔ چندر گپت موریہ کی جائے پیدائش کے بارے میں تاریخ بتاتی ہے کہ وہ میانوالی کے قریبی گاؤں پپلاں میں پیدا ہوا تھا اور انتہائی سخت جان اور باغی طبیعت کا مالک تھا۔

ان مندروں کا طرزِ تعمیر بھی کوہستان نمک کے دوسرے مندروں جیسا ہے جو کٹاس راج، ملوٹ، بلوٹ اور کافرکوٹ میں واقع ہیں۔ ماڑی کے ان مندروں تک جانے کے لیے دو اطراف سے پیدل ٹریک جاتے ہیں، جب کہ تیسری طرف دریائے سندھ اور چوتھی طرف قدرے ناہموار پہاڑی سلسلہ ہے۔

ماڑی انڈس ریلوے اسٹیشن:

اپنے خوب صورت اور قدیم طرز تعمیر اور تاریخی حیثیت کی بدولت ماڑی انڈس کا ریلوے اسٹیشن پورے ضلع میں ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ اس شہر کی رونق بھی اسی اسٹیشن سے ہے تو غلط نہ ہوگا۔

بچپن سے ہی ریلوے کے یادگار دور کو قریب سے دیکھا ہے اور شاید اسی وجہ سے ٹرینیں اور ریلوے اسٹیشن مجھے بہت مسحورکن لگتے ہیں۔ ٹرین کی آواز اور اس کے ہارن میں بھی ایک کشش سی محسوس ہوتی ہے۔ خالی مال گاڑیاں اور ویران پٹریاں مجھے بہت لبھاتی ہیں اور میرے جیسے لوگوں کے لیے ماڑی انڈس کا ریلوے اسٹیشن انتہائی خوب صورت ہے۔

خوب صورت پرانے طرز کے شیشوں والے دروازے اور کھڑکیاں، لکڑی کی پرانی بینچیں، سادہ سا پلیٹ فارم، لکڑی کی اونچی پانی کی ٹنکی اور ریلوے کا پرانا سامان، یوں لگتا ہے جیسے بندہ اَسّی یا نوّے کی دہائی کا کوئی دور دراز ریلوے اسٹیشن دیکھ رہا ہو۔ اس کے دو اطراف پہاڑیاں اور تھوڑے ہی فاصلے پر دریائے سندھ بہہ رہا ہے۔ یہاں جگہ جگہ مختلف پٹریاں بکھری ہوئی ہیں۔ 1891 میں بنائی گئی اس کی عمارت آج بھی کچھ مرمت کے بعد اسی طرح دل کش اور جاذبِ نظر ہے۔ اسٹیشن کے بہت سے حصے اب استعمال میں نہیں اور انہیں بند کردیا گیا ہے۔ کئی جگہوں پر ریل کے پہیئے اور دیگر سامان ضائع ہونے کے لیے چھوڑ دیا گیا ہے۔ پہلے یہاں صرف ایک گاڑی "اٹک پسنجر" آیا کرتی تھی لیکن اب دو نئی ٹرینیں چلانے کے بعد یہاں کی رونق میں کچھ اضافہ ہوا ہے۔

اس اسٹیشن کی ایک اور خاص بات یہ ہے کہ یہاں چوڑی اور تنگ پٹریوں کا ملاپ ہوتا ہے۔ اس کے ایک جانب چوڑے گیج والی پٹری ہے جو اسے لاہور سے ملاتی ہے جب کہ دوسری جانب تنگ پٹری ہے جو ماڑی کو کالاباغ، کمرمشانی، عیسیٰ خیل، لکی مروت اور آگے بنوں اور پھر ٹانک سے ملاتی ہے جو اب بند کردی گئی ہے۔ اس کی تاریخ انتہائی دل چسپ اور سبق آموز ہے۔

قصہ یوں ہے کہ تاج برطانیہ نے ماڑی انڈس کے مقام پر اپنی فوج کے لیے ایک اسلحہ ڈپو قائم کیا تھا۔ یہ ڈپو ان افواج کو اسلحہ فراہم کرتا تھا جو دریائے سندھ کے پار مغربی علاقوں جیسے بنوں، ٹانک، کوہاٹ اور وزیرستان میں تعینات تھے۔ یہ ڈپو آج بھی اسٹیشن کے ساتھ قائم ہے۔ ماڑی انڈس تک اسلحہ مرکزی چوڑی پٹری کے ذریعے لایا جاتا تھا لیکن اس کے پار مغرب میں اس قسم کا نظام بنانا آسان نہ تھا سو یہاں 2 فٹ 6 انچ کی تنگ پٹری بچھائی گئی جو ماڑی تا بنوں جاتی تھی۔ آگے بنوں کو ٹانک سے برانچ لائن کے ذریعے جوڑا گیا۔ یوں ریلوے کا ایک سستا اور چھوٹا نظام وجود میں آگیا جو برطانوی فوجوں کی سرحد تک نقل و حمل کو آسان بنانے میں مددگار ثابت ہوا۔

یہ ٹرینیں ملٹری کے ساتھ ساتھ سول مقاصد کے لیے بھی استعمال ہونا شروع ہوئیں اور لوگوں نے ان کے ذریعے سفر کرنا شروع کیا۔ لیکن ان کی رفتار اتنی سست ہوتی تھی کہ لوگ ان سے اتر کر آرام سے کھانے پینے کا سامان لے کر دوبارہ سوار ہوجاتے تھے۔ مقامی لوگوں میں یہ "چھوٹی ریل" کے نام سے مشہور تھی جسے 1913 میں نارتھ ویسٹرن ریلوے نے بچھایا تھا جب کہ 1916 میں اسے ٹانک جنکشن تک لے جایا گیا۔ پاکستان کی اس برانچ ریلوے لائن کی لمبائی اندازاً 122 کلومیٹر تھی جسے ماڑی انڈس ریلوے لائن بھی کہا جاتا تھا۔ افسوس کہ اس ٹریک کو 1995 میں بند کردیا گیا۔

بہت دھیمی رفتار سے اڑھائی فٹ کی پٹڑی پر چلنے والی یہ ٹرین زیادہ تر پاک فوج کی نقل و حرکت کے لیے استعمال ہوتی تھی۔ جب یہ ریلوے برِج میں داخل ہوتی تو نیچے سندھو ندی کا ٹھاٹیں مارتا پانی اور اوپر اِس کا دُھواں اُڑاتا اِنجن ایک مسحور کن نظارہ پیش کرتا۔ کالاباغ کے لوگ خصوصی طور پر اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کو گود میں اٹھائے ٹرین گزرنے کا نظارہ کراتے۔ یہاں کے لوگوں کے مطابق نواب امیر محمد خان اور ملکہ الزبتھ نے اس ٹرین پر ایک یادگار سفر کیا تھا۔ آج اس کے بند ہو جانے کے بعد کالاباغ، عیسیٰ خیل، لکی مروت اور بنوں کے اسٹیشن اُجاڑ ویرانوں کا منظر پیش کرتے ہیں جہاں زنگ لگی ہوئی پٹریوں کے علاوہ کچھ باقی نہیں۔

یہ تھے ضلع میانوالی کے وہ دو مشہور مقامات جو آپ کو زندگی میں ایک بار لازمی دیکھنے چاہییں۔ یہاں سے ایک طرف آپ میانوالی، نمل جھیل ور چشمہ بیراج جبکہ دوسری طرف عیسیٰ خیل اور لکی مروت بھی جاسکتے ہیں۔

ڈاکٹروں کی بیرون ملک "ہجرت"

پاکستان میں سالانہ ساڑھے تین ہزار سے زائد ڈاکٹر ملک چھوڑ کر جا رہے ہیں کیونکہ اُنہیں حکومت اور عوام کی جانب سے عزت نہیں دی جاتی، تنخواہ کم ہے اور ڈیوٹی ٹائمنگ اس کے مقابلے میں بہت زیادہ ہیں جبکہ مستقبل غیر محفوظ ہے۔ ایک اخباری رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال کے اقتصادی سروے کے اعداد وشمار سے پتہ چلتا ہے کہ کم وبیش ساڑھے سات لاکھ پاکستانیوں کے لئے صرف ایک ڈاکٹر موجود ہے اور اب اُن میں سے بھی سالانہ ہزاروں ڈاکٹر ملک چھوڑ کر باہر جا رہے ہیں۔ بیورو آف امیگریشن کے مطابق صرف گزشتہ سال ہی نہیں بلکہ 2024ء میں بھی تین ہزار چھ سو بیالیس ڈاکٹر دیگر ممالک چلے گئے تھے۔ شعبہ طب سے تعلق رکھنے والی تنظیموں کے ذمہ داران کی رائے میں ڈاکٹروں کے ملک چھوڑنے کی ایک وجہ سرکاری ہسپتالوں میں حد سے زیادہ ڈیوٹی ٹائم ہے جس کی وجہ سے اُنہیں خود صحت کے مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ ماہرین قلب اور ماہرین نفسیات نے کراچی میں ہونے والے قومی طبی فورم میں اِس بات کا انکشاف کیا تھا کہ پاکستان کے 60 فیصد سے زائد ڈاکٹر اور سرجن مستقل جسمانی وذہنی تھکن کا شکار ہیں جبکہ فضائی آلودگی، ٹریفک جام اور مریضوں کا غیر معمولی دباؤ ڈاکٹروں کو دِل کے امراض، شوگر، موٹاپے، ڈپریشن اور اینگزائٹی کی طرف دھکیل رہا ہے۔ پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن کے صدر پروفیسر عاطف حفیظ صدیقی کے نزدیک ڈاکٹروں کے ملک چھوڑ کر باہر جانے کی سب سے بڑی وجہ ان کا معاشی مسئلہ ہے، یہاں پرائیویٹ سیکٹر میں ڈاکٹروں کو جو تنخواہیں دی جا رہی ہیں اِس سے کم سرکاری ڈاکٹروں کو دی جاتی ہیں۔ پبلک سیکٹر میں گریڈ 17 کے ڈاکٹر کو ایک لاکھ سے زائد تنخواہ ملتی ہے جو اُن کی برسوں کی محنت کے مقابلے میں انتہائی کم ہے۔ دوسری بڑی وجہ طویل ڈیوٹی ہے، ڈاکٹر 24 سے 36 گھنٹے تک ڈیوٹی دے رہے ہوتے ہیں جبکہ سرکاری ہسپتالوں میں اکثر اوقات بنیادی سہولیات بھی فراہم نہیں کی جاتیں، صاف ستھرے واش روم، پینے کا صاف پانی، کھانے کی جگہ اور آرام کے لئے کسی کمرے وغیرہ کا بندوبست نہیں ہوتا۔ سرکاری ہسپتالوں کی انتظامیہ اور وارڈوں کے سربراہ ماتحت ڈاکٹروں کو اپنا ملازم سمجھتے ہیں جبکہ بیرون ملک بہتر تنخواہ ملتی ہے، ڈیوٹی کا وقت بھی متعین ہوتا ہے، جائز اور ضروری آسائشوں کے علاوہ عزت بھی ملتی ہے۔ اُنہوں نے بتایا کہ خیبر پختونخوا اور پنجاب میں تو اب ڈاکٹروں کو بھی کنٹریکٹ سسٹم پر رکھا جا رہا ہے، دو برس کے کنٹریکٹ پر ڈاکٹر کو علم ہی نہیں ہوتا کہ وہ کس مقام پر کھڑا ہے، کسی بھی وقت اُس کا کنٹریکٹ ختم کیا جا سکتا ہے۔ غیر محفوظ مستقبل ڈاکٹروں کی پاکستان میں رہ کر خدمت کرنے کی خواہش کو کمزور کر رہا ہے، انتظامیہ کے رویے کی وجہ سے نئے آنے والے ڈاکٹروں کی ٹریننگ بھی متاثر ہو رہی ہے، جب سینئر ڈاکٹروں کے ساتھ ناروا سلوک روا رکھا جائے گا، اُن کی عزتِ نفس کا خیال نہیں کیا جائے گا تو کون ملک میں رُکے گا، یہاں تو ڈاکٹروں پر الزام لگا دیے جاتے ہیں کہ زہریلا ٹیکہ لگانے سے مریض کا انتقال ہو گیا، زہریلا ٹیکہ کہاں ملتا ہے؟ اکثر ڈاکٹروں کو تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے لیکن یہاں کوئی پوچھنے والا نہیں۔ پروفیسر عاطف حفیظ صدیقی کا کہنا تھا کہ اِس وقت ملک بھر میں جو ڈاکٹر کام کر رہے ہیں، اُن میں زیادہ تر پرانے اور سینئر ڈاکٹر ہیں، نئے اور جونیئر ڈاکٹر مذکورہ وجوہ کی بناء پر یہاں کام کرنے کو تیار نہیں اور باہر جا رہے ہیں۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سندھ کے سرپرست ڈاکٹر عمر سلطان نے بھی کہا کہ اِس میں کوئی شک نہیں کہ چند برسوں میں ملک سے باہر جانے والے ڈاکٹروں میں اضافہ ہوا ہے جس کی سب سے بڑی وجہ عزت نہ ملنا ہے، نہ حکومت اُن کی عزت کرنے کو تیار ہے اور نہ ہی مریض۔ ان کا کہنا تھا کہ یہاں کنسلٹنٹ کو ایک سے ڈیڑھ لاکھ روپے تنخواہ دی جا رہی ہے جبکہ باہر اُنہیں 12 سے 15 لاکھ تنخواہ ملتی ہے، یہاں ایڈمنسٹریشن کے کام بھی ڈاکٹروں سے لئے جاتے ہیں، سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے لئے بیڈز کا بندوبست کرنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے لیکن یہ کام بھی ڈاکٹروں ہی کو کرنا پڑتا ہے۔

طب کے علاوہ دوسرے شعبوں کے ہنر مند افراد بھی بڑی تعداد میں بیرونِ ملک جا رہے ہیں۔ یہ درست ہے کہ جانے والے جا کر زرِ مبادلہ بھیجتے ہیں جس سے ملکی معیشت کو توانائی ملتی ہے لیکن اگر اتنی ہی بڑی تعداد میں نئے ہنر مند نظام میں داخل نہیں ہوتے تو پھر جو خلا پیدا ہوتا ہے اِس کے منفی اثرات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ڈاکٹروں اور نرسوں کا معاملہ تو بہت تشویشناک ہے۔ ملک کے اندر اِن کی قلت ہے، معاشرے کو صحت مند رکھنے کے لئے جتنی بڑی تعداد میں ڈاکٹر اور طبی کارکن موجود ہونے چاہئیں اِس سے کہیں کم تعداد ہمیں میسر ہے۔ بیرون ملک جانے والوں کی وجہ سے خلا بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ ضروری ہے کہ حکومت ڈاکٹروں اور نرسوں کے حالاتِ کار بہتر بنائے، پاکستان میں رہ کر اپنے لوگوں کی خدمت اِن کی اولین ترجیح ہونی چاہئے۔ اِس کے ساتھ ہی ساتھ میڈیکل کالجوں میں نشستوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہونا چاہئے۔

ان ممالک پر ٹیرف عائد کر سکتا ہوں جو گرین لینڈ سے متعلق منصوبے کی حمایت نہیں کریں گے، ٹرمپ کا اعلان

اگر یہ روش جاری رہی تو عنقریب صحت کے شعبے میں بھیانک خلا پیدا ہو جائے گا۔ اہلِ اقتدار اور اہلِ ثروت تو بیرون ملک جا کر علاج کرا سکتے ہیں لیکن کروڑوں عوام کو تو یہ سہولت میسر نہیں۔ ان کی بڑی تعداد میں تو اندرون ملک علاج کرانے کی بھی سکت نہیں ہے۔ عوام کی بڑی تعداد یہاں سسک سسک کر زندہ رہنے (یا جان دینے) پر مجبور ہو گی۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو اِس صورتِ حال کا فوری نوٹس لینا چاہئے اور تیز تر اقدامات کے ذریعے ڈاکٹروں کے حالات کار بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں کی تعداد اور معیار کی طرف بھی فوری توجہ دینی چاہئے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر وایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

قرۃ العین حیدر

رئیس فاطمہ

قرۃ العین حیدر 20 جنوری 1927 کو علی گڑھ میں بمقام نہٹور یوپی (انڈیا) میں پیدا ہوئیں، والد کا نام سید سجاد حیدر یلدرم تھا، جو ایک بڑے افسانہ نگار تھے، والدہ کا نام بنت نذر الباقر تھا، وہ بھی ادیبہ تھیں، شادی کے بعد انھوں نے بنت نذر سجاد حیدر کا نام اختیار کیا، وہ عصمت میں افسانے لکھا کرتی تھیں، جو خواتین کا ایک مقبول رسالہ تھا۔

قرۃ العین حیدر نے جب لکھنا شروع کیا، اس وقت افسانے کی دنیا میں کرشن چندر، منٹو، عصمت چغتائی، غلام عباس اور محمد حسن عسکری اپنا نام بنا چکے تھے، قرۃ العین حیدر کا پہلا افسانہ "یہ باتیں" ہمایوں، (لاہور) 1942 میں شائع ہوا۔ قرۃ العین حیدر نے جب افسانہ نگاری شروع کی تو اردو افسانہ حقیقت سے بہت قریب ہو گیا تھا، ان کے سامنے ایک وسیع میدان تھا جس میں ان کے والد سجاد حیدر یلدرم کا رومانوی اور جمالیاتی انداز، عصمت اور منٹو کی حقیقت نگاری اور جنس نگاری اور کرشن چندر کی رومانویت کے ساتھ اردو افسانہ اپنے عہد زریں سے گزر رہا تھا، یہ وہ فضا تھی جو قرۃ العین حیدر کو اپنے وسیع مفہوم میں ملی۔

تقسیم ہند پر افسانہ اپنے پورے جوبن پر تھا، افسانہ نگاروں کی ایک کہکشاں تھی جو پورے جوبن پر تھی، لیکن ان میں جو نام پوری آب وتاب سے جگمگایا وہ قرۃ العین حیدر کا نام تھا کہ عہد زریں میں اپنا مقام بنانا ایک مشکل کام تھا، لیکن ابتدائی دور کے لکھنے والوں میں اور عہد زریں کے لکھنے والوں کی یہ خوش نصیبی تھی کہ اس دور میں کتاب پڑھنے کا ذوق لوگوں میں تھا، جوں ہی کوئی نیا رسالہ شائع ہوتا، لوگ اسے ہاتھوں ہاتھ لیتے اس طرح وہ ناول نگار یا افسانہ نگار مشہور ہو جاتا۔ 1970 تک بھی لوگوں کا رسالہ اور کتاب سے رشتہ استوار تھا، لیکن جوں جوں انٹرنیٹ اور موبائل ہماری زندگیوں میں شامل ہوا، کتاب سے دوری بڑھ گئی۔

تقسیم کے بعد بھی بڑے اچھے ادبی رسالے دہلی اور لاہور سے شائع ہوتے رہے، جیسے آج کل، ہمایوں، نیرنگ، نقوش وغیرہ۔ پھر کچھ رسالے کراچی سے شائع ہونے لگے جیسے نقش، الفاظ اور سیپ وغیرہ۔ سب کے نام تو اس وقت یاد نہیں، البتہ ادبی رسالوں کی ایک کہکشاں تھی جو جگمگاتی رہتی تھی۔ اس وقت یعنی انٹرنیٹ کے آنے سے قبل افسانہ نگاروں کو مشہور ہونے کے لیے زیادہ تگ و دو نہیں کرنی پڑتی تھی، ادبی رسالے ہاتھوں ہاتھ لیے جاتے تھے۔

تقسیم سے پہلے اور بعد کے افسانہ نگار اور ناول نگار خوش قسمت تھے کہ ان کی تحریریں ہاتھوں ہاتھ لی جاتی تھیں۔ جب تک صرف پی ٹی وی تھا تب بھی ادب زندہ تھا، آج کل یہ حال ہے کہ میرے علم میں صرف دو ادبی پرچے ہیں جو شائع ہو رہے ہیں، ایک کراچی کا "مکالمہ" جس کے مدیر مبین مرزا ہیں اور دوسرا لاہور کا "الحمرا" جس کے مدیر شاہد علی خاں ہیں۔ الحمرا ایک ماہنامہ ہے جو نہایت پابندی سے ہر ماہ شائع ہوتا ہے، ہو سکتا ہے اور بھی پرچے ہوں لیکن میرے علم میں نہیں، مکالمہ ایک سہ ماہی پرچہ ہے۔

ہم بات کر رہے تھے قرۃ العین حیدر کی، بات کہاں سے کہاں چلی گئی۔ انھیں لوگ زیادہ تر ناول نگار کی حیثیت سے جانتے ہیں۔ ناول بھی صرف ایک "آگ کا دریا" کے حوالے سے۔ قرۃ العین حیدر جب پاکستان آئیں تو اس وقت ایک نامور لکھاری بن چکی تھیں۔ وہ 1950 میں وزارت اطلاعات میں کام کر رہی تھیں، پھر کچھ عرصہ پی آئی اے سے بھی منسلک رہیں لیکن وہ بہت جلد یہاں کے ماحول سے گھبرا گئیں، ایوب خان نے ادیبوں اور شاعروں پر جو پابندیاں اپنے مارشل لا میں لگائی تھیں، ان سے دل برداشتہ ہو کر برطانیہ چلی گئیں اور بعد میں پنڈت نہرو کے بلانے پر وہ بھارت واپس چلی گئیں۔

کئی ادبی پرچوں نے قرۃ العین نمبر بھی شائع کیے جن میں طلوع افکار کا "قرۃ العین حیدر نمبر" کافی اہمیت کا حامل ہے۔ بھارت میں ان پر زیادہ کام ہوا ہے، لیکن پاکستانی بھی پیچھے نہیں ہیں۔ دراصل روایت اور جدت انسانی زندگی کے دو ایسے دھارے ہیں جو اس کی سماجی، تہذیبی، تمدنی اور ذاتی زندگی میں ساتھ ساتھ پروان چڑھتے ہیں۔ ہر انسان کو روایت سے پیار ہوتا ہے، مگر جدت اسے اپنی طرف کھینچتی ہے جو انسانی فطرت ہے۔ روایت اور جدت کا یہ ملاپ جہاں انسان کو اس کے ماضی سے جوڑے رکھتا ہے، وہیں اسے نئی شاہراہوں کا پتا بھی دیتا ہے، لیکن ماضی کو وہی ادیب موضوع بناتا ہے جس کے پاس اس حوالے سے کوئی سرمایہ ہو۔ اس حوالے سے قرۃ العین حیدر ایک منفرد حیثیت رکھتی ہیں جنھوں نے ماضی اور حال دونوں کو روایت اور جدت کے توازن سے اپنے افسانوں کا موضوع بنایا۔ انھیں ادبی ماحول اور قلم دوستی ورثے میں ملی تھی۔

ماں اور باپ دونوں کی طرف سے علم کا خزانہ پہلے سے موجود تھا جسے ان کی ذہین و فطین طبیعت نے مزید نکھارا۔ وہ جتنی بڑی افسانہ نگار ہیں، اتنی ہی بڑی ناول نگار بھی ہیں۔ لیکن نقادوں نے ان کے صرف ایک ناول "آگ کا دریا" کو موضوع بنایا ہے، لیکن یہاں بھی مکھی پہ مکھی مارنے والا رجحان نظر آتا ہے کتنے ہی لوگوں نے یہ ضخیم ناول پڑھا بھی نہ ہوگا بس پہلے سے لکھے ہوئے مضامین سے خوشہ چینی کی اور مضمون تیار ہو گیا، "آگ کا دریا" دراصل تہذیبوں کے اجڑنے اور تہذیبوں کے تصادم کی داستان ہے۔ (سہ ماہی، "روشنائی" جس کے مدیر احمد زین الدین تھے۔ انھوں نے بھی قرۃ العین حیدر نمبر شائع کیا تھا، کراچی سے)۔ لیکن وہ اس لحاظ سے بہت خوش قسمت تھیں کہ ان کی طرف نقادوں نے دیکھا بہت، لیکن صرف ناولوں کی حد تک۔ اسی لیے جب میں نے انجمن ترقی اردو کے تعاون سے قرۃ العین حیدر پر کام کیا تو ان کے افسانوں کو موضوع بحث بنایا۔ عام لوگوں اور نقادوں کا کہنا ہے کہ ان کے افسانے سمجھ میں نہیں آتے، میں نے اسی تاثر کو ختم کرنے کی کوشش اپنی کتاب میں کی ہے۔

بھارتی ہندوتوا کا اصل چہرہ!

تنویر قیصر شاہد

بھارت میں کئی بنیاد پرست ہندو جماعتیں بروئے کار ہیں۔ مثال کے طور پر بی جے پی، آر ایس ایس، بجرنگ دَل، وِشوا ہندو پریشد وغیرہ۔ یہ تنظیمیں بھارتی ہندو آریہ سماج سے پھوٹی ہیں۔ یہ "سنگھ پریوار" کی شاخیں اور اولادیں ہیں۔ یہ سب مل کر ہی "ہندوتوا آئیڈیلوجی" کہلاتی ہیں۔ آر ایس ایس (راشٹریہ سوامی سیوک سنگھ) کو اِن سب کی ماں یا چھتری کہا جا سکتا ہے۔

آج بھارت کی مقتدر پارٹی، بی جے پی، دراصل آر ایس ایس ہی کی اولاد ہے۔ آر ایس ایس ہی کی مرکزی اور محوری طاقت سے بھارتی بنیاد پرست ہندو جماعتوں نے بھارت میں واقع صدیوں پرانی "بابری مسجد" شہید کی تھی۔ آر ایس ایس اتنی طاقتور ہے کہ اگر وہ چاہے تو آج ہی بھارتی وزیر اعظم، نریندر مودی، کو پلک جھپکتے میں اقتدار سے محروم اور فارغ کر سکتی ہے۔

آر ایس ایس کے مرکزی قائد، موہن بھاگوت، ہیں۔ اُن کی عمر 75 برس ہے۔ وہ پچھلے 16 برس سے "آر ایس ایس" کے مرکزی اور مطلق قائد چلے آ رہے ہیں۔ بھارت بھر میں اُن کی مذہبی سیاست کا ڈنکا بجتا ہے۔ بھارت کے بڑے بڑے سیاستدان، ہندو پرچارک اور ارب پتی صنعت کار اُن کی خدمت میں حاضر ہو کر اُن کے پاؤں چھونا اور اُن کی خوشنودی حاصل کرنا اپنی سعادت سمجھتے ہیں۔

چند دن پہلے موہن بھاگوت نے بھارت میں آر ایس ایس کے زیر اہتمام (کہ آر ایس ایس کو معرضِ عمل میں آئے 100 سال ہو گئے ہیں) ایک بڑے اجتماع سے خطاب کیا۔ اِس اجتماع میں بھارت و بیرونِ بھارت کی جملہ بنیاد پرست ہندو جماعتوں نے شرکت کی۔ موہن بھاگوت کے خطاب کے الفاظ سے ہم ہندوتوا کا اصل چہرہ بھی دیکھ سکتے ہیں اور بھارتی ہندو جماعتوں کی اسلام و مسلم دشمنی بھی۔ اُنھوں نے اپنے خطاب میں خصوصی طور پر یہ کہنا اور بتانا ضروری خیال کیا کہ بھارت ایک ہندو ملک ہے، سیکولر نہیں۔ گویا اُنھوں نے بھارتی سیکولرزم کی بھی نفی کر دی اور بھارت میں بسنے والے کروڑوں مسلمانوں کی بھی۔

موہن بھاگوت نے بھارتی شہر، ناگپور، میں اپنے تاریخی خطاب میں کہا: "بھارت ایک ہندو ملک ہے اور رہے گا۔ اور اس حقیقت کے لیے آئینی منظوری کی کوئی ضرورت نہیں۔ جب تک ملک میں ہندو ثقافت کی قدر کی جاتی رہے گی، بھارت ہندو ملک رہے گا۔ بھارت کو "ہندو قوم" کہنے کے لیے کسی آئینی منظوری کی ضرورت نہیں، کیونکہ یہی سچائی ہے۔ سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے۔ ہمیں نہیں معلوم یہ کب سے ہو رہا ہے۔ تو کیا اس کے لیے بھی ہمیں آئینی منظوری کی ضرورت ہے؟ ہندوستان بس ایک ہندو قوم ہے۔ جو کوئی بھی بھارت کو اپنی مادرِ وطن سمجھتا ہے، وہ بھارتی ہندوانہ ثقافت کی قدر کرتا ہے۔ جب تک ہندوستان کی سرزمین پر ایک بھی ایسا شخص زندہ ہے جو اپنے آباؤ اجداد کی عظمت پر یقین اور اسے عزیز رکھتا ہے، بھارت ایک ہندو قوم کا ملک ہے۔ یہی سنگھ پریوار کا نظریہ ہے۔ اگر کبھی پارلیمنٹ آئین میں ترمیم کر کے کوئی الگ فیصلہ کرے تو ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ہمیں آئینی الفاظ کی پرواہ نہیں، کیونکہ ہم ہندو ہیں اور ہمارا ملک ایک ہندو ملک ہے۔ یہی سچ ہے۔

پیدائش کی بنیاد پر قائم ذات پات کا نظام ہندوتوا کی پہچان نہیں ہے۔" خطاب کے بعد موہن بھاگوت نے بھارتی صحافیوں سے بات چیت بھی کی۔ ایک سیکولر مزاج بھارتی صحافی نے جب اُن سے یہ سوال پوچھا: "آپ کہتے ہیں کہ پیدائش کی بنیاد پر قائم ذات پات کا نظام ہندوتوا کی پہچان نہیں تو کیا آپ اپنے گھر کی رسوئی (باورچی خانہ) میں کسی نچلی ذات کے ہندو کا داخلہ پسند کریں گے؟ تو اِس کا جواب دیتے ہُوئے اُنھوں نے صاف الفاظ میں کہا: "بالکل نہیں۔"

موہن بھاگوت نے اپنے خطاب کی تردید کرتے ہُوئے کوئی مزائقہ محسوس نہیں کیا۔ ایک لحاظ سے اچھا ہی کیا۔ کوئی منافقت نہیں کی۔ موہن بھاگوت نے اپنی تقریر میں مزید کہا: "آر ایس ایس کا موقف رہا ہے کہ بھارت اپنی ثقافتی جڑوں اور اکثریتی آبادی کے ہندومت سے وابستہ ہونے کی وجہ سے ایک "ہندو قوم" ہے۔ آئین کے دیباچے میں لفظ "سیکولر" اصل میں شامل نہیں تھا بلکہ اسے "سوشلسٹ" کے ساتھ 1976ء میں اُس وقت شامل کیا گیا جب اُس وقت کی وزیر اعظم، اندرا گاندھی، نے ایمرجنسی نافذ کی تھی، اور یہ ترمیم آئینی (42ویں ترمیمی) ایکٹ کے تحت کی گئی۔ مَیں تمام بھارتی ہندو پسند شہریوں سے کہوں گا کہ وہ آر ایس ایس کے دفاتر کا دَورہ کریں تاکہ تنظیم کے کام کو بہتر طور پر سمجھ سکیں، اور اس تاثر کو ختم کیا جا سکے جسے بعضوں نے آر ایس ایس کو مسلمان مخالف قرار دیا۔ لوگوں نے اب یہ تسلیم کرنا شروع کر دیا ہے کہ آر ایس ایس ہندوؤں کے تحفظ کے لیے کام کرتی ہے اور اس کے ارکان پختہ قوم پرست ہیں، لیکن یہ تنظیم مسلمانوں کے خلاف نہیں ہے۔ جن لوگوں نے ہمیں دیکھا ہے، دیکھنے کے بعد اُن لوگوں نے کہا ہے کہ ہم پختہ قوم پرست ہیں، ہم ہندوؤں کو منظم کرتے ہیں اور ان کے تحفظ کی وکالت کرتے ہیں۔ یہی اعتراف ہمیں بھارت اور دُنیا بھر کے ہندوؤں میں مقبول بنا رہا ہے۔"

جب موہن بھاگوت اپنے اہم ترین خطاب میں بھارتی سیکولرازم کی تردید کرتے ہیں تو اِس کا مطلب یہ ہے کہ وہ بھارت کو ایک بنیاد پرست ہندو ریاست تسلیم کروانے پر بضد ہیں۔ اُن کے مذکورہ خطاب کے بین السطور سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اُنھوں نے بھارتی مسلمانوں سمیت اقوامِ عالم کے سامنے خود کو "ماڈریٹ" پیش کیا ہے، مگر اُن کے عملی اقدامات اِس کی نفی کرتے ہیں۔ جب موہن بھاگوت لاکھوں بنیاد پرست اور متعصب بھارتی ہندوؤں کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے، اُنہی ایام میں بھارتی صوبہ بہار کے وزیر اعلیٰ، نتیش کمار، مسلم دشمنی کا یوں ثبوت دے رہے تھے کہ پٹنہ میں ایک سرکاری تقریب میں ایک بھارتی مسلمان ڈاکٹر کا زبردستی حجاب نوچ رہے تھے۔ اور یہ نتیش کمار "صاحب" آر ایس ایس اور بی جے پی کے مشترکہ و متفقہ وزیر اعلیٰ ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ موہن بھاگوت نے اپنے وزیر اعلیٰ کی اِس حرکت کی مذمت کی نہ اپنے تاریخی خطاب میں اِس کا ذکر کیا۔

موہن بھاگوت کہتے ہیں کہ "بھارت اور آر ایس ایس ذات پات پر یقین نہیں رکھتے ہیں" اور یہ کہ "آر ایس ایس مسلمان مخالف نہیں ہے۔" عملی طور پر دونوں دعوے غلط ہیں۔ اگر بھارتی پنجاب کے ممتاز ادیب (بلبیر مادھوپوری) کی معرکہ آرا سوانح حیات "چھانگیا رُکھ" پڑھیں تو انسان اشک بار ہو جاتا ہے۔

یہ سوانح عمری بھارت میں ذات پات کی وحشیانہ تقسیم بارے ذاتی تجربات و مشاہدات پر مبنی ہے۔ اِس کے علاوہ بھارت ہی کے ممتاز ادیب (اوم پرکاش والمیکی) کی سوانح حیات "جوٹھن" بھی اِسی ذات پات کی مکروہ انسانی تقسیم اور بھارت میں نچلی ذات کے ہندوؤں (دلت) بارے ذاتی تجربات بارے شاہکار کتاب ہے۔ یہ کتابیں پڑھ کر انسان پریشانی سے سوچتا ہے: کیا بھارت میں نچلی ذات سے تعلق رکھنے والے انسانوں کی اس قدر توہین ہوتی ہے؟ جس شخص کو بھارت میں مروّج ذات پات پر یقین نہیں ہے، وہ صرف یہ دونوں کتابیں پڑھ لے۔ چانن ہو جائے گا اور ہندو بنیاد پرست موہن بھاگوت کی منافقت کی قلعی بھی اُتر جائے گی۔

افہام وتفہیم کا راستہ

ایم جے گوہر

حکومت اور اپوزیشن جمہوریت کی گاڑی کے دو ایسے پہیے ہیں جو ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم ہیں۔ حکمراں جماعت اپنے منشور کے مطابق قومی زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق منصوبہ بندی کرتی ہے اور ان پر عمل درآمد کر کے ملک وقوم کی ترقی و خوشحالی کی راہیں متعین کرتی ہے۔

دوسری جانب اپوزیشن کی جماعتیں ہوتی ہیں جو حکومت کی پالیسیوں، فیصلوں، اقدامات اور منصوبوں کے حوالے سے اپنے اپنے نکتہ نظر کے مطابق اسمبلیوں میں اپنی آرا کا اظہار کرتی ہیں۔ اپوزیشن کی جانب سے قومی مفادات کے ضمن میں کیے گئے حکومتی فیصلوں کی جہاں پذیرائی کی جاتی ہے، وہیں بعض حکومتی اقدامات کو اپوزیشن ارکان اسمبلی کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہیں، کھل کر اپنے موقف کا اظہار کرتے ہیں، کبھی احتجاج اور کبھی اسمبلی کارروائی کا بائیکاٹ بھی کیا جاتا ہے۔

مہذب، باوقار اور باشعور جمہوری معاشرے میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان افہام وتفہیم سے امور سلطنت چلائے جاتے ہیں۔ حکومت اپوزیشن کی مثبت تجاویز اور آرا کا احترام کرتی ہے اور انھیں اپنے منصوبوں کا حصہ بناتی ہے یہی جمہوریت کا حسن ہے۔

پاکستان کے جمہوری معاشرے میں اپوزیشن اور حکومت کے مراسم کے حوالے سے یہ تلخ اور افسوس ناک حقیقت سامنے آتی ہے کہ اول دن سے آج تک کسی بھی حکمراں جماعت یا اتحاد کے اپنی اپوزیشن کے ساتھ خوشگوار اور افہام وتفہیم والے اچھے تعلقات کا قیام تشنہ تعبیر چلا آ رہا ہے۔ ہماری قومی سیاسی زندگی کی یہ روایت رہی ہے کہ حکمرانوں نے اپنے اقتدار کی طاقت اور اختیارات کو ہمیشہ اپوزیشن کے خلاف استعمال کیا ہے۔

اسمبلی سے بہ زور طاقت ایسے قوانین اور آئینی ترامیم منظور کرائی گئیں جو اپوزیشن کو دیوار سے لگانے اور ان کے خلاف مقدمات کے قیام کا موجب بنیں۔ نتیجتاً حکومت اور اپوزیشن کے درمیان افہام وتفہیم کی فضا تو کیا پروان چڑھتی الٹا مخاصمت، نفرت، انتقام، کشیدگی اور ٹکراؤ وتصادم کے راستے کھلتے چلے گئے۔ اپوزیشن نے حکومتی ہتھکنڈوں کے خلاف سڑکوں پر عوامی احتجاج کا راستہ اختیار کیا۔ دوطرفہ ٹکراؤ کے نتیجے میں جمہوریت کی ٹرین کو بریک لگے اور ملک مارشل لاؤں کی نذر ہو گیا۔

پھانسی، جلاوطنی، جیلیں اور قید و سزائیں سیاستدانوں کا مقدر بنتی گئیں، غیر جمہوری قوتیں غلبہ حاصل کر کے اپنا اثر و رسوخ بڑھانے میں قدم بہ قدم آگے بڑھتی رہیں اور خوش قسمتی سے ایوان عدل سے آنے والے تائید وحمایت کے ٹھنڈے جھونکوں نے ان کے شوق اقتدار واختیار کو اور مہمیز کیا۔ سلسلہ دراز ہوتا گیا، غیر سیاسی قوتیں مضبوط سے مضبوط تر اور سیاسی جماعتیں کمزور سے کمزور تر ہو کر ان کی دست نگر بن کر رہ گئیں، نتیجتاً ملک میں آئین وقانون کی بالا دستی اور جمہوریت کا استحکام تشنہ تعبیر رہا۔ چوں کہ ہمارے ہاں ماضی کی غلطیوں، کوتاہیوں اور ناکامیوں سے سبق سیکھنے کی کوئی تابندہ روایت موجود نہیں ہے، لہٰذا ہر آنے والا حکمران اپنی طاقت و اختیارات کے زعم میں ماضی کی تاریخ کو قصہ پارینہ سمجھ کر بھلا دیتا ہے۔

جب کہ داناؤں کا قول صادق ہے کہ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ جو حکمران اس قول کی صداقت اور حقیقت کو سمجھتے اور جانتے ہیں انھیں مکافات عمل کا بخوبی ادراک ہوتا ہے۔ تاریخ کے اوراق میں ایسی بہت سی مثالیں ہمارے سامنے ہیں۔ جب لوگوں نے ماضی کی تلخیوں سے صرف نظر کرتے ہوئے کھلے دل سے نئے حالات کو خوش آمدید کہا اور اپنے ہم عصروں کے ساتھ افہام وتفہیم کا معاملہ کیا۔ نیلسن منڈیلا کی مثال ہمارے سامنے ہے کہ ربع صدی جیل کاٹنے کے بعد بھی انتقام کا شائبہ بھی ان کے دل و دماغ میں نہ تھا۔ آج وہ آل ٹائم گریٹ لیڈر کے طور پر یاد کیے جاتے ہیں۔

5 جولائی 1977 کو ملک کی منتخب جمہوری حکومت کا تختہ الٹا گیا۔ مقبول عوامی لیڈر ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی کی سزا دی گئی، بے نظیر بھٹو کو جلاوطنی اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنی پڑیں، بھٹو خاندان نے جمہوریت کے لیے اپنے خون کی قربانی دی، لیکن بے نظیر بھٹو نے افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کرتے ہوئے جمہوریت کو بہترین انتقام قرار دیا۔

صدر آصف زرداری جو قومی سیاست میں مفاہمت کے بادشاہ ہیں انھوں نے بے نظیر بھٹو کی شہادت پر "پاکستان کھپے" کا نعرہ لگا کر وطن عزیز کو ایک بڑے بحران سے بچا لیا۔ آج وہ ملک کے صدر ہیں اور اپنی سب سے بڑی سیاسی مخالف جماعت مسلم لیگ (ن) کے ساتھ شریک اقتدار ہیں جب کہ آج بھی اپوزیشن آزمائشوں کا سامنا کر رہی ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان افہام وتفہیم کی فضا بنتی نظر نہیں آ رہی۔ مذاکرات کی بات دو قدم آگے چلتی ہے تو چار قدم پیچھے چلی جاتی ہے۔ مودی وٹرمپ کے عزائم کے پیش نظر پاکستان میں سیاسی استحکام ضروری ہے۔ لہٰذا فریقین کو افہام وتفہیم کا راستہ نکالنا ہوگا۔

حکومت اور اپوزیشن جمہوریت کی گاڑی کے دو ایسے پہیے ہیں جو ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم ہیں۔ حکمراں جماعت اپنے منشور کے مطابق قومی زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق منصوبہ بندی کرتی ہے اور ان پر عمل درآمد کر کے ملک وقوم کی ترقی و خوشحالی کی راہیں متعین کرتی ہے۔

دوسری جانب اپوزیشن کی جماعتیں ہوتی ہیں جو حکومت کی پالیسیوں، فیصلوں، اقدامات اور منصوبوں کے حوالے سے اپنے اپنے نکتہ نظر کے مطابق اسمبلیوں میں اپنی آرا کا اظہار کرتی ہیں۔ اپوزیشن کی جانب سے قومی مفادات کے ضمن میں کیے گئے حکومتی فیصلوں کی جہاں پذیرائی کی جاتی ہے، وہیں بعض حکومتی اقدامات کو اپوزیشن ارکان اسمبلی کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہیں، کھل کر اپنے موقف کا اظہار کرتے ہیں، کبھی احتجاج اور کبھی اسمبلی کارروائی کا بائیکاٹ بھی کیا جاتا ہے۔

مہذب، باوقار اور باشعور جمہوری معاشرے میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان افہام وتفہیم سے امور سلطنت چلائے جاتے ہیں۔ حکومت اپوزیشن کی مثبت تجاویز اور آرا کا احترام کرتی ہے اور انھیں اپنے منصوبوں کا حصہ بناتی ہے یہی جمہوریت کا حسن ہے۔

پاکستان کے جمہوری معاشرے میں اپوزیشن اور حکومت کے مراسم کے حوالے سے یہ تلخ اور افسوس ناک حقیقت سامنے آتی ہے کہ اول دن سے آج تک کسی بھی حکمراں جماعت یا اتحاد کے اپنی اپوزیشن کے ساتھ خوشگوار اور افہام وتفہیم والے اچھے تعلقات کا قیام تشنہ تعبیر چلا آ رہا ہے۔ ہماری قومی سیاسی زندگی کی یہ روایت رہی ہے کہ حکمرانوں نے اپنے اقتدار کی طاقت اور اختیارات کو ہمیشہ اپوزیشن کے خلاف استعمال کیا ہے۔

اسمبلی سے بہ زور طاقت ایسے قوانین اور آئینی ترامیم منظور کرائی گئیں جو اپوزیشن کو دیوار سے لگانے اور ان کے خلاف مقدمات کے قیام کا موجب بنیں۔ نتیجتاً حکومت اور اپوزیشن کے درمیان افہام وتفہیم کی فضا تو کیا پروان چڑھتی الٹا مخاصمت، نفرت، انتقام، کشیدگی اور ٹکراؤ وتصادم کے راستے کھلتے چلے گئے۔ اپوزیشن نے حکومتی ہتھکنڈوں کے خلاف سڑکوں پر عوامی احتجاج کا راستہ اختیار کیا۔ دوطرفہ ٹکراؤ کے نتیجے میں جمہوریت کی ٹرین کو بریک لگے اور ملک مارشل لاؤں کی نذر ہو گیا۔

پھانسی، جلاوطنی، جیلیں اور قید و سزائیں سیاستدانوں کا مقدر بنتی گئیں، غیر جمہوری قوتیں غلبہ حاصل کر کے اپنا اثر و رسوخ بڑھانے میں قدم بہ قدم آگے بڑھتی رہیں اور خوش قسمتی سے ایوان عدل سے آنے والے تائید وحمایت کے ٹھنڈے جھونکوں نے ان کے شوق اقتدار واختیار کو اور مہمیز کیا۔ سلسلہ دراز ہوتا گیا، غیر سیاسی قوتیں مضبوط سے مضبوط تر اور سیاسی جماعتیں کمزور سے کمزور تر ہو کر ان کی دست نگر بن کر رہ گئیں، نتیجتاً ملک میں آئین وقانون کی بالا دستی اور جمہوریت کا استحکام تشنہ تعبیر رہا۔ چوں کہ ہمارے ہاں ماضی کی غلطیوں، کوتاہیوں اور ناکامیوں سے سبق سیکھنے کی کوئی تابندہ روایت موجود نہیں ہے، لہٰذا ہر آنے والا حکمران اپنی طاقت و اختیارات کے زعم میں ماضی کی تاریخ کو قصہ پارینہ سمجھ کر بھلا دیتا ہے۔

جب کہ داناؤں کا قول صادق ہے کہ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ جو حکمران اس قول کی صداقت اور حقیقت کو سمجھتے اور جانتے ہیں انھیں مکافات عمل کا بخوبی ادراک ہوتا ہے۔ تاریخ کے اوراق میں ایسی بہت سی مثالیں ہمارے سامنے ہیں۔ جب لوگوں نے ماضی کی تلخیوں سے صرف نظر کرتے ہوئے کھلے دل سے نئے حالات کو خوش آمدید کہا اور اپنے ہم عصروں کے ساتھ افہام وتفہیم کا معاملہ کیا۔ نیلسن منڈیلا کی مثال ہمارے سامنے ہے کہ ربع صدی جیل کاٹنے کے بعد بھی انتقام کا شائبہ بھی ان کے دل و دماغ میں نہ تھا۔ آج وہ آل ٹائم گریٹ لیڈر کے طور پر یاد کیے جاتے ہیں۔

5 جولائی 1977 کو ملک کی منتخب جمہوری حکومت کا تختہ الٹا گیا۔ مقبول عوامی لیڈر ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی کی سزا دی گئی، بے نظیر بھٹو کو جلاوطنی اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنی پڑیں، بھٹو خاندان نے جمہوریت کے لیے اپنے خون کی قربانی دی، لیکن بے نظیر بھٹو نے افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کرتے ہوئے جمہوریت کو بہترین انتقام قرار دیا۔

صدر آصف زرداری جو قومی سیاست میں مفاہمت کے بادشاہ ہیں انھوں نے بے نظیر بھٹو کی شہادت پر "پاکستان کھپے" کا نعرہ لگا کر وطن عزیز کو ایک بڑے بحران سے بچا لیا۔ آج وہ ملک کے صدر ہیں اور اپنی سب سے بڑی سیاسی مخالف جماعت مسلم لیگ (ن) کے ساتھ شریک اقتدار ہیں جب کہ آج بھی اپوزیشن آزمائشوں کا سامنا کر رہی ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان افہام وتفہیم کی فضا بنتی نظر نہیں آ رہی۔ مذاکرات کی بات دو قدم آگے چلتی ہے تو چار قدم پیچھے چلی جاتی ہے۔ مودی وٹرمپ کے عزائم کے پیش نظر پاکستان میں سیاسی استحکام ضروری ہے۔ لہٰذا فریقین کو افہام وتفہیم کا راستہ نکالنا ہوگا۔

فرعونی دعووں سے گریز کیجیے

ڈاکٹر یونس حسنی

وینزویلا پر کامیاب حملہ اور اس کے نتیجے میں اس ملک پر بہ زور قوت قبضہ کرنے کے عمل سے شہ پا کر اب امریکی صدر آپے سے باہر ہو گئے ہیں۔ اپنے تازہ ترین بیان میں صدر محترم نے کہا کہ "میں کسی عالمی قانون کا پابند نہیں ہوں اور دنیا بھر میں کہیں بھی حملے کا حکم دے سکتا ہوں، کیونکہ میں امریکی افواج کا کمانڈر انچیف ہوں اور امریکی افواج میرے صرف حکم کی پابند ہیں۔"

امریکی صدر نے واضح کیا کہ وہ کسی اور کی اخلاقیات کے پابند نہیں ہیں اور کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت وہ اپنی ذاتی اخلاقیات اور اپنے ذہن و دماغ کے پابند ہوتے ہیں۔ صدر ٹرمپ کا یہ آمرانہ بیان اس وقت آیا ہے جب امریکی سینیٹ نے یہ قرارداد منظور کی کہ وینزویلا پر مزید فوجی کارروائیوں کے لیے امریکی کانگریس سے منظوری لینا ہوگی، گویا خود ان کے ملک کے ہی مقتدر حلقے ان کے آمرانہ رویے کے خلاف بول پڑے ہیں۔

اس قرارداد کے حق میں خود ان کی ری پبلکن پارٹی کے پانچ سینیٹرز نے بھی حصہ لیا اور ووٹ دیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے ان کے رویے پر اپنی جھلاہٹ اس طرح ظاہر کی ہے کہ ان کو دھمکی دی کہ وہ آیندہ سینیٹ کے ممبر منتخب نہیں ہو سکیں گے، لیکن اسی کے ساتھ انھوں نے وینزویلا پر متوقع دوسرے حملے کی لہر کو روکنے کا اعلان کر کے اپنی بڑبتیوں کے غیر موثر ہونے کا خود ہی اعلان کر دیا ہے۔ دوسری جانب وینزویلا کی جانب سے بڑی تعداد میں سیاسی قیدیوں کی رہائی کے اقدام کو بھی سراہا ہے اور اسے وینزویلا کی حالت میں بہتری کی علامت قرار دیا ہے۔

انھوں نے یہ توقع بھی ظاہر کی ہے کہ وینزویلا میں تیل اور گیس کی فراہمی کی بہتری کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔ امریکی صدر نے ایک ہی سانس میں یہ بھی کہا امریکا اپنی سرمایہ کاری کو منافع اور سیاسی بالادستی کو برقرار رکھنے کا پورا حق رکھتا ہے۔ امریکا وینزویلا پر اپنے قبضے کو برقرار رکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ امریکا غیر معینہ مدت تک وینزویلا کو اپنے قبضے میں رکھنے اور اس کے تیل کی دولت سے استفادہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اور اس کا برملا اعلان کرنے میں انھیں کسی قسم کی دشواری نہیں۔

صدر صاحب نے اپنے آمرانہ اقدامات کے لیے جو پہلی شرط بیان کی وہ یہ تھی میں کسی بھی ملک پر فوج کشی کے لیے اپنی فوج کو حکم دے سکتا ہوں کیونکہ میں امریکی فوج کا کمانڈر انچیف ہوں۔ یہ دلیل انتہائی احمقانہ ہے، ہر ملک کی فوج کا ایک کمانڈر انچیف ہوتا ہے اور جمہوری ممالک میں چاہے وہ صدارتی نظام ہو یا پارلیمانی نظام، سربراہ مملکت ہی افواج کا سپریم کمانڈر ہوتا ہے مگر محض اس عہدے پر فائز ہونا کسی کو یہ اختیار نہیں دیتا کہ وہ کسی دوسرے ملک پر چڑھ دوڑے۔ امریکا اس وقت دنیا کی اعلیٰ ترین فوجی طاقت ہے اور وہ کسی بھی ملک پر حملہ آور ہونے کی سکت رکھتا ہے تو امریکی صدر کا یہ دعویٰ سمجھ میں آتا ہے مگر پھر بھی امریکا کو کھلی چھٹی نہیں مل جاتی کہ وہ جس ملک پر اور جب چاہے حملہ آور ہو جائے۔

دوسرے ہم اپنے تحفظ کا بھی بندوبست رکھتے ہیں۔ امریکا کی بدنصیبی یہ ہے کہ ان کی مملکت کا سربراہ وہ زبان بول رہا ہے جو تاریخ کے فراعنہ ہامان اور شداد بولتے رہے ہیں۔ صدر ٹرمپ جس انداز گفتگو پر اتر آئے ہیں وہ متکبرانہ انداز قدرت کو پسند نہیں۔ وینزویلا تو بے چارہ کیا سر اٹھائے امریکا کے آگے اس کی ہم عہد دیگر عالمی طاقتیں بھی آواز بلند کرتے ہوئے سوچتی ضرور ہیں۔

مگر آپ کی طاقت کا یہ انداز کہ امریکا طویل عرصے تک وینزویلا کو اپنے زیر تسلط رکھ سکتا اور اس کے تیل اور معدنیات سے فائدہ اٹھانے کی سکت رکھتا ہے۔ یقیناً رکھتا ہے لیکن ہر عہد میں ہر فرعون کے لیے موسیٰ ضرور ہوتا ہے۔ اس سارے معاملے کا ایک اور پہلو بھی ہے اور وہ یہ کہ امریکی معاشرہ بہرحال ایک جمہوری معاشرہ ہے اور اس کے صدر کو اس کے مملکتی مزاج کا آئینہ دار ہونا چاہیے۔ مگر صدر ٹرمپ جس طرح اپنے آپ کو بزرجمہر ثابت کر کے اور عقل کل کے منصب پر خود کو فائز کر کے ساری دنیا کو اپنا ماتحت بنانے پر تلے ہوئے ہیں۔

وہ خود امریکی معاشرے کے لیے شرم ناک بات ہے کسی جمہوری مملکت کا کسی دوسرے ملک پر بہ زور قوت قبضہ کر لینا اور اس قبضے کو علی الاعلان غیر معینہ مدت تک جاری رکھنے کا اعلان کرنا کچھ صدر ٹرمپ کی ذات تک محدود نہیں بلکہ ان کی مملکت کے مجموعی کردار پر بھی اس سے حرف آتا ہے۔ امریکی قوم کو من حیثیت القوم اس رویے پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔ وینزویلا جیسے چھوٹے سے ملک پر قبضہ کر لینا، باز کا چڑیا پر چڑھ دوڑنے سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتا۔

اب ہو یہ رہا ہے کہ طاقت کے نشے میں سرشار امریکا بہادر دوسری چڑیا یعنی گرین لینڈ پر نظریں گاڑے ہوئے ہیں اور علی الاعلان کہہ رہا ہے کہ امریکا گرین لینڈ کے معاملے میں "ملکیت" سے کم کسی آپشن پر مطمئن نہیں ہوگے۔ یعنی گرین لینڈ کو بھی ان کی ملکیتی گود کی نذر کر دیا جائے۔ صدر ٹرمپ اب یورپ کو بھی دھمکی دینے پر اتر آئے ہیں۔ فرما رہے ہیں کہ امریکا کے بغیر نیٹو کی کوئی حیثیت نہیں۔ اس لیے یورپ کو بھی اپنا رویہ درست رکھنا چاہیے۔ گویا اب دنیا میں جو کچھ ہے وہ امریکا ہے اور باقی دنیا فضول ہی ہے۔ یہ انداز نظر خود کو برباد کر دینے والا ہے، کسی اور کا کچھ نہیں بگڑے گا۔

کراچی: گل پلازہ آگ میں ڈوبا، ریسکیو جاری

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی-قلم حق

کراچی کے مصروف اور گنجان آباد تجارتی علاقے میں واقع گل پلازہ میں کل رات ساڑھے 9 بجے اچانک لگنے والی خوفناک آگ نے پورے شہر کو غم، خوف اور شدید تشویش میں مبتلا کر دیا۔ آگ کے شعلے دیکھتے ہی دیکھتے بلند ہوتے گئے اور آسمان پر دھوئیں کے گہرے بادل چھا گئے، جس سے صورتحال کی سنگینی کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ آگ لگنے کے فوراً بعد پلازہ میں موجود دکانداروں اور خریداروں میں شدید بھگدڑ مچ گئی۔ لوگ اپنی جانیں بچانے کے لیے ادھر ادھر بھاگنے لگے، مگر تنگ راستوں اور ناقص منصوبہ بندی کے باعث متعدد افراد بروقت باہر نہ نکل سکے اور عمارت کے اندر ہی پھنس کر رہ گئے۔ اب تک موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق گل پلازہ کے اندر 80 سے 90 افراد تاحال پھنسے ہوئے ہیں، جن میں مرد، خواتین اور معصوم بچے بھی شامل ہیں۔ یہ خبر سن کر پورا شہر صدمے کی کیفیت میں ہے اور ہر آنکھ اشکبار نظر آتی ہے۔ ریسکیو 1122، فائر بریگیڈ اور دیگر امدادی ادارے رات گئے سے موقع پر موجود ہیں اور بھرپور کوششیں جاری ہیں، تاہم حالات غیر معمولی حد تک خطرناک ہو چکے ہیں جس کے باعث ریسکیو آپریشن شدید مشکلات کا شکار ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اس وقت ٹیمیں پلازہ کے اندر داخل نہیں ہو سکتیں، کیونکہ عمارت کے دو حصے پہلے ہی گر چکے ہیں جبکہ باقی ڈھانچہ بھی کسی بھی وقت منہدم ہونے کے خدشے سے دوچار ہے۔ مسلسل آگ، شدید دھواں اور کمزور ساخت کے باعث اندر جانا ریسکیو اہلکاروں کی جانوں کے لیے انتہائی خطرناک ہو چکا ہے۔ ان خطرناک حالات کے باوجود امدادی کارروائیاں مکمل احتیاط کے ساتھ جاری ہیں اور بیرونی سطح پر موجود وسائل کے ذریعے ممکنہ حد تک لوگوں کو بچانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اسی دوران ایک نہایت افسوسناک خبر سامنے آئی کہ ریسکیو اہلکار فرقان علی جامِ شہادت نوش کر گئے۔ فرقان علی نے انسانیت کی خدمت کے دوران اپنی جان قربان کر کے فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی۔ فرقان علی کی شہادت نے نہ صرف ان کے اہلِ خانہ بلکہ پوری قوم کو غمزدہ کر دیا ہے۔ وہ ہمیشہ ایک بہادر اور فرض شناس ہیرو کے طور پر یاد رکھے جائیں گے۔ اس سانحے میں اب تک 22 افراد کے زخمی ہونے کی تصدیق ہو چکی ہے، جنہیں فوری طور پر شہر کے مختلف اسپتالوں میں منتقل کیا گیا، جہاں بعض زخمی زندگی اور موت کی کشمکش میں ہیں۔ واقعے کے بعد کراچی کے گورنمنٹ سول اسپتال کے برنز وارڈ میں ہنگامی حالت نافذ کر دی گئی۔ تمام دستیاب ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو طلب کر لیا گیا جبکہ غیر ضروری چھٹیاں منسوخ کر کے عملے کو الرٹ کر دیا گیا ہے۔ برنز وارڈ میں زخمیوں کے علاج کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں، تاہم محدود وسائل اور مریضوں کی بڑھتی تعداد کے باعث طبی عملے کو شدید دباؤ کا سامنا ہے، اس کے باوجود وہ فرض شناسی کے جذبے کے تحت خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اسپتالوں کے باہر زخمیوں کے لواحقین بے چینی، اضطراب اور شدید ذہنی کرب کا شکار نظر آتے ہیں۔ کوئی اپنے پیارے کی ایک جھلک کے لیے بے قرار ہے تو کوئی مسلسل دعاؤں میں مصروف ہے، ہر چہرہ ایک ان کہی داستان سنا رہا ہے۔ صدر ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے رہنما تنویر قاسم نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ اگر ریسکیو ٹیم کے ساتھ اندر موجود لوگوں کو نکالنے کا مناسب انتظام ہوتا تو صورتحال مختلف اور زیادہ کنٹرول شدہ ہوتی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریسکیو ٹیم کے وقت پر نہ پہنچنے کی وجہ سے انسانی نقصانات میں اضافہ ہوا۔ تنویر قاسم کے مطابق، اس سانحے کے وقت پلازہ میں تقریباً 7 سے 8 ہزار افراد موجود تھے، کیونکہ ویک اینڈ کے دنوں میں اس علاقے میں خریداری اور دکانداری کے لیے رش بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اس بڑی تعداد نے ہنگامی صورتحال کو اور پیچیدہ بنا دیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پلازہ میں موجود فائر ایگزٹ اور دیگر حفاظتی انتظامات ٹھیک تھے، اور یہی وجہ تھی کہ ابتدائی مراحل میں متعدد افراد آسانی سے باہر نکلنے میں کامیاب ہوئے، لیکن آگ کی شدت اور دھوئیں کی وجہ سے بعد میں کئی افراد پھنس گئے۔ اس سانحے کا سب سے افسوسناک پہلو یہ ہے کہ گل پلازہ میں اصل میں صرف 500 دکانوں کی اجازت تھی، مگر ضابطوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اسے بڑھا کر تقریباً 1200 دکانوں میں تبدیل کر دیا گیا۔ یہ غیر قانونی توسیع نہ صرف عمارت کی مضبوطی کو متاثر کرتی رہی بلکہ ہنگامی حالات میں انسانی جانوں کے لیے ایک سنگین خطرہ بھی بنی۔ گل پلازہ تین منزلوں پر مشتمل تھا، تاہم ہر منزل پر ضرورت سے کہیں زیادہ دکانیں، تنگ گزرگاہیں اور ناقص سیڑھیاں تعمیر کی گئیں، جس نے عمارت کو ایک خطرناک ڈھانچے میں بدل دیا۔ ایسی ناقص منصوبہ بندی کے باعث کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں محفوظ انخلا تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے، اور یہی صورتحال اس المناک حادثے میں واضح طور پر سامنے آئی۔ اطلاعات کے مطابق عمارت میں آگ سے بچاؤ کے بنیادی انتظامات موجود نہیں تھے۔ فائر الارم، ایمرجنسی ایگزٹس اور فائر فائٹنگ سسٹم یا تو ناکارہ تھے یا سرے سے لگائے ہی نہیں گئے تھے۔ یہ تمام حقائق متعلقہ اداروں کی غفلت، لاپرواہی اور نگرانی کے فقدان کی نشاندہی کرتے ہیں، جن کی ذمہ داری تھی کہ وہ شہری عمارتوں کی باقاعدہ جانچ پڑتال اور حفاظتی معیارات پر عملدرآمد یقینی بناتے۔ کراچی جیسے بڑے شہر میں اس نوعیت کے المناک واقعات کا بار بار پیش آنا اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ قوانین موجود ہونے کے باوجود ان پر عملدرآمد نہ ہونے کے برابر ہے۔ متاثرہ خاندان اس وقت شدید ذہنی اذیت، صدمے اور بے یقینی کی کیفیت میں مبتلا ہیں۔ کوئی اسپتالوں کے چکر لگا رہا ہے تو کوئی جائے وقوعہ پر اپنے پیاروں کی خبر کے انتظار میں کھڑا ہے۔ سوشل میڈیا اور عوامی حلقوں میں اس سانحے پر شدید ردعمل پایا جاتا ہے، جہاں لوگ نہ صرف افسوس کا اظہار کر رہے ہیں بلکہ ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت اور شفاف کارروائی کا مطالبہ بھی کر رہے ہیں۔ عوام یہ سوال اٹھا رہے ہیں کہ آخر کب تک انسانی جانوں کو تجارتی مفادات، بدعنوانی اور انتظامی غفلت کی بھینٹ چڑھایا جاتا رہے گا، اور کب ان سانحات کا حقیقی احتساب ہوگا۔ یہ واقعہ اجتماعی طور پر ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ اگر بروقت نگرانی، سخت قوانین اور غیر جانبدار احتساب کا نظام موجود ہوتا تو شاید اس قدر قیمتی جانوں کو خطرے میں نہ ڈالا جاتا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اور متعلقہ ادارے فوری طور پر تمام غیر قانونی پلازوں اور تجارتی عمارتوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں اور حفاظتی نظام کو مؤثر بنائیں۔ ذمہ دار مالکان، ٹھیکیداروں اور اجازت دینے والے افسران کو قانون کے کٹہرے میں لا کر مثال قائم کی جائے تاکہ مستقبل میں کوئی انسانی جانوں سے کھیلنے کی جرات نہ کر سکے۔ یہ سانحہ محض ایک حادثہ نہیں بلکہ ہمارے مجموعی نظام کی کمزوریوں اور اجتماعی بے حسی کی عکاسی کرتا ہے، جس پر سنجیدہ غور وفکر ناگزیر ہے۔ ہمیں بطور معاشرہ یہ عہد کرنا ہوگا کہ انسانی جان کی حرمت کو ہر قسم کے فائدے، لالچ اور وقتی مفاد پر فوقیت دی جائے۔ یہ امید کی جاتی ہے کہ یہ سانحہ محض ایک خبر بن کر ماضی کا حصہ نہ بنے بلکہ اصلاح، احتساب اور حقیقی تبدیلی کی بنیاد ثابت ہو۔

صوبائی وزیر کا راولپنڈی سگنل فری منصوبہ کا تفصیلی دورہ، کام کی رفتار کا جائزہ لیا

عوام کو جدید اور آسان سفری سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں پر کام جاری

راولپنڈی سگنل فری منصوبہ کی تکمیل سے سفری فاصلے کم، کاروباری سرگرمیوں میں تیزی آئے گی۔صوبائی وزیر کا اجلاس سے خطاب

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعمیرات ومواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کی روشنی میں عوام کو جدید اور آسان سفری سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔راولپنڈی سگنل فری منصوبہ کی تکمیل سے سفری فاصلے کم ہوں گے جس سے لاکھوں شہری روزانہ مستفید ہوں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت راولپنڈی میں اجلاس منعقد ہوا۔ جلاس میں محکمہ ہائی وے کے حکام نے صوبائی وزیر کو راولپنڈی سگنل فری منصوبہ کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا ہے راولپنڈی سگنل فری منصوبہ میں دوفلائی اوور اور 3 انڈر پاسز شامل ہیں، جن پر تیزی سے کام جاری ہے۔ منصوبہ کچہری چوک، افتخار جنجوعہ چوک اور آئیکسی چوک کی جدید ری ماڈلنگ پر مشتمل ہوگا۔صوبائی وزیر نے متعلقہ حکام کو سنگل فری منصوبہ کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کی روشنی میں عوام کو جدید اور آسان سفری سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ ٹریفک کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جارہا ہے۔راولپنڈی سگنل فری منصوبہ کی تکمیل سے سفری فاصلے کم ہوں گے جس سے لاکھوں شہری روزانہ مستفید ہوں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ سفری فاصلے جلد طے ہونے کی وجہ سے کاروباری سرگرمیوں میں تیزی آئے گی۔فلائی اوور روات چوک سے راشد منہاس روڈ تک پھیلا ہوگا جو راولپنڈی کی ٹریفک کے نقشے کو مکمل طور پر بدل دے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ بیوٹیفکیشن کے کام پر خصوصی توجہ دی جائے۔ بعدازاں صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے راولپنڈی سگنل فری منصوبے کے کام کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر نے کام کے معیار اور رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا۔صوبائی وزیر کا اسکا موقع پر کہنا تھا کہ راولپنڈی سگنل فری منصوبہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی عوام دوست پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے راولپنڈی کے شہریوں کو ٹریفک جام، تاخیر اور ذہنی دباؤ سے نجات ملے گی۔

فتح جنگ، تحصیلدار فتح جنگ چوہدری شفقت محمود نے مقامی خاتون کے قیمتی پلاٹ پر 15 سالہ پرانا قبضہ ختم کرا کر پلاٹ اسکے حوالے کر دیا۔

یہ ہسپتال 2018 میں تعمیر تو ہو چکے تھے مگر آلات کی کمی اور ایم او یوز نہ ہونے کے باعث غیر فعال رہے، چوہدری سالک حسین

بلوچستان کے محنت کشوں کے لیے تاریخی دن وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے پانچ جدید ورکرز ہسپتالوں کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

ہسپتال بین الاقوامی محنت کشوں کی تنظیم (ILO) کی ہدایات کی روشنی میں تعمیر کیے گئے ہیں تاکہ صنعتی وکان کن محنت کشوں کو محفوظ اور باعزت مفت طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں

وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی و انسانی وسائل کی ترقی، چوہدری سالک حسین نے بلوچستان کے دوردراز اور کان کنی کے اہم علاقوں پشین، دالبندین، نوکنڈی، چمالانگ اور مسلم باغ میں قائم پانچ جدید، مکمل سہولیات سے آراستہ 25، 25 بستروں پر مشتمل ورکرز ہسپتالوں کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں صوبائی وزرا، اراکین صوبائی اسمبلی پشین، لیبر ایڈوائزر بلوچستان سردار غلام رسول عمرانی، صوبائی وزیر نور محمد دمڑ، وفاقی سیکریٹری ندیم اسلم چوہدری، سیکریٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد، محکمہ صحت بلوچستان کے اعلیٰ حکام، ورکرز ویلفیئر فنڈ بلوچستان کے افسران، محنت کشوں کے تنظیمی عہدیداران اور مزدوروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ آج میں یہاں صرف ایک وفاقی وزیر نہیں بلکہ ایک ایسے پاکستانی کی حیثیت سے موجود ہوں جو کان کن مزدور کے پسینے، قربانی اور محنت کو سلام پیش کرتا ہے۔ یہ ہسپتال عمارتیں نہیں بلکہ ریاستِ پاکستان کا اپنے محنت کشوں سے کیا گیا ایک وعدہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ یہ ہسپتال بین الاقوامی محنت کشوں کی تنظیم (ILO) کی ہدایات کی روشنی میں تعمیر کیے گئے ہیں تاکہ صنعتی وکان کن محنت کشوں کو محفوظ اور باعزت مفت طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ یہ ہسپتال 2018 میں تعمیر تو ہو چکے تھے مگر آلات کی کمی اور ایم او یوز نہ ہونے کے باعث غیر فعال رہے، تاہم وفاقی وزارت برائے سمندر پار پاکستانی وانسانی وسائل کی ترقی اور حکومتِ بلوچستان کی مشترکہ کاوشوں سے اب انہیں مکمل طور پر فعال کر کے محکمہ صحت بلوچستان کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ یہ ہسپتال صرف ورکرز اور ان کے اہل خانہ تک محدود نہیں ہوں گے بلکہ بلوچستان کے عام عوام بھی بلا امتیاز اور بلا معاوضہ ان طبی سہولیات سے استفادہ کر سکیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے ورکرز ہماری اولین ترجیح ہیں۔ ان کی صحت، تحفظ، عزت اور فلاح کے لیے وفاقی حکومت ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ قریب میں وفاقی وزیر نے وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف کا خصوصی شکریہ ادا کیا جن کی مزدور دوست پالیسیوں اور وژن سے ایسے فلاحی منصوبے عملی صورت اختیار کر رہے ہیں۔ انہوں نے چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ امن واستحکام ہی ترقی اور عوامی فلاح کے منصوبوں کی بنیاد بنتا ہے۔ وفاقی وزیر نے حکومت بلوچستان، محکمہ صحت، ورکرز ویلفیئر فنڈ اور تمام متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ہسپتال آنے والے برسوں میں ہزاروں قیمتی جانیں بچانے اور ایک صحت مند، خوشحال بلوچستان کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کریں گے اس موقع پر لیبر ایڈوائزر بلوچستان سردار غلام رسول عمرانی نے بھی خطاب کیا اور وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین، وفاقی سیکریٹری ندیم اسلم چوہدری اور سیکریٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد کو یادگاری شیلڈز پیش کیں۔

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت اسلام آباد سلاٹر ہاس منصوبے سے متعلق سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی زیر صدارت سلاٹر ہاؤس منصوبے سے متعلق سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اجلاس

سی ڈی اے بورڈ کے ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ممبر پلاننگ وڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ڈی جی ریسورس شکیل احمد، ڈی جی ورکس، کنسلٹنٹس سمیت دیگر سنیئر افسران نے شرکت کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے (وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت جمعرات کے روز اسلام آباد سلاٹر ہاس منصوبے سے متعلق سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا۔ جسمیں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ڈی جی ریسورس شکیل احمد، ڈی جی ورکس، کنسلٹنٹس سمیت دیگر سنیئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسلام آباد سلاٹر ہاس منصوبے میں ہونے والی پیشرفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اسلام آباد سلاٹر ہاس منصوبے کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت تعمیر کیا جائیگا۔ جسمیں جدید اور سٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائیگا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے کے تحت جدید خطوط پر استوار ذبح خانے اور چلنگ رومز جیسی سہولیات فراہم کی جائینگی۔ اسلام آباد سلاٹر ہاس کی تمام سہولیات سروسنگ ماڈل کے تحت میسر ہونگی۔ اسی طرح سلاٹر ہاس میں کمرشل ایریا اور جانوروں کی تجارت کیلئے ایریا بھی مختص کیا گیا ہے۔ اجلاس میں اسلام آباد سلاٹر ہاس کے فنانشل ماڈل پر بھی غور کیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے ہدایت کی کہ اس منصوبے کا ڈیزائن اور ماڈل سی ڈی اے بورڈ اور میٹ بورڈ کے سامنے پیش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے جڑواں شہروں کے باسیوں کی گوشت کی ضروریات کیساتھ عالمی مارکیٹس میں گوشت برآمد کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے مزید کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو بہتر سے بہترین سہولیات فراہم کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

اٹک: رکن قومی اسمبلی ممبر سپریم جوڈیشل کمیشن شیخ آفتاب احمد، سابق رکن پنجاب اسمبلی سردار افتخار احمد خان المعروف مٹھوخان اور دیگر تحصیل حسن ابدال کی یونین کونسل۔ سلطان پور کے گاؤں جھوج میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ اٹک کے زیر اہتمام ایک کروڑ 77 لاکھ 58 ہزار روپے کی لاگت سے سڑک کی تعمیر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

آگ لگنے اور شارٹ سرکٹ کی صورت میں ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے ہر رہائشی و کمرشل عمارت میں ایمرجنسی ایگزیکٹ کو یقینی بنایا جائے

چیئرمین سی ڈی اے کی وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے تمام رہائشی و کمرشل پراپرٹیز میں آگ بجھانے کیلئے کیے گئے اقدامات کا سروے کرنے کی ہدایت

تمام نجی و پبلک رہائشی و کمرشل پراپرٹیز کے مالکان کو نوٹسز بھی جاری کرنے کے ساتھ ساتھ تمام نجی و پبلک، رہائشی و کمرشل عمارات کی انسپکشن کا عمل بھی شروع کیا جارہا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے (وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے تمام رہائشی و کمرشل پراپرٹیز میں آگ بجھانے اور ایمرجنسی سے نمٹنے کیلئے کیے گئے اقدامات کا سروے کرنے کی ہدایت کی۔ اس سلسلے میں تمام نجی و پبلک رہائشی و کمرشل پراپرٹیز کے مالکان کو نوٹسز بھی جاری کرنے کے ساتھ ساتھ تمام نجی و پبلک، رہائشی و کمرشل عمارات کی انسپکشن کا عمل بھی شروع کیا جارہا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا ہے کہ آگ لگنے اور شارٹ سرکٹ کی صورت میں ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے ہر رہائشی و کمرشل عمارت میں ایمرجنسی ایگزیکٹ کو یقینی بنایا جائے۔ اس سلسلے میں پرائیویٹ بلڈنگز کے مالکان ایمرجنسی ایگزیکٹ کنسلٹنٹ کے ذریعے بنائیں جبکہ پبلک بلڈنگز میں ایمرجنسی ایگزیکٹ سی ڈی اے کی مشاورت سے بنائے جائیں۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے ہدایت کی کہ تمام پرائیویٹ اور پبلک بلڈنگز کا سروے کر کے ایک ماہ کے اندر رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ حساس قرار دی جانے والی عمارتوں کی ایلویشن کروائی جائیگی۔ اس ضمن میں چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر بلڈنگ کنٹرول ڈائریکٹوریٹ نے ٹیمیں تشکیل دیدی ہیں۔ یہ ٹیمیں فوری طور پر حساس عمارتوں کا سروے مکمل کر کے اپنی رپورٹ متعلقہ افسران کو پیش کریں گی۔ ان اقدامات کا مقصد کسی بھی ناخوشگوار واقعے بالخصوص آگ لگنے کی صورت میں جانی نقصان سے بچانا ہے۔

جہلم پنجاب بھر میں شدید سردی کی لہر کم نہ ہو سکی، ضلع جہلم میں بھی پارہ سنگل ڈجٹ پر آ گیا

صوبائی دارالحکومت لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 8 ڈگری ریکارڈ کیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنجاب بھر میں شدید سردی کی لہر کم نہ ہو سکی، ضلع جہلم میں بھی پارہ سنگل ڈجٹ پر آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 8 ڈگری ریکارڈ کیا گیا، جبکہ جہلم میں 3 درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا ہے شہر میں سرد یخ بستہ ہوائیں چلنے سے بھی موسم مزید ٹھنڈا محسوس کیا جا رہا ہے، جہلم ضلع بھر میں آئندہ مزید کچھ روز سردی کی شدت برقرار رہنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے

بلوچستان: وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین، پشین، دالبندین، نوکنڈی، چمالانگ اور مسلم باغ میں قائم پانچ جدید، مکمل سہولیات سے آراستہ، بستروں پر مشتمل ورکرز ہسپتالوں کا باضابطہ افتتاح کر رہے ہیں۔

علی پور سے پاکستان کی سیاست میں ایک بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے

گزشتہ روز پاکستان عوامی قوت کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ کی علی پور کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت علی بھائی سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات ہوئی

علی پور (قاری نسیم عباسی) علی پور سے پاکستان کی سیاست میں ایک بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے۔ گزشتہ روز پاکستان عوامی قوت کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ کی علی پور کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت علی بھائی سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات ہوئی۔ اس ملاقات کی میزبانی امجد علوی، سردار ریاض، عاصم کیانی اور راجہ عادل نے کی، جبکہ عوامی علاقہ کی بڑی تعداد کی موجودگی نے پروگرام کی اہمیت کو دوچند کر دیا۔ ملاقات کے دوران علی بھائی نے چیئرمین پاکستان عوامی قوت خاقان وحید خواجہ کے مشن اور وژن پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان عوامی قوت کے ساتھ مل کر عوامی خدمت کے سفر کو آگے بڑھائیں گے۔ اس موقع پر یہ بھی طے پایا کہ آنے والے دنوں میں علی پور میں بھاری اکثریت کے ساتھ ایک باضابطہ شمولیتی پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ یہ ملاقات علی پور میں پاکستان عوامی قوت کی تیزی سے بڑھتی ہوئی مقبولیت، مضبوط عوامی حمایت اور مثبت سیاست کی واضح عکاس ہے۔

فتح جنگ ہسپتال کو بڑے ہسپتالوں جیسی مشینری اور عملہ مہیا کیا جائے۔ حاجی صدر السلام برج

فتح جنگ شہر میں بچے بچیوں کے لئے یونیورسٹی کا قیام انتہائی ضروری ہے

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) کے مطابق تحصیل فتح جنگ جو کہ ضلع اٹک کی سب سے بڑی تحصیل ہے اور اس سے ملحقہ تحصیل جنڈ اور تحصیل پنڈیگھیب بھی بڑی تحصیلیں ہیں لیکن پسماندگی کا یہ عالم ہے ان تینوں تحصیلوں میں بچوں کی اعلیٰ تعلیم کے لئے یونیورسٹی نہ ہے ان تینوں تحصیلوں کے بچے اور بچیوں کو ٹیکسلا، راولپنڈی، اسلام آباد اور دیگر اضلاع میں جانا پڑتا ہے، جس وجہ سے ایک بچے کو ماہانہ تقریباً پچاس سے ساٹھ ہزار گاڑیوں کا کرایہ وغیرہ لگانا پڑتا ہے کیونکہ فتح جنگ تحصیل ہر لحاظ سے ایک بہترین تحصیل ہے اگر فتح جنگ میں بچے، بچیوں کی اعلیٰ تعلیم کے لئے یونیورسٹی بنائی جائے تو جنڈ اور پنڈیگھیب کے بچے بچیاں بھی یہاں پر آسانی سے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں فتح جنگ شہر میں سینکڑوں کنال اراضی بھی گورنمنٹ کی موجود ہے اس کے علاوہ فتح جنگ کی سول ہسپتال جو کہ ایک بہت بڑی سرکاری ہسپتال ہے یہاں پر بھی جنڈ اور پنڈیگھیب کے لوگ طبی امداد کے سلسلے میں آتے ہیں لیکن یہاں پر سوائے چند ادویات اور ٹیکوں کے علاوہ اور جان بچانے کا کوئی موثر انتظام موجود نہ ہے جس کی وجہ سے ایکسیڈنٹ یا شدید زخمی مریض کو فوری طور پر راولپنڈی کی مختلف ہسپتالوں میں ریفر کر دیا جاتا ہے اس طرح اکثر مریض راستے میں ہی دم توڑ دیتے ہیں

تحصیلدار چوہدری شفقت محمود کی قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی

کارروائی کے نتیجے میں ایک مقامی خاتون کی جائیداد پر قائم 15 سالہ ناجائز قبضہ ختم کروا کر قیمتی پلاٹ اصل مالکہ کے حوالے کر دیا گیا

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے تحت، کمشنر راولپنڈی، ڈی سی اٹک اور اے سی فتح جنگ کی ہدایات کے مطابق تحصیل فتح جنگ میں قانون کی عملداری کو یقینی بناتے ہوئے تحصیلدار چوہدری شفقت محمود نے قبضہ مافیا کے خلاف ایک اور موثر اور جرات مندانہ کارروائی عمل میں لائی۔ اس کارروائی کے نتیجے میں ایک مقامی خاتون کی جائیداد پر قائم 15 سالہ ناجائز قبضہ ختم کروا کر قیمتی پلاٹ اصل مالکہ کے حوالے کر دیا گیا۔ متاثرہ خاتون بشریٰ بی بی، سکنہ فتح جنگ، نے بتایا کہ ان کی شادی تلہ گنگ میں ہوئی تھی جبکہ فتح جنگ کے علاقے اکرم سٹی سے ملحقہ ان کا ایک کنال اور تیرہ مرلہ پر مشتمل قیمتی پلاٹ گزشتہ پندرہ برس سے ان کے سگے بھانجے کے ناجائز قبضے میں تھا، جس کے باعث وہ طویل عرصے سے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہی تھیں۔ گزشتہ روز بشریٰ بی بی نے تحصیلدار چوہدری شفقت محمود کے دفتر میں باقاعدہ درخواست دی، جس پر تحصیلدار نے بغیر کسی تاخیر کے عاشر سہیل گرداور کے ذریعے ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال کروائی۔ حقائق درست ثابت ہونے پر تحصیلدار خود موقع پر پہنچے اور سرکاری ٹیم کے ہمراہ فوری کارروائی کرتے ہوئے قبضہ ختم کرا کے پلاٹ خاتون کے حوالے کر دیا۔ پلاٹ واگزار ہونے پر بشریٰ بی بی کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو تھے، انہوں نے تحصیلدار چوہدری شفقت محمود کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے درازی عمر اور مزید کامیابیوں کی دعا کی۔ ان کا کہنا تھا کہ بروقت اور بے خوف کارروائی نے انہیں برسوں بعد انصاف دلایا۔ مقامی عوام نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ چوہدری شفقت محمود واقعی مظلوموں کی آواز ہیں اور ان کی قیادت میں تحصیل میں قانون کی بالادستی قائم ہو رہی ہے۔

ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو کی زیرِ نگرانی انٹرویو کا انعقاد

پنڈدادنخان (تحصیل رپورٹر) ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو کی زیرِ نگرانی پولیس لائنز جہلم میں لسٹ A محکمانہ امتحان میں کامیاب ہونے والے جوانوں کا پریڈ ٹیسٹ اور انٹرویو کا انعقاد امیدواروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، نظم و ضبط اور جسمانی فٹنس کا عملی جائزہ لیا گیا، پریڈ ٹیسٹ کے دوران فرداً فرداً ہر جوان کی پریڈ، یونیفارم، ٹرن آؤٹ اور ڈسپلن کو تفصیلی طور پر چیک کیا گیا، انٹرویو کے مرحلے میں امیدواروں سے پولیس رول، ضابطہ فوجداری، محکمانہ امور اور جنرل نالج سے متعلق سوالات کیے گئے تاکہ ان کی پیشہ ورانہ آگاہی اور ذہنی استعداد کا جائزہ لیا جا سکے، اس موقع پر ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو نے کہا کہ ترقی پانے والے افسران اور جوانوں میں پیشہ ورانہ مہارت، نظم وضبط اور قانون سے مکمل آگاہی ہونا انتہائی ضروری ہے اہل اور باصلاحیت جوانوں کی ترقی سے پولیس فورس کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی،

اٹک، جی ٹی روڈ جلو سٹاپ کے قریب ڈمپر اور کار میں تصادم

اٹک (بیورو رپورٹ) جی ٹی روڈ جلو سٹاپ کے قریب ڈمپر اور کار میں تصادم، چار افراد زخمی جی ٹی روڈ جلو اسٹاپ کے قریب اس وقت ٹریفک حادثہ پیش آیا جب ایک ڈمپر غلط طریقے سے یوٹرن لے رہا تھا کہ اسی دوران پیچھے سے آنے والی ایک کار اس سے ٹکرا گئی۔ حادثے کے نتیجے میں کار میں سوار چار افراد زخمی ہو گئیا طلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 حسن ابدال کی دو ایمبولینسز فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تحصیل ہسپتال حسن ابدال منتقل کر دیا۔ جہاں دو زخمیوں کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث انہیں راولپنڈی ریفر کر دیا گیا زخمیوں میں 22 سالہ ندیم، 62 سالہ زوجہ شہباز، 65 سالہ رحیم خان اور 28 سالہ عبداللہ شامل ہیں

اٹک میں نیزہ بازی کے مقابلے، ملک ہارون کی پہلی پوزیشن

سردار وہاب دوسرے نمبر پر، کامیابی محنت اور مضبوط قیادت کا ثبوت، سردار محمد ریاض

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) نیزہ بازی پاکستان کا ایک مقبول کھیل ہے خاص طور پر دیہاتوں میں یہ کھیل کئی دھائیوں سے کھیلا جارہا ہے اس کھیل کے ٹورنامنٹس بھی ہر سال کرائے جاتے ہیں اس سال کے آغاز پر تحصیل جنڈ ضلع اٹک میں نیزہ بازی کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جس میں چوٹی کے کھلاڑیوں نے شرکت کی تماشائیوں کی بہت بڑی تعداد نے ان مقابلوں کو دیکھا اور خوب داد دی میڈیا کی ٹیمیں بھی ایونٹ کی کوریج کیلئے موجود تھیں، اخلاص غازی ٹنٹ پیگنگ کلب، اخلاص پنڈی گھیب کے دو باصلاحیت جوانوں نے جلوال، تحصیل جنڈ ضلع اٹک میں ہونے والے مقابلے میں بہترین کارکردگی دکھاتے ہوئے فرسٹ اور سیکنڈ پوزیشن حاصل کی۔ فرسٹ پوزیشن ملک ہارون منیر پنڈی گھیب سیکنڈ پوزیشن سردار وہاب آف میٹھالاس نے حاصل کی، اس موقع پر کلب کے بانی سردار ریاض آف اخلاص نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انعامات پیش کیے۔ اپنے خطاب میں سردار ریاض آف اخلاص نے کہا کہ یہ کامیابی محنت، لگن اور مضبوط قیادت کا ثبوت ہے۔ پورے علاقے کے لیے فخر کا ایک لمحہ ہے ٹنٹ پیگنگ کے کھیل کے فروغ کیلئے پہلے بھی کام کیا مستقبل میں بھی کام کرتے رہینگے۔

معاشی استحکام اور برآمدات میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، بلال اظہر کیانی

اجلاس کا مقصد پاکستان میں کاروبار کے پھیلاؤ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا اور سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنانا تھا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل (SIFC) کے تعاون سے کاروباری برادری کے نمائندوں کے ساتھ ایک اہم مشاورتی اجلاس کی صدارت کی، جس میں ملک کے بڑے چیمبرز آف کامرس) بشمول کراچی، لاہور، فیصل آباد، کوئٹہ، سرحد، راولپنڈی اور سیالکوٹ (اور کاروباری تنظیموں جیسے APTMA، PBC اور FPCCI کے صدور اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد پاکستان میں کاروبار کے پھیلا میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا اور سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنانا تھا۔ اس موقع پر وزیر مملکت نے حکومت کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نجی شعبے کی ترقی کے لیے ایک مستحکم اور شفاف پالیسی فریم ورک فراہم کیا جائے گا، کیونکہ پائیدار معاشی بحالی اور برآمدات پر مبنی ترقی ہی حکومتی حکمتِ عملی کا بنیادی ستون ہیں۔ اجلاس کے دوران کاروباری برادری نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی اور کاروباری عمل کو آسان بنانے میں SIFC کے فعال کردار کو سراہا، تاہم ریگولیٹری عمل میں درپیش چیلنجز پر تحفظات کا اظہار بھی کیا۔ بلال اظہر کیانی نے متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو ان مسائل کے فوری اور موثر حل کے لیے مربوط اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے گزشتہ اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے اب تک کی کوششوں کی تعریف کی اور نئے اٹھائے گئے مسائل کے حل کے لیے واضح لائحہ عمل طے کیا۔

پنڈدادنخان، ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو کی زیر نگرانی انٹرویو کا انعقاد

مختلف علاقوں سے 8 افراد کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں

ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں اور ایسے عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (بی این پی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے مختلف علاقوں سے 8 افراد کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ بی این پی کے مطابق یہ کارروائیاں تھانہ کینٹ، دھمیال، روات اور کلر سیداں کے علاقوں میں کی گئیں، جہاں پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کو حراست میں لے کر قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں اور ایسے عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

پاکستان کی انٹربینک مارکیٹ میں امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (بی این پی) پاکستان کی انٹربینک مارکیٹ میں امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ بی این پی کے مطابق سٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق جمعہ کو انٹربینک مارکیٹ میں امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں 03 پیسے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جس کے بعد اس کی نئی قیمت 280 روپے 02 پیسے ہو گئی ہے۔ انٹربینک مارکیٹ میں سعودی ریال کی قدر 74 روپے 67 پیسے جبکہ بحرینی دینار کی قدر 742 روپے 85 رہی۔ اسی طرح عمانی ریال کی انٹربینک مارکیٹ میں قدر 727 روپے 35 پیسے رہی، کویتی دینار کی قدر 916 روپے 30 پیسے اور قطری ریال کی قدر 76 روپے 61 پیسے ریکارڈ کی گئی۔ دوسری جانب اوپن مارکیٹ میں امریکی ڈالر کی قیمت خرید 280 روپے 75 پیسے اور قیمت فروخت 282 روپے 80 پیسے ریکارڈ کی گئی۔

صوبائی وزیر تعمیرات ومواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ راولپنڈی سگنل فری منصوبے کے کام کا جائزہ لینے کیلئے دورہ کر رہے ہیں۔

عوامی سہولت، فوری ریلیف اور شفاف حکمرانی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ادارے مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام جاری رکھیں گے

ضلعی رابطہ کمیٹی برائے لا اینڈ آرڈر کا اجلاس ڈپٹی کمشنر اٹک راؤ عاطف رضا کی زیر صدارت منعقد ہوا

اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیل سعید نے تفصیلی بریفنگ دی جبکہ تمام متعلقہ محکموں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی

اٹک (بیورو رپورٹ) ضلعی رابطہ کمیٹی برائے لا اینڈ آرڈر کا اجلاس ڈپٹی کمشنر اٹک راعاطف رضا کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیل سعید نے تفصیلی بریفنگ دی جبکہ تمام متعلقہ محکموں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، ٹریفک مینجمنٹ، انسداد تجاوزات، غیر قانونی پٹرول پمپس اور ایل پی جی ڈیکینٹنگ کے خلاف کارروائیوں، انسداد بجلی چوری، بھیک مانگنے کے خلاف اقدامات، مدارس کی رجسٹریشن اور غیر قانونی غیر ملکیوں کے خلاف جاری آپریشنز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیل سعید نے پریزینٹیشن کے ذریعے آگاہ کیا کہ دسمبر کے مہینے کے دوران عوامی آگاہی مہم کے تحت 24 آگاہی واکس، 44 پرنٹ میڈیا مہمات، 33 الیکٹرانک میڈیا پروگرامز، 30 سوشل میڈیا کمپینز، 17 بینرز / اسٹریمرز جبکہ 21 کیبل نیٹ ورکس کے ذریعے آگاہی پیغامات نشر کیے گئے۔ ٹریفک قوانین کے نفاذ اور اہم شاہراہوں پر چیکنگ کے دوران متعدد خلاف ورزیوں پر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ انسداد بجلی چوری مہم کے دوران درجنوں مقامات پر چیکنگ کی گئی جبکہ تجاوزات کے خلاف آپریشن میں سرکاری اراضی واگزار کروائی گئی۔ اسی طرح غیر قانونی پٹرول پمپس اور ایل پی جی ڈیکینٹنگ یونٹس کے خلاف بھی کارروائیاں جاری رہیں۔ مزید براں ڈیش بورڈ پر موصول ہونے والی 370 شکایات میں سے 324 شکایات حل کر دی گئی ہیں جبکہ زیر التوا کیسز کی تعداد میں نمایاں کمی آئی ہے۔ غیر قانونی غیر ملکیوں کے خلاف کارروائیوں کے حوالے سے بریفنگ میں بتایا گیا کہ مختلف مراحل میں بڑی تعداد میں افراد کی نشاندہی کی گئی جبکہ ہزاروں افراد رضا کارانہ طور پر ملک چھوڑ چکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر اٹک راعاطف رضا نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی واضح ہدایات کی روشنی میں ضلع بھر میں قانون کی عملداری، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ باہمی رابطے اور موثر کوآرڈینیشن کے ذریعے حکومتی پالیسیوں پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی سہولت، فوری ریلیف اور شفاف حکمرانی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ادارے مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام جاری رکھیں گے۔

اسلام آباد: چوہدری محمد عثمان اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیکورٹی پمز کو راجہ امجد، ملک طاہر تنویر نوشاہی، راجہ کامران طارق سیالوی، رضوان کیانی، راجہ رب نواز قریشی، راجہ بخار اور دیگر پھولوں کا گلدستہ پیش کرتے ہوئے۔

پوٹھوہار گروپ پمز کی جانب سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد

پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) میں چوہدری محمد عثمان کی بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیکیورٹی تعیناتی

اس موقع پر پوٹھوہار گروپ کے عہدیداران اور ممبران نے چوہدری محمد عثمان کے دفتر جا کر انہیں مبارکباد پیش کی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز) پمز (میں چوہدری محمد عثمان کی بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیکیورٹی تعیناتی کے موقع پر پوٹھوہار گروپ پمز کی جانب سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر پوٹھوہار گروپ کے عہدیداران اور ممبران نے چوہدری محمد عثمان کے دفتر جا کر انہیں مبارکباد پیش کی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ پوٹھوہار گروپ کے سرپرستِ اعلیٰ راجہ محمد امجد، صدر ملک طاہر محمود اعوان، راجہ رب نواز، رضوان کیانی، تنویر نوشاہی) پریس سیکریٹری (، مسعود قریشی، راجہ کامران اقبال، راجہ فخر عباس، طارق سیالوی، امین الرحمٰن، راجہ محمد سعید، محمد فاروق سمیت دیگر ممبران اس موقع پر موجود تھے۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے صدر پوٹھوہار گروپ ملک طاہر محمود اعوان نے کہا کہ پمز ایک قومی ادارہ ہے جہاں ملک بھر سے مریض علاج کی غرض سے آتے ہیں۔ مریضوں کی خدمت کرنا ہم سب کا فرضِ عین ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوٹھوہار کے مریضوں کے ساتھ ساتھ دیگر تمام مریضوں کی خدمت اور ادارے کی نیک نامی کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے دیگر مقررین نے چوہدری محمد عثمان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیکیورٹی پمز میں نظم وضبط، سیکیورٹی اور ادارہ جاتی بہتری کے لیے مثبت اقدامات کریں گے۔

اپنی اہلیہ کو قتل کر کے اس کے سابقہ شوہر پر الزام عائد کرنے والے شخص گرفتار

ملزم کی نشاندہی پر قتل میں استعمال ہونے والا پسٹل بھی برآمد کر لیا گیا

راولپنڈی (بی این پی) تھانہ روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو ہفتے قبل اپنی اہلیہ کو قتل کر کے اس کے سابقہ شوہر پر الزام عائد کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق زیر حراست ملزم نے فائرنگ کر کے اپنی اہلیہ کو قتل کیا اور خود کو معمولی زخمی کر کے یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ مقتولہ کے سابقہ شوہر نے فائرنگ کی ہے۔ پولیس نے واقعے کی تفتیش کی تو ملزم نے جرم کا اعتراف کر لیا۔ ملزم کی نشاندہی پر قتل میں استعمال ہونے والا پسٹل بھی برآمد کر لیا گیا۔ ایس پی صدر کا کہنا تھا کہ ملزم کے خلاف ٹھوس شواہد اکٹھے کر کے چالان عدالت پیش کیا جائے گا

ایس ایس پی سیکیورٹی ڈویژن کا چائنیز منصوبوں کی سیکیورٹی اور بہتری سے متعلق اہم اجلاس کا انعقاد

وفد نے منصوبوں پر نصب وہیکل اسکیننگ سسٹم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی دی۔

ایس ایس پی سیکیورٹی ڈویژن کا چائنیز منصوبوں کی سیکیورٹی اور بہتری سے متعلق اہم اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں غیر ملکیوں کی سیکیورٹی، خصوصاً وہیکل اسکیننگ سسٹم اور مجموعی حفاظتی انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایس ایس پی سیکیورٹی ڈویژن کا چائنیز منصوبوں کی سیکیورٹی اور بہتری سے متعلق اہم اجلاس کا انعقاد۔ اجلاس میں غیر ملکیوں کی سیکیورٹی، خصوصاً وہیکل اسکیننگ سسٹم اور مجموعی حفاظتی انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ وفد نے منصوبوں پر نصب وہیکل اسکیننگ سسٹم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی سیکیورٹی) کیپٹن ر (سید ذیشان حیدر نے چائنیز پروجیکٹ اسلام آباد کے وفد کے ساتھ ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا، جس میں چائنیز منصوبوں کی سیکیورٹی، خصوصاً وہیکل اسکیننگ سسٹم اور مجموعی حفاظتی انتظامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اجلاس کے دوران چائنیز وفد نے منصوبوں پر نصب وہیکل اسکیننگ سسٹم کے حوالے سے بریفنگ بھی دی، جس میں سسٹم کی افادیت، موجودہ طریقہ کار اور درپیش چیلنجز پر روشنی ڈالی گئی، بریفنگ کے بعد شرکا نے سیکیورٹی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کیلئے مختلف پہلوؤں پر تجاویز بھی پیش کیں، اس موقع پر ایس ایس پی سیکیورٹی نے کہا کہ چائنیز منصوبوں کی سیکیورٹی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے سیکیورٹی نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ باہمی تعاون اور معلومات کے تبادلے سے سیکیورٹی کے بہتر نتائج حاصل کیے جائیں گے، اجلاس میں آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں وہیکل اسکیننگ سسٹم کی بہتری اور سیکیورٹی پروٹوکولز کو مزید موثر بنانے کے اقدامات شامل تھے، تمام فریقین نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ مستقبل میں مشترکہ کوششوں کے ذریعے منصوبوں کی سیکیورٹی کو مزید مستحکم کیا جائے گا۔

Sports کھیل کھلاڑی

انڈر19 ورلڈکپ: بھارتی اور بنگلا دیشی کپتانوں کا ہاتھ نہ ملانے پر بی سی بی کی وضاحت

بورڈ کے مطابق اس لمحے جواد ابرار کی توجہ کہیں اور تھی جس کی وجہ سے یہ صورتحال پیدا ہوئی

لاہور(سپورٹس ڈیسک) بنگلا دیشی کپتان کے بھارتی کپتان سے ہاتھ نہ ملانے کے معاملے پر بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کی جانب سے وضاحت سامنے آئی ہے جس میں اس واقعے کی وجہ بیان کی گئی۔ یہ واقعہ انڈر 19 آئی سی سی ورلڈکپ کے دوران ٹاس کے موقع پر پیش آیا جب بنگلا دیش کے قائم مقام کپتان نے بھارتی ٹیم کے کپتان سے مصافحہ نہیں کیا۔ بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے اپنے بیان میں واضح کیا کہ بھارتی کپتان آیوش مہاترے سے ہاتھ نہ ملانا کسی دانستہ رویے کا نتیجہ نہیں تھا بلکہ یہ قائم مقام کپتان جواد ابرار کی غیر ارادی غلطی تھی۔ بی سی بی کا کہنا تھا کہ ٹاس کے موقع پر ایک دوسرے سے ہاتھ ملانا کھلاڑیوں کی ذمہ داری ہوتی ہے اور اس حوالے سے بورڈ کھیل کی روح اور اسپورٹس مین اسپرٹ پر مکمل یقین رکھتا ہے۔ بورڈ نے اس تاثر کو بھی رد کیا کہ واقعے کے پیچھے کسی قسم کی بدنیتی یا احتجاج کارفرما تھا۔ واضح رہے کہ انڈر 19 ورلڈکپ میں بھارت اور بنگلا دیش کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوئیں اور ٹاس کے وقت دونوں ٹیموں کے کپتانوں کے درمیان ہاتھ نہ ملانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوئی جس کے بعد مختلف قیاس آرائیاں کی جانے لگیں۔ دوسری جانب لیفٹ آرم فاسٹ بولر مستفیض الرحمٰن کو آئی پی ایل سے نکالے جانے کے معاملے پر بھارت اور بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے درمیان کشیدگی بدستور برقرار ہے جس میں وقت کے ساتھ اضافہ دیکھا جا رہا ہے اور اسی تناظر میں ٹاس کے واقعے کو بھی جوڑا جا رہا ہے۔ بورڈ کے مطابق اس لمحے جواد ابرار کی توجہ کہیں اور تھی جس کی وجہ سے یہ صورتحال پیدا ہوئی۔ بیان میں یہ بھی بتایا گیا کہ بنگلا دیش کے مستقل کپتان عزیز الحکیم طبیعت ناساز ہونے کے باعث میچ میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔

بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے نائب صدر نے آئی سی سی کو وارننگ جاری کر دی

بی سی بی کے نائب صدر نے کہا کہ وینیو تبدیلی کے معاملے پر ہم اپنے مؤقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے

لاہور(سپورٹس ڈیسک) بنگلا دیش نے ایک بار پھر آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 کے لیے بھارت جانے سے صاف انکار کرتے ہوئے اپنے مؤقف پر قائم رہنے کا اعلان کیا اور آئی سی سی کو وارننگ جاری کر دی کہ بی سی بی کسی صورت اپنے مؤقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلا دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کے نائب صدر سخاوت حسین نے ایک اجلاس کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بنگلا دیش اپنے میچوں کے لیے بھارت نہیں جائے گا اور وینیو کی تبدیلی کے حوالے سے اختیار کیا گیا مؤقف برقرار رکھا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ بی سی بی مثبت نتائج کے لیے پُرامید ہے اور اس معاملے پر آئی سی سی کے ساتھ بات چیت جاری ہے۔ سخاوت حسین نے دوٹوک انداز میں کہا کہ وینیو تبدیلی کے معاملے پر ہم اپنے مؤقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، ہم بھارت نہیں جا رہے ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بی سی بی اپنا مؤقف واضح طور پر آئی سی سی کے سامنے رکھ چکا ہے اور اب انٹرنیشنل کرکٹ کونسل متبادل وینیو تلاش کر رہی ہے۔ نائب صدر بی سی بی کا کہنا تھا کہ بات چیت کا دروازہ اب بھی کھلا ہے تاہم بورڈ اپنی سوچ اور فیصلے میں مکمل طور پر قائم ہے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ایونٹ میں اب زیادہ وقت باقی نہیں رہا، اس لیے آئندہ دنوں میں یہ دیکھنا ہوگا کہ اس صورتحال کا حتمی حل کس طرح نکالا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کی میزبانی بھارت اور سری لنکا مشترکہ طور پر کر رہے ہیں۔

انڈر19 ورلڈکپ: بھارت نے بنگلا دیش کو 18 رنز سے شکست دیدی

بارش سے متاثرہ میچ میں بنگلا دیش کی ٹیم 29 ویں اوور میں 146 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی

لاہور(سپورٹس ڈیسک) انڈر 19 ورلڈکپ کے ساتویں میچ میں بھارت نے بنگلا دیش کو ڈی ایل میتھڈ کے تحت 18 رنز سے شکست دے دی۔ بلاوایو میں کھیلے گئے میچ میں 49 اوورز میں 239 رنز کا ہدف ڈک ورتھ لوئس کے تحت 29 اوورز میں 165 تک محدود کر دیا گیا۔ جس کے تعاقب میں بنگلا دیش کی ٹیم 29 ویں اوور میں 146 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ بنگلا دیش کی جانب سے عزیز الحکیم 51 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ رفعت بیگ 37، رزان حسین 15، کلام صدیقی 15، شیخ پرویز جبن 7، زواد ابرار 5، سمیع البصیر 2، اقبال حسین ایمان 2، فرید حسن 1 اور الفہد 0 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوئے۔ بھارت کی جانب سے وہان ملہوترا نے 4 وکٹیں حاصل کیں۔ کھلان پٹیل نے 2 جبکہ کنشک چوہان، ہینل پٹیل اور دیپیش دیویندرن نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل بنگلا دیش کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بھارت کی ٹیم 49 ویں اوور میں 238 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کی جانب سے ابھگیان کنڈو اور ویبھو سوریاونشی بالترتیب 80 اور 72 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ کنشک چوہان 28 دیپیش دیویندرن 11، کھلن پٹیل 8، وہان ملہوترا 7، کپتان آیوش مہاترے 6، آر ایس امبرش 5، ہرونش پنگالیا 2 اور ویدنت ترویدی 0 کے اسکور پر آؤٹ ہوئے۔ بنگلا دیش کی جانب سے الفہد نے شاندار بولنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 5 وکٹیں حاصل کیں۔ عزیز الحکیم اور اقبال حسین ایمان نے 2، 2 جبکہ شیخ پرویز جبن نے 1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

تینوں علی سسٹرز چیک جونیئر اوپن اسکواش 2026 کے فائنل فور میں پہنچ گئیں

پیراگ میں ورلڈ اسکواش فیڈریشن کے جونیئر گولڈ سرکٹ میں پاکستان کی علی سسٹرز نے فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پشاور سے تعلق رکھنے والی تینوں علی سسٹرز نے چیک جونیئر اوپن 2026 سیمی فائنل میں رسائی حاصل کر لی۔ ماہ نور علی نے گرلز انڈر 15 ایونٹ میں فرانس کی ایلیا گروسی کو کسی دقت کے بغیر 0-3 شکست دے کر سیمی فائنل میں کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا، ان کی بڑی بہن سحرش علی نے اسی ایونٹ میں سوئزرلینڈ کی مایا کو کوئی گیم ہارے بغیر مات دے کر فائنل فور میں قدم رکھا۔ علی سسٹرز میں سب سے بڑی مہوش علی نے گرلز انڈر 17 ایونٹ میں پولینڈ کی ہانا روبیل کو 0-3 شکست دے کر سیمی فائنل میں کھیلنے کی راہ ہموار کر لی۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق پیراگ میں ورلڈ اسکواش فیڈریشن کے جونیئر گولڈ سرکٹ میں پاکستان کی علی سسٹرز نے فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا اور فائنل فور میں پہنچ گئیں۔

ایشیا کپ: پاک یو اے ای میچ کے دوران امپائر زخمی ہو کر میدان سے باہر چلے گئے

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور یو اے ای کے درمیان ایشیا کپ میچ میں امپائر زخمی ہو کر میدان سے باہر چلے گئے۔ یو اے ای کی اننگز کے چھٹے اوور میں پاکستانی وکٹ کیپر محمد حارث نے گیند بولر صائم ایوب کی جانب اچھالی جو سری لنکن امپائر روچیرا پالیا گروگے کے جا لگی۔ فزیو نے میدان میں آ کر ان کا معائنہ کیا اس دوران میچ کچھ دیر تک رکا رہا۔ امپائر میچ چھوڑ کر میدان سے باہر چلے گئے، ان کی جگہ ریزرو امپائر غازی سہیل نے میچ میں فرائض نبھائے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے یو اے ای کو 41 رنز سے شکست دے کر سپر فور مرحلے میں رسائی حاصل کر لی ہے۔

میچ ریفری کو ہٹایا جائے، پی سی بی نے آئی سی سی کو ایک اور خط لکھ دیا

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کو میچ ریفری کی تبدیلی سے متعلق ایک اور خط لکھ دیا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے آئی سی سی کو میچ ریفری تبدیل کرنے کا مطالبہ تسلیم نہ کرنے پر جوابی خط میں بھی سخت مؤقف اختیار کیا اور میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کے خلاف ایکشن نہ لینے کے فیصلے کو مسترد کر دیا۔ پی سی بی نے میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کو ہٹانے کا اپنا اصولی مطالبہ پھر دہرا دیا ہے جس کے بعد پاکستان اور یو اے ای کے درمیان آج طے شدہ میچ کے انعقاد پر شکوک و شبہات برقرار ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی اینڈی پائیکرافٹ کو نہ ہٹائے جانے پر ایشیا کپ کے باقی میچز کا بائیکاٹ کرنے کے موقف پر قائم ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے متنازع ریفری کیخلاف آئی سی سی انکوائری کو بھی رسمی کارروائی قرار دیا گیا ہے، انکوائری کے لیے تمام پہلوؤں کا نہ جائزہ لیا گیا اور نہ متعلقہ لوگوں سے رابطہ کیا گیا۔

ایشیا کپ تنازع: محسن نقوی کی سابق چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا سے مشاورت

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایشیا کپ میں پاک۔بھارت میچ کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال پر سابق پی سی بی چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا سے مشاورت کر لی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سابق چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا کو مشاورت کے لیے ہیڈ آفس آنے کی دعوت دی جہاں ایشیا کپ میں پیدا ہونے والے تنازع پر مشاورت کی گئی۔ مزید بتایا گیا کہ اس حوالے سے مشاورت کا عمل حتمی مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ اس دوران دبئی میں قومی ٹیم کو ہوٹل سے گراؤنڈ بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا اور ٹیم اسٹیڈیم کے لیے روانہ ہوگئی۔

پاکستانی کھلاڑی مہوش علی حریف کھلاڑی سے ٹکرا کر شدید زخمی

مہوش علی کی حالت اب تسلی بخش ہے، والد کی جلد صحت یابی کے لیے دعاؤں کی اپیل

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان کی معروف اسکواش کھلاڑی مہوش علی چیک جونیئر اوپن 2026 کے سیمی فائنل میں حریف کھلاڑی سے ٹکرا کر شدید زخمی ہوگئیں۔ مقامی اسپتال کے آئی سی یو وارڈ میں زیر علاج مہوش علی کی حالت قدرے بہتر ہے، اہل خانہ نے قوم سے دعاؤں کی اپیل کر دی۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق پیراگ میں ورلڈ اسکواش فیڈریشن کے جونیئر گولڈ سرکٹ میں پاکستان کی علی سسٹرز میں سب سے بڑی مہوش علی گرلز انڈر 17 ایونٹ کے سیمی فائنل میں مقابلے کے دوران شدید زخمی ہوگئیں۔ میچ میں 1-2 کی سبقت پانے والی مہوش علی چوتھے گیم میں اپنی حریف سے ٹکرا گئیں، تکلیف کی شدت کے باعث مہوش علی بہت دیر تک کورٹ میں بے سدھ پڑی رہیں، بعد ازاں مہوش علی کو ضروری طبی امداد کے لیے مقامی اسپتال پہنچایا گیا۔ مہوش علی کے والد اور کوچ عارف علی کے مطابق قومی ویمن جونیئر کھلاڑی کی حالت اب تسلی بخش ہے لیکن قوم ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرے۔ مہوش علی نے پولینڈ کی ہانا روبیل کو 0-3 شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنائی تھی، دوسری جانب پشاور سے تعلق رکھنے والی علی سسٹرز میں منجھلی بہن سحرش علی گرلز انڈر 15 ایونٹ کے سیمی فائنل میں سیڈ 2 چیک کھلاڑی جوہا ناری ہا کو اسے مات کھا گئیں، اب وہ برانز میڈل کے لیے جستجو کریں گی۔

پاک آسٹریلیا ٹی ٹوئنٹی سیریز، سستے ترین ٹکٹس کب سے دستیاب ہوں گے

سیریز کا پہلا میچ 29 جنوری، دوسرا میچ 31 جنوری اور تیسرا میچ یکم فروری کو کھیلا جائے گا

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان تین میچز پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی سیریز کے ٹکٹس کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق ٹکٹوں کی آن لائن فروخت جمعہ 16 جنوری سے شروع ہوگی۔ آن لائن ٹکٹس pcb.tcs.com.pk پر حاصل کیے جا سکیں گے۔ فیزیکل ٹکٹیں 19 جنوری بروز پیر سے ملک بھر کے ٹی سی ایس سینٹرز پر دستیاب ہوں گی۔ سیریز کا پہلا میچ 29 جنوری، دوسرا میچ 31 جنوری اور تیسرا میچ یکم فروری کو کھیلا جائے گا۔ تینوں ٹی ٹوئنٹی میچز قذافی اسٹیڈیم لاہور میں شام 6 بجے شروع ہوں گے۔ پہلے میچ کی وی آئی پی انکلوژرز کی ٹکٹ 800 روپے جبکہ باقی دونوں میں 1000 روپے کی ہوگی۔ پریمیم انکلوژرز کا ریٹ پہلے میچ میں 600 روپے ہوگا جبکہ دوسرے اور تیسرے میچ میں 700 روپے میں خریدا جا سکتا ہے۔ اقبال اینڈ وی آئی پی ٹکٹ کی قیمت 1500 اور 2000 روپے مقرر کی گئی جبکہ جناح اینڈ وی آئی پی کا ٹکٹ 2000 اور آخری دو میچوں میں 2500 روپے کا ہوگا۔

Showbiz رونق میلہ

اے آر رحمان نفرت میں اندھے ہو چکے ہیں، کنگنا رناوت

سیاسی وابستگی کے باعث انڈسٹری میں تعصب کا سامنا رہتا ہے، بھارتی اداکارہ

لاہور(شوبز رپورٹر) بالی ووڈ اداکارہ اور رکن پارلیمنٹ کنگنا رناوت اور نامور موسیقار اے آر رحمان کے درمیان ایک نیا تنازع سامنے آ گیا ہے بھارتی میڈیا کے مطابق کنگنا رناوت نے الزام عائد کیا ہے کہ اے آر رحمان نے نہ صرف ان کی ہدایت کردہ فلم ایمرجنسی کے حوالے سے ان سے ملاقات سے انکار کیا بلکہ اسے پروپیگنڈا فلم بھی قرار دیا۔ کنگنا نے سوشل میڈیا پر اے آر رحمان کا اسکرین شاٹ شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ وہ نفرت میں اندھے ہو چکے ہیں۔۔۔

استاد امانت علی خان کو مداحوں سے بچھڑے 51 برس گزر گئے

لاہور(شوبز رپورٹر) برصغیر کے عظیم کلاسیکل گلوکار اور پٹیالہ گھرانے کے معروف فنکار اُستاد امانت علی خان کو دنیا سے رخصت ہوئے 51 برس بیت چکے ہیں، مگر ان کی گائی ہوئی غزلیں اور نغمے آج بھی سامعین کے دلوں کو چھو لیتے ہیں۔ 1922 میں ہوشیار پور (برصغیر) میں پیدا ہونے والے امانت علی خان نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد اُستاد اختر حسین خان سے حاصل کی۔ وہ پٹیالہ گھرانے کے بانی علی بخش جرنیل کے پوتے اور اُستاد فتح علی خان کے بھائی تھے۔ ان دونوں بھائیوں نے ایک ساتھ پرفارمنس دے کر بے پناہ مقبولیت حاصل کی۔ قیام پاکستان کے بعد امانت علی خان لاہور منتقل ہوئے اور ریڈیو پاکستان سے وابستہ ہوگئے، جہاں انہوں نے کلاسیکل و نیم کلاسیکی گائیکی میں منفرد مقام حاصل کیا۔ ان کے معروف گیتوں میں 'ہونٹوں پہ کبھی ان کے میرا نام ہی آئے'، 'چاند میری زمیں پھول میرا وطن' اور 'یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے' شامل ہیں۔

اقرار الحسن کی شادی کو 20 برس مکمل، تقریب کی تصاویر وائرل

شادی کی بیسویں سالگرہ کی تقریب میں اقرار الحسن کی دیگر دونوں بیویوں نے بھی شرکت کی

لاہور(شوبز رپورٹر) معروف پاکستانی ٹی وی ہوسٹ اور کرائم رپورٹر اقرار الحسن سید اور ان کی اہلیہ قرۃ العین اقرار نے اپنی شادی کی 20 ویں سالگرہ خاندان اور قریبی دوستوں کے ساتھ منائی، جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ اقرار الحسن کو تحقیقاتی پروگرام سرِعام کے ذریعے شہرت ملی، جبکہ وہ رمضان ٹرانسمیشن شانِ رمضان اور دیگر طویل نشریات کی وجہ سے بھی خاصے مقبول رہے ہیں۔ اقرار الحسن کی شادی قرۃ العین اقرار سے آج سے بیس برس قبل ہوئی تھی اور ان کے ہاں ایک بیٹا پہلاج الحسن بھی ہے۔ بعد ازاں اقرار الحسن نے فرح یوسف اور عروسہ خان سے بھی شادیاں کیں، تاہم ان کے مطابق تینوں بیویوں کے درمیان خوشگوار تعلق ہے، جس کی جھلک مختلف مواقع پر سامنے آتی رہی ہے۔ اقرار الحسن کی یہی خاندانی ترتیب اکثر سوشل میڈیا پر بحث کا موضوع بھی بنتی رہتی ہے۔ حالیہ دنوں میں ان کی سیاست میں شمولیت پر بھی مداحوں کی جانب سے ملا جلا ردعمل دیکھنے میں آیا۔ شادی کی بیسویں سالگرہ کی تقریب میں اقرار الحسن کی دیگر دونوں اہلیات نے بھی شرکت کی۔ اس موقع کی تصاویر قرۃ العین اقرار نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر کیں اور کیپشن میں لکھا کہ اقرار الحسن کے ساتھ گزارے گئے یہ بیس برس ان کی زندگی کے سب سے خوبصورت سال رہے ہیں۔

گھر ٹوٹنے کا طعنہ، بشریٰ انصاری پر سوشل میڈیا صارفین کی شدید تنقید

ایونٹ کے دوران بشریٰ انصاری نے جاوید شیخ کی طلاق کے حوالے سے طنز کیا تھا

لاہور(شوبز رپورٹر) پاکستان کی سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری اپنے ساتھی اداکار جاوید شیخ پر ذاتی نوعیت کا مذاق کرنے پر سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی نشانہ بن رہی ہیں۔ بشریٰ انصاری نے ایک پریس ایونٹ کے دوران پاکستان شوبز کے سینئر اور لیجنڈری اداکار جاوید شیخ کی ذاتی زندگی اور خاص طور پر ان کی طلاق کے حوالے سے کچھ جملے کہے جو نہ صرف جاوید شیخ کو ناگوار گزرے بلکہ سوشل میڈیا صارفین نے بھی اس تبصرے پر بشریٰ انصاری کو آڑے ہاتھوں لیا۔ یہ واقعہ اُس وقت پیش آیا جب بشریٰ انصاری، جاوید شیخ، بہروز سبزواری، روبینہ اشرف، اور شبیر جان ایک پریس ایونٹ میں شریک تھے۔ ایونٹ کے دوران بشریٰ انصاری نے جاوید شیخ کی ذاتی زندگی، خصوصاً طلاق کے حوالے سے طنزیہ انداز میں بات کی، جو جاوید شیخ کو ناگوار گزری۔ وائرل ویڈیو کلپ میں بشریٰ انصاری کو یہ کہتے سنا جا سکتا ہے کہ "میں جاوید شیخ کے گھر گئی تو انہوں نے مجھے کچھ کھلایا ہی نہیں کیونکہ ان کا کوئی گھر ہی نہیں تھا، وہ گھر میری آنکھوں کے سامنے بنا اور میری آنکھوں کے سامنے ہی ٹوٹ بھی گیا۔" اس پر جاوید شیخ نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے جواب دیا "بشریٰ نے میری ٹوٹی ہوئی شادی پر مذاق کیا، لیکن ٹوٹا ہوا گھر کوئی مذاق نہیں ہوتا۔ میں نے کبھی ان کے ٹوٹے ہوئے گھر پر بات نہیں کی، نہ یہ سوال اٹھایا کہ ان کی شادی کیوں ختم ہوئی۔ آئندہ جب میری کہانی سنائیں تو اپنی کہانی بھی ساتھ سنایا کریں، کیونکہ آپ کی شادی بھی نہیں چل سکی۔"

گووندا اور میرے درمیان طلاق نہیں ہوئی، ہم اب بھی ساتھ رہتے ہیں، سنیتا آہوجا

اگر بے وفائی ثابت ہوئی تو گووندا کو معاف نہیں کروں گی، اہلیہ لیجنڈ اداکار

لاہور(شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کے لیجنڈ اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے حال ہی میں ازدواجی مسائل اور شوہر کے مبینہ افیئرز پر کھل کر بات کی ہے۔ ایک پوڈکاسٹ میں سنیتا آہوجا نے گووندا سے علیحدگی کی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ان کے درمیان نہ طلاق ہوئی ہے اور نہ ہی اس کا کوئی ارادہ ہے، دونوں اب بھی ساتھ رہتے ہیں۔ سنیتا آہوجا نے کہا کہ وہ شوہر کی زندگی میں آنے والی دیگر خواتین کے معاملات کو نظر انداز نہیں کرتیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کا رشتہ مضبوط ہے تاہم اگر بے وفائی ثابت ہوئی تو وہ معاف نہیں کریں گی۔

60 کروڑ کے فراڈ کیس میں نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کے ملوث ہونے کا انکشاف

لاہور(شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کی اداکارہ شلپا شیٹی کے شوہر اور بزنس مین راج کندرا 60 کروڑ روپے کے فراڈ کیس میں بھارتی اداکارہ نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کا نام بھی سامنے آ گیا ہے۔ ان دنوں راج کندرا اور اداکارہ شلپا شیٹی 60 کروڑ روپے سے زائد کے فراڈ کیس میں تحقیقات کا سامنا کر رہے ہیں، یہ مقدمہ ان کی سابقہ کمپنی کا ہے جس میں ان کی اہلیہ اداکارہ شلپا شیٹی کے ملوث ہونے کا بھی اشارہ دیا گیا ہے۔ اس ہائی پروفائل کیس کی تفتیش ممبئی پولیس کی اکنامک آفنسز ونگ (EOW) کر رہی ہے جس میں اب نئے انکشافات سامنے آئے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راج کندرا نے تحقیقاتی ٹیم کو اپنے نئے بیان میں بتایا ہے کہ کمپنی کے جمع شدہ فنڈز کا ایک بڑا حصہ بنائی جانے والی فلموں اور دیگر پراجیکٹس کی تشہیری مہم پر خرچ کیا گیا، جس میں تقریباً 20 کروڑ بھارتی روپے پروموشن اور دیگر اخراجات پر خرچ کیے گئے۔

ہالی ووڈ کے ہزار سے زائد فنکاروں کا اسرائیلی فلمی اداروں کا بائیکاٹ

لاہور(شوبز رپورٹر) ہالی ووڈ کے ایک ہزار سے زائد فنکاروں، فلم سازوں اور دیگر تخلیقی شخصیات نے اسرائیلی فلمی اداروں کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ غیرملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق اس اقدام کا مقصد ان اداروں کے ساتھ کسی بھی قسم کا تعاون روکنا ہے جو مبینہ طور پر فلسطینیوں کے خلاف جاری پرتشدد کارروائیوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں شریک ہیں۔ اس بائیکاٹ کا اعلان ایک اجتماعی حلف نامے کے ذریعے کیا گیا ہے جس پر ہالی ووڈ کی معروف شخصیات جیسے کہ آسکر ایوارڈ یافتہ اداکارہ اولیویا کولمین، ہدایتکارہ آوا ڈو ورنے، اداکارہ ٹلڈا سوئنٹن، مارول فلموں کے اداکار مارک رفیلو، اور ہدایتکار ایڈم مکائے نے دستخط کیے ہیں۔

جسٹن ٹروڈو اور کیٹی پیری کے تعلقات سے متعلق نیا دعویٰ سامنے آ گیا

لاہور(شوبز رپورٹر) غیر ملکی میڈیا رپورٹ میں دعویٰ سامنے آیا ہے کہ مشہور پاپ گلوکارہ کیٹی پیری اور کینیڈا کے سابق وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کے درمیان تعلقات اب بھی قائم ہیں۔ امریکی جریدے Us Weekly کے مطابق کئی ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ جولائی کے آخر میں ایک ساتھ ڈنر کرنے کے بعد بھی کیٹی پیری اور جسٹن ٹروڈو رابطے میں ہیں اور ایک دوسرے میں دلچسپی رکھتے ہیں تاہم انہوں نے اس رشتے کو نجی رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دونوں کے درمیان تعلقات ضرور ہیں مگر یہ رشتہ اس وقت 'سنجیدہ' نہیں ہے کیونکہ کیٹی پیری اپنی 'لائف ٹائمز' ٹور میں مصروف ہیں اور جسٹن ٹروڈو کی بھی مصروفیات ہیں۔ تاہم ٹروڈو اور گلوکارہ اگلے چند ہفتوں میں ملاقات کر سکتے ہیں جس کی منصوبہ بندی سابق وزیراعظم نے کی ہے کیونکہ تب تک کیٹی کو ٹور سے بریک مل جائے گا۔

مشہور 23 سالہ انفلوئنسر کی لاپتہ ہونے کے بعد پُراسرار موت

23 سالہ ماریان یکم ستمبر کو لاپتہ ہوئی تھیں

لاہور(سپورٹس ڈیسک) میکسیکو کی معروف فیشن انفلوئنسر اور ٹک ٹاک اسٹار ماریان اِزاگیرے پراسرار طور پر لاپتہ ہونے کے بعد انتقال کر گئیں۔ غیرملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ماریان اِزاگیرے چند روز قبل پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئی تھیں۔ پانچ دن بعد ریاست مشیواکان کے شہر موریلیا کے ایک ہوٹل سے خراب حالت بازیاب ہوئی تھیں انہیں بازیابی کے بعد طبی امداد کیلئے فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ دوران علاج جانبر نہ ہو سکیں۔ پولیس کے مطابق 23 سالہ ماریان یکم ستمبر کو لاپتہ ہوئی تھیں بازیابی کے وقت ٹک ٹاکر انتہائی نازک حالت میں تھیں اور انہیں دماغی مفلوجی (برین فیلیر) کا سامنا تھا، جس کے باعث ان کی موت واقع ہوئی۔ یاد رہے کہ حکام نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے اور ٹک ٹاکر کی موت کی وجوہات جاننے کے لیے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

حنا آفریدی اور تیمور اکبر رشتۂ ازدواج میں منسلک، تصاویر وائرل

معروف پاکستانی ماڈل اور ٹی وی اداکارہ حنا آفریدی اور تیمور اکبر شادی کے بندھن میں بندھ گئے

لاہور(شوبز رپورٹر) معروف پاکستانی ماڈل اور ٹی وی اداکارہ حنا آفریدی اور تیمور اکبر شادی کے بندھن میں بندھ گئے۔ خوبصورتی، سادگی اور وقار سے بھرپور اس تقریب میں دونوں نے ایک دوسرے کا ہاتھ تھام کر نئی زندگی کا آغاز کیا، جس کے بعد سوشل میڈیا پر ان کی شادی کی تصاویر اور ویڈیوز تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں۔ حنا آفریدی نے شادی کے موقع پر نہایت دلکش انداز اپنایا، جبکہ تیمور اکبر بھی سادہ مگر شاندار لک میں نظر آئے۔ دونوں کی جوڑی کو مداحوں کی جانب سے بے حد پسند کیا جا رہا ہے اور "قبول ہے" کہتے ہوئے ان کے حسین لمحات سوشل میڈیا صارفین کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ حنا آفریدی نے کم عرصے میں ماڈلنگ اور اداکاری کے شعبے میں اپنی پہچان بنائی۔ وہ کئی مقبول ڈراموں میں جلوہ گر ہو چکی ہیں اور ان دنوں اپنے حالیہ پراجیکٹ میں اداکاری کے باعث خوب داد سمیٹ رہی ہیں۔ گزشتہ ماہ انہوں نے انسٹاگرام پر ایک خوبصورت پوسٹ کے ذریعے تیمور اکبر کے ساتھ اپنی منگنی کا اعلان کیا تھا، جس کے بعد مداح بے تابی سے ان کی شادی کے منتظر تھے۔ اب شادی کی خوشخبری سامنے آتے ہی شوبز حلقوں اور مداحوں کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے۔

وہ مشہور اداکارہ کون ہے جسے پہلی ہی فلم سے نکال کر رانی مکھرجی کو کاسٹ کر لیا گیا

پہلی فلم سے نکالا گیا، کرایہ دینے کے پیسے بھی نہیں تھے، اداکارہ

لاہور(شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کے نواب خاندان کی بیٹی اداکارہ سوہا علی خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں ان کی پہلی ہی فلم سے نکال دیا گیا تھا۔ سیف علی خان کی بہن سوہا علی خان نے حال ہی میں انکشاف کیا ہے کہ کس طرح انہیں اپنی پہلی فلم سے نکال دیا گیا تھا، جس کے بعد وہ مالی مشکلات کا شکار ہوگئیں۔ ایک انٹرویو میں سوہا نے بتایا کہ انہوں نے اپنی بینک کی کارپوریٹ ملازمت چھوڑ کر فلم میں کام کرنے کا فیصلہ کیا تھا، حالانکہ اس وقت ان کی تنخواہ اچھی تھی اور وہ لندن میں بسنے کی منصوبہ بندی کر رہی تھیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ ہدایتکار امول پالیکر نے انہیں فلم 'پہیلی' کے لیے کاسٹ کیا تھا، لیکن جب شاہ رخ خان نے فلم میں مرکزی کردار کے طور پر شمولیت اختیار کی تو سوہا کو نکال دیا گیا اور ان کی جگہ رانی مکھرجی کو لے لیا گیا۔ سوہا علی خان کے مطابق انہیں جب اچانک بتایا گیا کہ اب وہ فلم کا حصہ نہیں رہیں گی، تو وہ حیران اور پریشان ہوگئیں کیونکہ ان کے پاس کرایہ ادا کرنے کے بھی پیسے نہیں تھے اور وہ اپنی جاب چھوڑ چکی تھیں۔

بقیہ 1

کے سہولت بازار پراجیکٹ سے 55 ہزار خاندانوں کے گھر میں چولہا جلنے لگا، پنجاب بھر میں 46 سہولت بازاروں میں 9200 لوگوں کو باعزت روزگار مل گیا۔ سہولت بازاروں میں ایک سال کے دوران ساڑھے 8 کروڑ افراد کی آمد ہوئی، ساڑھے 42 کروڑ روپے کی خریداری کی گئی، سہولت بازاروں میں سبزیوں اور پھلوں سمیت 13 اشیائے خورونوش ہول سیل نرخ پر فراہم کی گئیں، جس سے صارفین کو 11 کروڑ روپے کی بچت ہوئی۔ وزیرآباد، چونیاں، جڑانوالہ، چنیوٹ، خانیوال، بھلوال، پتوکی، اوکاڑہ اور مظفر گڑھ کے سہولت بازاروں میں سستی اور معیاری اشیاء فراہم کی گئیں۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے مزید 30 نئے سہولت بازار 30 جون تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کردیا ہے، انہوں نے سہولت بازاروں کو بتدریج پنجاب کی ہر تحصیل میں قائم کرنے کے لئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا ہے کہ سہولت بازاروں سے سستی اور معیاری اشیائے خورونوش کی آسان فراہمی ممکن ہوئی، پنجاب کے ہر شہری کو سستی اور معیاری اشیاء مہیا کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 2

دن زور پکڑ رہی ہے، ہماری جدوجہد مضبوط جمہوریت، آزاد عدلیہ اور آزاد میڈیا کی بحالی کے لئے ہے۔ صدیق اکبر چوک ہری پور میں ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ والہانہ استقبال پر ہری پور کے عوام کا تہہ دل سے مشکور ہوں، آپ سب کو معلوم ہے کہ قائد عمران خان نے اسٹریٹ موومنٹ کی تیاری کا حکم دیا ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم نے پورے ملک میں اسٹریٹ موومنٹ کی تیاری شروع کر رکھی ہے، اسی سلسلے میں آج ہری پور آئے ہیں جس کے بعد ایبٹ آباد اور مانسہرہ جائیں گے، ہری پور کے عوام عمران خان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں، بدقسمتی سے ہری پور کے عوام کے مینڈیٹ پر ایک بار پھر ڈاکہ ڈالا گیا، سہیل آفریدی نے کہا کہ اسٹریٹ موومنٹ کی جو تیاری شروع کی ہے اسے عروج تک لے جائیں گے، ہری پور کے عوام ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں، ہری پور کے عوام کا جوش و جذبہ قابل دید ہے۔

بقیہ 3

دکھائی دیگر صوبے بھی دکھائیں، بدقسمتی سے سیاست کا معیار ایک دوسرے پر تنقید تک رہ گیا ہے۔ نیشنل پریس کلب کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو میں شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ حکومت سائبر نائف سے علاج مفت فراہم کر رہی ہے، سندھ حکومت دنیا میں واحد ہے جو سائبر نائف سے مفت علاج فراہم کر رہی ہے، بلاول بھٹو نے بتایا سائبر نائف کے ذریعے محض 11 ممالک میں علاج ہوتا ہے، دنیا میں سائبر نائف کے ذریعے لاکھ لاکھ ڈالرز سے علاج ہوتا ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ کے سرکاری ہسپتالوں میں گزشتہ سال 29 لاکھ افراد کے مفت علاج کیے گئے، این آئی سی وی ڈی میں سندھ کے علاوہ دیگر صوبوں کے 56 فیصد مریض دل کے امراض کا علاج کراتے ہیں، 2022 میں آنے والے سیلاب سے سندھ میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی، ہم 21 لاکھ گھر بنانے جا رہے ہیں، ہم کروڑوں لوگوں کو مفت گھر بنا کر دے رہے ہیں، یہ ریکارڈ ہے، کم مدت میں مینگروز کے درخت لگائے گئے، دوبار گینیز ریکارڈ قائم ہوا۔ سینئر وزیر سندھ نے کہا کہ سندھ حکومت تھر کے انفرا اسٹرکچر کے لیے ایک ارب ڈالر خرچ کر چکی ہے، تھر کے کوئلے سے بننے والی بجلی پورے ملک کو فراہم کی جا رہی ہے، ماہرین کے مطابق ملک میں سستی ترین بجلی کوئلے سے بنائی جا سکتی ہے، تھر میں کوئلے کے سب سے زیادہ ذخائر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ بزنس کمیونٹی سندھ حکومت کے ساتھ کام کر رہی ہے، شاہراہ بھٹو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے اسٹیٹ آف دی آرٹ پراجیکٹ ہے، پاکستان میں انویسٹرز بھی آ رہے ہیں اور سرمایہ کاری بھی ہو رہی ہے، منفی سوچ کے ساتھ ملک آگے نہیں بڑھ سکتا، 2024 میں وزیراعلیٰ سندھ نے سندھ وژن کے بارے میں آگاہ کیا تھا، ہم چاہتے ہیں کہ پوری دنیا کو معلوم ہو کہ پاکستان میں کیا کیا مواقع موجود ہیں۔

بقیہ 4

کی درخواست کی تھی مگر اب تک کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے زور دے کر کہا کہ سیاسی استحکام کے لیے نواز شریف، شہباز شریف اور آصف زرداری کو مذاکرات کرنا ہوں گے، کوٹ لکھپت جیل کے قیدیوں کی رہائی ایک مثبت تاثر پیدا کرے گی۔ انہوں نے پی ٹی آئی کی پالیسی پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ پارٹی میں دو متضاد رائے پائی جاتی ہیں، ایک حصہ انقلاب چاہتا ہے اور دوسرا مذاکرات کا خواہاں ہے۔ پارٹی کے اندر بھی بیانات میں تضاد موجود ہے، بیرسٹر گوہر کچھ کہتے ہیں تو خیبر پختونخوا کے جونیئر وزیر کچھ اور رائے رکھتے ہیں۔ سلمان اکرم راجہ کہتے ہیں کہ افغانستان سے دہشتگردی کا خطرہ ہے جبکہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی اس بیان سے متفق نہیں جو پارٹی میں رائے کے اختلافات کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 5

واضح ادارہ جاتی فریم ورک بنا دیا، اے آئی، ڈیٹا اور سافٹ ویئر ماہرین پر مشتمل سیل قائم کر دیا گیا۔ گورننس میں بہتری کیلئے اے آئی کو باضابطہ پالیسی کا حصہ بنا دیا گیا، اے آئی/ ایم ایل انجینئرز اور ڈیٹا سائنٹسٹس شامل ہیں۔ حکومت نے اصلاحی راستہ اپناتے ہوئے اے آئی کیلئے مرکزی ماڈل منظور کر لیا، ٹیکنالوجی سپیشلسٹس اور ڈویلپرز تعینات کر دیئے گئے۔ پنجاب حکومت نے ٹیکنالوجی کے بجائے ادارہ جاتی صلاحیت سازی کو ترجیح دی، پی آئی ٹی بی میں اے آئی ماہرین کی ٹیم تشکیل دے دی۔ صوبائی حکومت کی جانب سے اے آئی منصوبوں کو محکموں کی اصل ضروریات سے جوڑنے کی ہدایت کی گئی ہے، پروگرام میں ڈیٹا انجینئرز اور سلوشن آرکیٹیکٹس شامل ہیں۔ ناکام ڈیجیٹل تجربات کے بعد نیا گورننس ماڈل، اے آئی اور ڈیٹا اینالیٹکس ماہرین کے ذریعے نافذ ہوگا۔ حکومت نے تسلیم کیا کہ بغیر ادارہ جاتی ملکیت کے سسٹمز کامیاب نہیں، اسی لیے پروگرام مینیجرز اور ٹیکنیکل لیڈز شامل کئے گئے ہیں۔ اے آئی منصوبوں میں محکموں کا فیصلہ سازی میں مرکزی کردار ہوگا، اے آئی سیل بطور ٹیکنیکل سپورٹ کام کرے گا۔ مہنگا نیا ہارڈویئر خریدنے کے بجائے موجودہ انفراسٹرکچر مؤثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا جس کیلئے ڈیٹا اور سسٹم انٹیگریشن ماہرین کو شامل کیا گیا ہے۔ غیر ضروری اخراجات روکنے کیلئے لاگت سے ہم آہنگ ماڈل منظور کیا گیا، سافٹ ویئر انجینئرز اور ڈیوآپس ماہرین تعینات کئے گئے ہیں۔ اے آئی یوز کیسز کیلئے فزیبلٹی، پروٹوٹائپ اور ٹیسٹنگ لازم قرار دی گئی ہے جس کے لیے ڈیٹا سائنٹسٹس اور کیو اے ماہرین شامل کئے گئے ہیں۔ اے آئی منصوبوں کو وقتی نہیں بلکہ طویل المدتی نظام بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے لیے مستقل ٹیکنیکل ٹیم مقرر کر دی گئی۔ ڈیجیٹل منصوبوں میں نتائج اور آؤٹ پٹس کو لازمی قرار دیا گیا ہے، ہر ماہر کیلئے واضح ذمہ داریاں طے کر دی گئی ہیں۔ پی آئی ٹی بی کو صرف نفاذ نہیں بلکہ ادارہ جاتی صلاحیت سازی کا کردار ادا کرنا ہوگا، حکومت نے ٹیکنالوجی کو گورننس کی معاون قوت بنانے کی پالیسی اپنائی، ڈیٹا پر مبنی فیصلوں کیلئے ماہر ٹیم تشکیل دیدی گئی۔ اے آئی منصوبوں میں محکموں اور اینڈ یوزرز کی شمولیت لازم، اے آئی سیل تکنیکی رہنمائی دے گا۔ پنجاب حکومت نے ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کو سرکاری نظام کا حصہ بنانے کیلئے ڈیٹا انجینئرنگ ٹیم شامل کر لی۔

بقیہ 6

آگ بھڑک اٹھی جو بڑھتی ہی چلی گئی، آتشزدگی سے عمارت کے دو حصے گر گئے جس میں 6 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ اسپتالوں سے موصولہ اطلاعات کے مطابق دھوئیں سے حالت غیر ہونے والے افراد کو ابتدائی طبی امداد کے بعد گھر بھیج دیا گیا، دو فائر فائٹرز ارشاد اور بلال زخمی ہوئے جو پی این ایس شفا میں زیر علاج ہیں، تیس افراد زخمی ہوئے جن میں سے 13 برنس سینٹر، پندرہ اس کے ٹراما سینٹر میں اور دو جناح اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ چھیپا ذرائع کے مطابق جاں بحق افراد میں کاشف ولد یونس عمر 40 سال، فراز ولد ابرار عمر 55 سال، محمد عامر ولد نامعلوم عمر 30 سال، فرقان ولد شوکت علی عمر 25 سال اور دیگر شامل ہیں۔ اسی طرح زخمیوں میں حسیب ولد وسیم عمر 25 سال، وسیم ولد سلیم عمر 20 سال، دانیال ولد سراج عمر 20 سال، صادق ولد نامعلوم عمر 35 سال، حمزہ ولد محمد علی عمر 22 سال، رحیم ولد گل محمد عمر 25 سال، فہد ولد محمد ایوب عمر 20 سال، جواد ولد جاوید عمر 18 سال، ایان ولد نامعلوم عمر 25 سال، عبداللہ ولد ظہیر عمر 20 سال، عثمان ولد اصغر علی عمر 20 سال، فہد ولد حنیف عمر 47 سال، زین ولد عبداللہ عمر 23 سال، نادر ولد نامعلوم عمر 50 سال اور دیگر شامل ہیں۔ کمشنر کراچی کا کہنا ہے کہ آگ پر نوے فیصد تک قابو پالیا ہے، کچھ دیر بعد کولنگ کا عمل شروع کر دیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کو لوگوں نے شکایات درج کرائی ہیں کہ تاحال 58 افراد لاپتا ہیں جبکہ صدر گل پلازا تاجر ایسوسی ایشن کے مطابق 80 سے 100 افراد عمارت میں موجود ہو سکتے ہیں۔ ڈی آئی جی ساؤتھ نے بتایا ہے کہ گل پلازا میں تیسرے درجے کی آتشزدگی کا واقعہ ہوا، پولیس، سیکیورٹی ادارے اور ریسکیو ٹیمیں ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ریسکیو آپریشن میں مصروف عمل ہیں، آگ پر کافی حد تک قابو پالیا ہے، سندھ حکومت کی ہدایت پر ساؤتھ زون پولیس نے ہیلپ لائن قائم کر دی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ لاپتا افراد سے متعلق معلومات جمع کی جارہی ہیں، حادثے میں رات سے اب تک 6 لاشیں نکال لی گئی ہیں جو کہ شناخت کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی ہیں، ریسکیو اہلکار فرقان بھی شہدا میں شامل ہے، 22 زخمی سول اسپتال میں زیر علاج ہیں، گل پلازا میں 1200 دکانیں موجود تھیں۔ ڈی آئی جی ساؤتھ کے مطابق گل پلازا کے اطراف پولیس کی اضافی نفری تعینات ہے، ریسکیو ٹیموں کے لیے راستے کلیئر رکھے جا رہے ہیں، آگ لگنے کی اصل وجہ کولنگ کے بعد تحقیقات میں سامنے آئے گی۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق عمارت میں آگ رات گئے لگی، آگ کو تیسرے درجے کی قرار دیا گیا، گل پلازا کے قریب عقبی حصہ گرنے سے ایک فائر فائٹر دب کر جاں بحق ہوا، شہر بھر سے 20 سے زائد فائر بریگیڈ کی گاڑیاں آپریشن میں مصروف ہیں، عمارت کے باہر دو اسنارکل بھی آگ پر قابو پانے میں مصروف ہیں۔ فائر بریگیڈ حکام نے بتایا کہ عمارت کی صورتحال مخدوش ہے اس لیے عمارت کے اندر داخل نہیں ہوا جاسکتا، عمارت سے ملبہ ہٹانے کے بعد صورتحال واضح ہوسکے گی۔ چیف فائر آفیسر نے بتایا کہ گراؤنڈ فلور کی تمام دکانیں اور گودام آگ کی لپیٹ میں ہیں، آگ کو تیسرے درجے کی قرار دے کر شہر بھر سے فائر ٹینڈرز طلب کر لیے گئے ہیں، پھنسے ہوئے افراد کو اسنارکل کی مدد سے نکالا جا رہا ہے۔ حکام کے مطابق شاپنگ پلازا پر لگی آگ تیسری منزل تک پہنچ گئی جبکہ گل پلازا میں بیسمنٹ مارکیٹ بھی موجود ہے۔ آگ کے باعث عمارت خستہ حال ہو چکی اور کسی بھی وقت گر سکتی ہے۔

بقیہ 7

مشترکہ مفادات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں دوطرفہ سیکیورٹی تعاون، بارڈر مینجمنٹ، اور امریکی اداروں جیسے اینٹی ٹیررسٹ اسسٹنس پروگرام اور بیورو آف انٹرنیشنل نارکوٹکس اینڈ لا انفورسمنٹ کے ساتھ جاری شراکت داری کو مضبوط بنانے پر بات ہوئی۔ مستقبل میں ہر سطح پر بہتر کوآرڈینیشن کے ذریعے پاک امریکہ تعاون کو مزید فروغ دینے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ بیرون ملک جرائم میں ملوث افراد کی نشاندہی کے لیے جدید سافٹ ویئر کے ذریعے کی جائے گی اور ایف آئی اے، فیڈرل کانسٹیبلری اور سائبر کرائم ایجنسی کے افسران کے لیے تربیتی پروگرامز جاری رہیں گے۔ امریکی تعاون سے ایف آئی اے میں سنٹر فار ٹرانسفارمیشن کرائم اور اکیڈمی کے قیام کے امور بھی آگے بڑھائے جائیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ بارڈر سیکیورٹی اور کوسٹل گارڈز کو جدید امریکی آلات سے لیس کیا جائے گا جس سے ان کی استعداد کار میں اضافہ ہوگا، یہ وفاقی سطح پر پہلا اینٹی ٹیررسٹ ونگ ہوگا جو صوبوں کے ساتھ مؤثر کوآرڈینیشن کرے گا۔ ملاقات میں امریکی وفد نے پاکستان کی سیکیورٹی کوششوں کو سراہا اور اعلان کیا کہ وہ دوطرفہ اشتراک بڑھانے کے لیے اقدامات جاری رکھیں گے، اس موقع پر وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، وفاقی سیکرٹری داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے، کمانڈنٹ فیڈرل کانسٹیبلری، ڈی جی نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی، ڈی جی پاسپورٹ اینڈ امیگریشن، آئی جی اسلام آباد پولیس اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 8

ملک بھر سے 127 سیوریج نمونے قومی ادارہ صحت بھجوائے گئے تھے، جو دسمبر 2025 میں لیے گئے تھے۔ 40 سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس پازیٹو اور 87 سیوریج نمونے پولیو نیگیٹیو ہیں۔ سندھ میں سب سے زیادہ 23 سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس مثبت نکلا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کے 6 اور خیبر پختونخوا کے 8 اور بلوچستان کے 2 سیوریج نمونے سے پولیو وائرس نکلا جبکہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 4 منفی اور ایک مثبت نمونہ رپورٹ ہوا ہے۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق قومی انسداد پولیو مہم ملک بھر میں 2 تا 8 فروری کو منعقد کی جائے گی جس کے دوران 4 کروڑ 50 لاکھ سے زیادہ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ 7 روزہ قومی مہم کے دوران 4 لاکھ سے زائد پولیو ورکرز فرائض انجام دیں گے

بقیہ 9

پر گفتگو کی۔ دونوں قبائل کی جانب سے امن و امان کے لیے تعاون کو سراہا گیا اور اسے بھائی چارے اور قبائلی روایت کی مضبوط مثال قرار دیا گیا۔ مقامی عوام نے فرنٹیئر کور خیبر پختونخوا (ساؤتھ) کی علاقائی امن اور سماجی ہم آہنگی کے لیے کوششوں کو مثبت قرار دیا اور مستقبل میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 10

کریں، زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔ وزیراعظم شہبازشریف نے زخمی افراد کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ریسکیو اور ریلیف آپریشن تیز کرنے کا حکم دیا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، اس لیے اس حوالے سے تمام ضروری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ وزیراعظم نے متاثرہ تاجروں اور دیگر افراد کو ہر ممکن امداد فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی اور کہا کہ ریسکیو آپریشن میں تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے کام کریں، جاں بحق افراد کے لواحقین کے غم میں حکومت برابر کی شریک ہے۔ وزیراعظم نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے نیک تمناؤں اور دعاؤں کا اظہار بھی کیا، وزیراعظم نے شہریوں کی جان بچاتے جام شہادت نوش کرنے والے ریسکیو اہلکار فرقان علی کو خراج عقیدت بھی پیش کیا۔ دوسری جانب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی گل پلازہ میں آگ لگنے کے واقعہ میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت متاثرین کے ساتھ کھڑی ہے۔ دوسری جانب سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے گل پلازہ آتشزدگی کا واقعہ بہت افسوسناک ہے، جاں بحق افراد کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ حکومتی مشینری رات گئے سے موجود ہے، آگ بجھانے کی کوشش کر رہی ہے، پانی اور فوم کا کوئی مسئلہ نہیں تھا، متعلقہ اداروں کی کوتاہی نظر آئی تو کارروائی کی جائے گی، فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ آنے کے بعد کسی نتیجے پر پہنچیں گے، فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ کے بعد ذمہ داروں کو قیمت ادا کرنا پڑے گی۔

بقیہ 11

کے بغیر پاکستان میں غذائی تحفظ ممکن نہیں، موسمی اثرات زرعی پیداوار، دیہی روزگار اور قومی غذائی تحفظ کو شدید متاثر کر رہے ہیں، کلائمیٹ سمارٹ زراعت، زمین کی درست ہمواری اور موسمیاتی اثرات برداشت کرنے والی بیج اقسام کو فروغ، مٹی کی صحت، واٹرشیڈ بحالی، ایگرو فاریسٹری اور زیر زمین پانی کے تحفظ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے برلن میں منعقدہ گلوبل فورم فار فوڈ اینڈ ایگری کلچر 2026 میں پاکستان کی نمائندگی کی، جہاں انہوں نے موسمیاتی تبدیلی اور عالمی سطح پر پانی کی بڑھتی ہوئی قلت کے تناظر میں پانی کی لچک، پائیدار زراعت اور غذائی تحفظ سے متعلق پاکستان کی ترجیحات کو اجاگر کیا۔ فورم کے موضوع پانی، غذا، ہمارا مستقبل کے تحت خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے وادی سندھ کی تہذیب سے جڑی پاکستان کی تاریخی وابستگی کا حوالہ دیا اور اس امر پر زور دیا کہ آج پاکستان کو بے مثال چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے بار بار آنے والے سیلاب، طویل خشک سالی اور شدید گرمی کی لہروں کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ ان موسمیاتی اثرات نے زرعی پیداوار، دیہی روزگار اور قومی غذائی تحفظ کو شدید متاثر کیا ہے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان کا غذائی نظام بڑی حد تک دریائے سندھ کے طاس پر منحصر ہے جو 24 کروڑ سے زائد افراد کے لیے زراعت، صنعت اور ماحولیاتی نظام کو سہارا دیتا ہے۔ انہوں نے حالیہ تباہ کن سیلابوں اور طویل خشک ادوار کو اس نظام کی کمزوری کی واضح مثال قرار دیتے ہوئے پانی کی لچک کو ناگزیر قرار دیا۔ انہوں نے اس امر کا اعادہ کیا کہ پانی کی سلامتی کے بغیر غذائی تحفظ ممکن نہیں اور مشترکہ آبی وسائل پر تعاون امن اور استحکام کے لیے لازم ہے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کی پالیسی سمت واضح کرتے ہوئے بتایا کہ حکومت زرعی شعبے میں پانی کی پیداواریت بڑھانے کے لیے مؤثر آبپاشی نظام، درست زمین ہمواری، کلائمیٹ اسمارٹ زرعی طریقوں اور خشک سالی و گرمی برداشت کرنے والی بیج اقسام کے فروغ پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے ماحولیاتی نظام کے تحفظ کی اہمیت پر بھی زور دیا، جن میں مٹی کی صحت کی بہتری، واٹرشیڈ بحالی، ایگرو فاریسٹری، دلدلی علاقوں کی بحالی اور زیر زمین پانی کی ریچارج شامل ہیں۔ رانا تنویر حسین نے مزید کہا کہ حکومت پاکستان مناسب زرعی اور نیم شہری استعمال کے لیے صاف شدہ گندے پانی کے محفوظ اور سائنسی بنیادوں پر دوبارہ استعمال کو فروغ دے رہی ہے۔ انہوں نے پائیدار بلیو بایو اکانومی کی صلاحیت کو بھی اجاگر کیا اور کہا کہ ماہی گیری، آبی زراعت اور ساحلی ویلیو چینز غذائیت، معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع فراہم کر سکتی ہیں، خصوصاً دریا کنارے اور ساحلی علاقوں میں نوجوانوں اور خواتین کے لیے۔ پانی کے نظم و نسق اور مساوات کے حوالے سے وفاقی وزیر نے مربوط اور جامع منصوبہ بندی کی ضرورت پر زور دیا تاکہ زراعت، شہروں، صنعت، توانائی اور ماحولیاتی نظام کے درمیان مسابقتی ضروریات میں توازن قائم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ منصفانہ، قابل پیش گوئی اور حقوق پر مبنی پانی کی تقسیم چھوٹے کسانوں کے تحفظ، شکایات میں کمی اور سماجی و معاشی استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ بین الاقوامی اور سرحد پار آبی امور پر بات کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے بین الاقوامی آبی قوانین سے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور 1960 کے سندھ طاس معاہدے کو علاقائی آبی استحکام کا بنیادی ستون قرار دیا۔ انہوں نے اپریل 2025 میں بھارت کی جانب سے معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل رکھنے کے اعلان پر شدید تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ دریائے سندھ کا پانی پاکستان کے لیے زندگی کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان معاہدے میں موجود تنازعات کے حل کے تمام طریقہ کار، بشمول کورٹ آف آربیٹریشن اور نیوٹرل ایکسپرٹ، کے ذریعے اپنا مؤقف پیش کر رہا ہے اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ معاہدے کی روح اور متن کے مطابق مکمل عملدرآمد کی حمایت کی جائے۔ فورم کے موقع پر وفاقی وزیر نے عالمی تجارتی تنظیم کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل مسٹر ژاں میری پوگام سے ملاقات بھی کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور بالخصوص زراعت اور غذائی نظام سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ ملاقات زرعی شعبے سے متعلق تجارتی اور ترقیاتی امور پر پاکستان کی کثیر الجہتی اداروں کے ساتھ مسلسل شمولیت کی عکاس تھی۔ رانا تنویر حسین نے ماہرین کے پینل پائیدار آبپاشی کے لیے پانی، توانائی، غذا اور ماحول کے باہمی ربط پر مبنی نقطہ نظر میں بطور پینلسٹ شرکت کی۔ انہوں نے پانی کی دستیابی، توانائی کے استعمال، ماحولیاتی تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی کے باہم جڑے چیلنجز پر کھل کر اظہار خیال کیا اور شرکاء کے سوالات کے جواب دیے۔ انہوں نے پانی کے تحفظ، زرعی پیداوار میں اضافے اور غذائی تحفظ کے فروغ کے لیے ماحول دوست ٹیکنالوجیز کے نفاذ کے حوالے سے حکومت پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ جی ایف ایف اے 2026 میں اپنی شرکت کے اختتام پر وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان عالمی شراکت داروں، تحقیقی اداروں، نجی شعبے اور سول سوسائٹی کے ساتھ مل کر پانی کی لچک، کلائمیٹ اسمارٹ زراعت اور جامع غذائی نظام کے فروغ کے لیے کام کرتا رہے گا اور پانی کو خطرے کے بجائے پائیدار ترقی اور امن کی بنیاد بنا

بقیہ 12

تحت گلگت بلتستان، اسلام آباد اور آزاد جموں و کشمیر کے شہری نجی ہسپتالوں میں مفت علاج کروا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی جیکب لائن صدر میں دوسرے ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ سینٹر کی افتتاحی تقریب میں کیا۔ وزیر صحت نے کہا کہ یہ ہمارے لیے خوشی کا موقع ہے اور ہم اللہ کا شکر ادا کر رہے ہیں کہ ہمیں ایک بار پھر یہ کام کرنے کی توفیق ملی۔ وفاقی وزیر صحت نے انسانیت کی خدمت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ایک حدیث کا حوالہ دیا کہ بنی اسرائیل کے زمانے میں ایک عورت نے دیکھا کہ ایک کتا پیاسا ہے، اس نے اپنا موزہ اتار کر کتے کی پیاس بجھائی، جس پر اللہ نے اسے بہت ثواب دیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ مخلوق سے محبت کرتا ہے اور تکلیف میں مبتلا فرد کی راحت دینے سے بہت ثواب ملتا ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ یہ کوئی عام سرکاری کام نہیں بلکہ وفاقی وزارت صحت اللہ کی مخلوق کی تکلیف کم کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ہیلتھ کیئر نظام برباد ہونے کے قریب ہے اور کورونا وبا کے بعد ثابت ہوا کہ اگر ایک ساتھ اتنے لوگ بیمار ہوں تو طاقتور ممالک بھی متاثر ہوتے ہیں جن میں امریکا، برطانیہ اور چین بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بغیر پینڈیمک بھی بہت لوگ بیمار ہو رہے ہیں۔ پاکستان میں ہر سال 61 لاکھ بچے پیدا ہوتے ہیں جن میں سے چار لاکھ بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات کی ایک بھی ڈوز نہیں ملی اور لاکھوں بچوں کو صرف سنگل ڈوز دی گئی۔ سید مصطفی کمال نے کہا کہ ہیلتھ کیئر صرف مریضوں کا علاج نہیں، بلکہ شہریوں کو امراض سے تحفظ فراہم کرنا ہے اور یہ کام صرف وزیر صحت کا نہیں، بلکہ یوسی کونسلر سے لے کر سب کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 13

انہیں مذاکرات کا ماحول نظر نہیں آ رہا جس اصولوں پر بات کرنی ہے وہ ہم سے بات کرے۔ نجی ٹی وی کے مطابق پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں ایک مرتبہ پھر مذاکرات کے لیے نئی شرائط رکھ دیں۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ انتخابات کو شفاف بنانے، عوامی مینڈیٹ کی واپسی اور آزاد عدلیہ پر بات کی جائے۔ کسی آسائش کیلئے اور چور دروازے کے لیے بات نہیں کریں گے۔ عمران خان کو سائیڈ پر نہیں رکھا جاسکتا۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں ساتھ بیٹھ کر چائے پیئیں، بسکٹ کھائیں تاکہ لگے کہ سب اچھا ہے، جھوٹ کو چھپانے کے لیے یہ ایسا تاثر دینا چاہتے ہیں کہ اپوزیشن سے ملاقات کر رہے ہیں۔ پہلے بھی حکومت کے ساتھ بیٹھے تھے، بسکٹ کھائے، چائے پی اور کچھ نہیں ہوا۔

بقیہ 14

دو اڑھائی سال میں معاشی حالات بہت بہتر ہوئے آئندہ مزید بہتر ہوں گے، ہمارے کام کو نعروں سے نہیں دوسروں سے موازنہ کر کے ووٹ دیا کریں۔ نجی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے طلال چودھری نے کہا کہ جب تک لوگ اپنے فیصلے تول کر اور میرٹ پر نہیں کریں گے آپ کی تقدیر نہیں بدلے گی، پنجاب ترقیاتی کاموں میں اب سب سے آگے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں کوڑا کرکٹ لوگوں کے گھروں سے اٹھایا جاتا ہے، کراچی، پشاور، کوئٹہ سے کوئی نہیں اٹھاتا، پنجاب میں کوئی کچے کا ڈاکو نہیں ہے جو جرم کرتا ہے انجام کو پہنچتا ہے، پنجاب کے ہر علاقے میں کارپٹ سڑکوں کا جال ہے باقی کسی صوبے میں نہیں ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ پنجاب میں امن ہے لوگ بے فکر گھروں میں رہتے اور سفر کرتے ہیں، پنجاب میں تھانے نہیں بکتے، سوشل میڈیا پر اپنی رائے لکھتے ہوئے موازنہ کر لیا کریں، پی ڈی ایم کی حکومت میں مہنگائی ضرور ہوئی۔ طلال چودھری نے کہا کہ ہم نے اپنی سیاست نہیں بچائی بلکہ ریاست بچائی، پچھلے دو اڑھائی سال میں معاشی حالات بہت بہتر ہوئے آئندہ مزید بہتر ہوں گے، ہمارے کام کو نعروں سے نہیں دوسروں سے موازنہ کر کے ووٹ دیا کریں۔

بقیہ 15

کریں گے تو ہم بات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے دو سالوں سے 150 ٹیکسٹائل یونٹس بند ہوگئے ہیں، ایک ہزار یونٹس لگانے میں تین نسلیں لگ جاتی ہیں، گوجرانوالہ کی تمام انڈسٹری تباہی کے دہانے پر ہے۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ ورلڈ اکنامک گلوبل رسک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں بے روزگاری میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سٹاک ایکسچینج چڑھ جانا اچھی بات ہے، سٹاک ایکسچینج چڑھ جانے سے تاجر کو فائدہ نہیں ہوتا، سٹاک ایکسچینج چڑھ تو جاتی ہے لیکن پیسہ سارا دبئی جا رہا ہے، اصل کام تو یہ ہے کہ پیسہ ملک واپس لایا جائے۔ سابق وزیر صنعت و تجارت نے کہا کہ پچھلے سال 24.11 ٹریلین ٹیکس اکٹھا کیا، گورنمنٹ نے 8 ٹریلین ٹیکس سود میں دیا ہے، 68 فیصد ٹیکس سود میں دیا۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ اس سال حکومت نے پچھلے سال سے زائد تین فیصد ٹیکس لینا ہے، ہم ٹیکس دینے کے خلاف نہیں ہیں لیکن جو ٹیکس نہیں دیتے ان سے لیں۔ انہوں نے کہا کہ ملٹی نیشنل کمپنیاں پاکستان سے فرار ہو رہی ہیں، یہ ہمارا ملک ہے ہم مل کر اسے ٹھیک کریں گے۔

بقیہ 16

موقف اختیار کیا ہے کہ پی آئی اے قانون کے تحت سرکاری شیئرز کی فروخت ممکن نہیں ہے۔ 2023ء میں قومی اسمبلی نے پی آئی اے کے شیئرز کی فروخت کے بل کو مسترد کر دیا تھا اور اس فیصلے کے بعد کابینہ کو بھی شیئرز کی فروخت کا کوئی اختیار نہیں تھا۔ پی آئی اے کی فروخت سے قبل مشترکہ مفادات کونسل سے منظوری حاصل نہیں کی گئی جبکہ نوسو ارب روپے کی پی آئی اے کو 134 ارب روپے کی بولی کے ذریعے فروخت کی گئی۔ درخواست گزار نے استدعا کی ہے کہ عدالت پی آئی اے کی نجکاری کے عمل کو ملکی مفاد کے خلاف قرار دیتے ہوئے کالعدم قرار دے اور ساتھ ہی پی آئی اے کی ری سٹرکچرنگ کا حکم بھی جاری کرے۔

بقیہ 17

مجموعی طور پر 7 لاکھ 62 ہزار 499 افراد بیورو آف امیگریشن کی سہولت کاری سے بیرون ملک بھجوائے گئے، سال 2025ء میں بیرونِ ملک مقیم پاکستانی کارکنوں کی ترسیلاتِ زر میں 9 فیصد اضافہ ہوا۔ ایم او پی اینڈ ایچ آر ڈی کے مطابق بیرونِ ملک پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلاتِ زر 40 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، سمندر پار پاکستانیوں کی جانب سے سال 2025ء میں تقریباً 40 ارب ڈالر بھجوائے گئے، بڑھتی ترسیلاتِ زر ملکی معیشت، زرمبادلہ کے ذخائر میں اوورسیز پاکستانیوں کے بڑھتے کردار کی عکاس ہیں۔ وزارتِ سمندر پار پاکستانی نے بتایا کہ 2025ء کے دوران اٹلی، بیلاروس اور عراق کے ساتھ لیبر موبلٹی معاہدوں پر دستخط کیے، دوست ممالک کے ساتھ معاہدوں سے پاکستانی افرادی قوت کیلئے باعزت روزگار، ورکر ویلفیئر اور محفوظ امیگریشن کی راہ ہموار ہوئی۔ اٹلی کا پاکستان کے لیے تین سال کیلئے 10,500 کارکنوں کا کوٹہ مختص کرنا بڑی پیش رفت ہے، اٹلی کا 3 سال کیلئے تقریباً 3,500 افراد سالانہ کا پاکستان کے لیے پہلا کوٹہ پر مبنی لیبر میکانزم ہے، یہ کوٹہ مہمان نوازی، ہیلتھ کیئر، زراعت اور شپ بریکنگ جیسے شعبوں میں پاکستانیوں کیلئے مواقع فراہم کرے گا۔ دوسری جانب قطر کے 19 سال بعد پاکستانی کارکنوں کیلئے ورک ویزوں کا اجرا دوبارہ شروع کرنے سے خلیجی ممالک تک رسائی مزید وسیع ہوئی، وزارت نے نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے ای- پروٹیکٹر سسٹم بھی متعارف کرایا، اقدام کے نتیجے میں کارکردگی میں ناکامی پر 71 اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کے لائسنس منسوخ کیے گئے۔ ایم او پی اینڈ ایچ آر ڈی کے مطابق اقدام سے شفافیت بڑھی، بیرون ملک جانے کے خواہشمند پاکستانیوں کو استحصال سے تحفظ ملا اور معیاری پری ڈیپارچر اورینٹیشن پروگرام بھی نافذ کیا، کارکنان کو بیرونِ ملک کام کے ماحول سے ہم آہنگ کرنے کیلئے پہلی بار لازمی ویب بیسڈ سافٹ سکلز ٹریننگ ماڈیول متعارف کرایا۔ وزارت کی جانب سے فلاحی اقدامات کے تحت شادی گرانٹ 4 لاکھ سے بڑھا کر 6 لاکھ روپے اور وفات گرانٹ بھی 8 لاکھ سے بڑھا کر 10 لاکھ روپے کر دی گئی۔ وزارت سمندر پار پاکستانی کا کہنا تھا کہ نے 2025ء میں پہلا اوورسیز پاکستانی کنونشن منعقد کیا، دوسرا کنونشن اپریل 2026 میں متوقع ہے، 14 اگست 2025 کو پہلی بار 16 بیرون ملک پاکستانیوں کے لیے سول ایوارڈز کا اعلان بھی کیا گیا۔ ایم او پی اینڈ ایچ آر ڈی نے کہا کہ بیرون ملک پاکستانیوں کے قانونی تحفظ کے لیے خصوصی عدالتوں کے قیام سے متعلق قوانین وفاق، پنجاب اور بلوچستان اسمبلیوں میں منظور کیے گئے، سمندر پار پاکستانیوں کیلئے خصوصی عدالتوں کے قیام سے جائیدادی تنازعات کے حل میں تیزی آئے گی۔ وزارت اوورسیز پاکستانیز کی جانب سے حادثاتی موت اور معذوری انشورنس سکیم بھی متعارف کرائی گئی، اوورسیز پاکستانیوں کی حادثاتی موت کی صورت میں 20 لاکھ روپے کی انشورنس، جنازہ گرانٹ 50 ہزار اور لاش کی وطن واپسی کے اقدامات شامل ہیں۔ دوسری جانب مہنگائی کے اثرات کے پیش نظر ریٹائرڈ ورکرز کیلئے ای او بی آئی کی کم از کم پینشن میں 15 فیصد اضافہ کے بعد 11 ہزار 500 کردی گئی، اقدامات بیرون ملک باعزت روزگار کے فروغ، کارکنوں کے تحفظ اور قومی معیشت میں اوورسیز پاکستانیوں کے کردار کو مزید مضبوط بنانے کیلئے کیے گئے۔

بقیہ 18

اپنی تصویر والے کسان کارڈ بھی منظر سے غائب ہے کوئی فائدہ نہیں دیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے گزشتہ روز ایک بیان جاری کرتے ہوئے کیا۔ مزمل اسلم نے کہا کہ ملک میں کسان کے منہ کا نوالہ چھین لیا گیا اور مڈل مین کے ہاتھوں ملک میں تاریخ کی بلند ترین گندم کی قیمتیں ہوگئی ہیں۔ ملک میں گندم کی قیمت 5 ہزار پر پہنچ گئی مجال ہے کہ حکومت کا دھیان اس طرف ہو۔ مزمل اسلم نے کہا کہ حکومت اپنی نجی محفلوں میں مگن ہیں اور شہباز شریف کے چار سالہ دور حکومت میں دوسری دفعہ گندم بحران ہے دوسری طرف ونڈر بوئے کا شوشا چھوڑ کر ان لاڈلوں کی بدانتظامی چھپائی جا رہی ہے۔

بقیہ 19

امتحان ہے۔ علاوہ ازیں گزشتہ روز ہونے والے اجلاس میں عاصم افتخار نے اقوام متحدہ کے چارٹر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا تھا کہ اقوام متحدہ کا چارٹر طاقت کے استعمال کی مخالفت کرتا ہے۔

بقیہ 20

کے باعث ایک سال میں گردشی قرض 276 ارب روپے مزید بڑھا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مالی سال 24-2023 میں ریکوری کی شرح 44.92 فیصد تک رہی، وصولیاں کم رہنے سے ایک سال میں سرکلر ڈیٹ 314 ارب 51 کروڑ روپے بڑھا، کے الیکٹرک سمیت ڈسکوز کے واجبات 2 ہزار 320 ارب روپے سے تجاوز کر چکے ہیں۔ نیپرا کے مطابق ملک میں بجلی کی کل صلاحیت 45 ہزار 888 میگاواٹ ہے، ایک سال میں دستیاب بجلی کے استعمال کی شرح 88.33 فیصد رہی، صارفین نے استعمال نہ ہونے والی 12.6 فیصد توانائی کی قیمت بھی ادا کی، مالی سال 24-2023 میں اس کی فروخت میں نمایاں کمی ہوئی۔

بقیہ 21

تھانہ بھونگ اور تھانہ کوٹ سبزل کے علاقوں سے گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ سہولت کاروں کا تعلق کچے کے مختلف چکوک اور دیہات سے ہے، گرفتار ملزمان ڈاکوؤں کو بچانے کیلئے کھانے پینے اور علاج معالجے کی سہولیات اور پولیس سے متعلق معلومات فراہم کرتے تھے۔ ڈی پی او عرفان سمو کی کچے کے ڈاکوؤں کو سرینڈر کرنے کی وارننگ کا سلسلہ جاری ہے۔ عرفان سمو نے کہا کہ انتہائی مطلوب گینگ کے سرغنوں اور کارندوں سمیت اب تک 33 ڈاکوؤں نے خود کو قانون کے سامنے پیش کر دیا ہے۔

بقیہ 22

ساعت کرے گا۔ روسٹر کے مطابق تیسرے ڈویژن بنچ میں جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس انعام امین منہاس، چوتھے ڈویژن بنچ میں جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس محمد آصف شامل ہوں گے۔ جسٹس بابر ستار اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز کے سنگل بنچ نہیں ہوں گے، جسٹس محسن اختر کیانی کا ڈویژن بینچ ایک بار پھر ختم کر دیا گیا، جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان پہلے ہی رخصت پر ہیں۔

بقیہ 23

جانب سے دائر کی گئی ہے جس میں وفاقی حکومت، پی آئی اے کارپوریشن اور دیگر متعلقہ فریقین کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا ہے کہ پی آئی اے قانون کے تحت سرکاری شیئرز کی فروخت ممکن نہیں ہے۔ 2023 میں قومی اسمبلی نے پی آئی اے کے شیئرز کی فروخت کے بل کو مسترد کر دیا تھا اور اس فیصلے کے بعد کابینہ کو بھی شیئرز کی فروخت کا کوئی اختیار نہیں تھا۔ پی آئی اے کی فروخت سے قبل مشترکہ مفادات کونسل سے منظوری حاصل نہیں کی گئی جبکہ نوسو ارب روپے کی پی آئی اے کو 134 ارب روپے کی بولی کے ذریعے فروخت کی گئی۔ درخواست گزار نے استدعا کی ہے کہ عدالت پی آئی اے کی نجکاری کے عمل کو ملکی مفاد کے خلاف قرار دیتے ہوئے کالعدم قرار دے اور ساتھ ہی پی آئی اے کی ری سٹرکچرنگ کا حکم بھی جاری کرے۔

بقیہ 24

ہدفی اقدامات تیار کیے جا رہے ہیں، حکومت توانائی کے نرخوں میں کمی اور ٹیکس ریٹس کے بہتر انتظام پر بھی کام کر رہی ہے تاکہ ٹیکس دہندگان کو براہِ راست ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ موجودہ مالی سال میں پاکستان کی جی ڈی پی 4 فیصد تک بڑھ سکتی ہے جبکہ اگلے سال یہ شرح تقریباً 5 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے، ملک کو بیرونی اکاؤنٹس میں مضبوطی دینے کے لیے ترسیلات زر 41 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے۔ خرم شہزاد نے آئی ایم ایف کے ساتھ آئندہ اقتصادی جائزے کی تیاریوں کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ اس بار حکومت محتاط اور پائیدار اقتصادی پالیسی پر عمل پیرا ہے تاکہ بار بار بیلنس آف پیمنٹس کے بحران سے بچا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ 24 سرکاری ادارے جو مالی بوجھ بڑھا رہے ہیں، نجکاری کے عمل میں آئیں گے۔ انہوں نے افراط زر میں کمی اور عوام پر دباؤ کے حوالے سے کہا کہ مہنگائی 3025 فیصد سے تقریباً 5 فیصد پر آ گئی ہے، اور حکومت کا مقصد شہریوں کی کمائی بڑھانا ہے، جس سے برآمدات اور طویل مدتی اقتصادی ترقی کو فروغ ملے گا۔ خرم شہزاد نے ٹیکس وصولیوں میں کمزوریوں پر بھی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ وفاق نے گزشتہ سال 13 کھرب روپے ٹیکس جمع کیے، جس سے وفاقی ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب 3.11 فیصد رہا، جبکہ عالمی معیار تقریباً 18 فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی ٹیکس مجموعی طور پر کم ہیں اور 2028 تک اس کو تین گنا بڑھانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 25

جنوبی ایشیا میں پانی کی سیاست نے نیا رخ اختیار کر لیا، سندھ طاس معاہدے کی معطلی علاقائی کشیدگی بڑھائے گی۔ دی نیشنل انٹرسٹ کی رپورٹ کے مطابق بھارت کا ڈلہستی اسٹیج-II منصوبہ سندھ طاس معاہدے کے خلاف قدم ہے، بھارت پانی کو سٹریٹجک ہتھیار بنا رہا ہے، پانی کا بحران جنوبی ایشیا میں بڑا انسانی خطرہ بن سکتا ہے۔ امریکی جریدے کے مطابق بھارت کی جانب سے آبی ڈیٹا کی فراہمی روکنا بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے، عالمی ثالثی عدالت نے واضح کیا ہے کہ بھارت سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ طور پر معطل نہیں کر سکتا۔ دی نیشنل انٹرسٹ کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ جنوبی ایشیا میں فوڈ سکیورٹی کی بنیادی ضمانت ہے، بھارت پر مغربی دریاؤں کا پانی پاکستان کے لیے مہیا کرنا قانونی طور پر لازم ہے، پانی کو ہتھیار بنانے کی بھارتی کوشش عالمی عدالتوں اور بین الاقوامی قانون کی نظر میں ناقابل قبول ہے۔

بقیہ 26

متعدد جھولے تفریح فراہم کریں گے۔ جھولوں اور دیگر میٹریل کیلئے یو ای ٹی کے فٹنس سرٹیفکیٹ حاصل کیے گئے ہیں۔ اس موقع پر وزیر ہاؤسنگ کا کہنا تھا کہ پارکس میں بچوں اور فیملیز کیلئے منفرد تفریحی سہولیات بے حد ضروری ہیں۔ قدرتی ماحول میں تفریح کے مواقع صحت مند سرگرمیوں کی بحالی میں مددگار ہوں گے۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ نے تمام پارکس میں فٹنس سرٹیفکیٹ اور ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنانے کے بھی احکامات جاری کیے۔

بقیہ 27

واقعہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد پولیس حرکت میں آئی اور دنبوں کو لڑانے میں ملوث افراد کی نشاندہی کر لی گئی۔ پولیس نے بتایا کہ چند افراد نے تفریح کی غرض سے دو دنبوں کو ایک میدان میں آمنے سامنے لا کر لڑایا۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ دونوں دنبے ایک دوسرے پر مسلسل ٹکریں مارتے رہے، جس کے نتیجے میں ایک دنبہ شدید زخمی ہو کر زمین پر گر گیا اور موقع پر ہی ہلاک ہو گیا۔ بعد ازاں شرینگل پولیس نے دنبے لڑانے کے الزام میں دو افراد کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ 28

انہوں نے فیصل آباد گھنٹہ گھر چوک میں ریفرنڈم کیمپ کے دورہ کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری، امیر فیصل آباد محبوب الزماں بٹ اور صدر نیشنل لیبر فیڈریشن شمس الرحمن سواتی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ چار روزہ عوامی ریفرنڈم کے تیسرے روز مرد و خواتین کی بڑی تعداد نے رائے کا اظہار کیا۔ صوبہ کے تمام اضلاع میں قائم ہزاروں پولنگ کیمپس پر جوش و خروش اور گہما گہمی کا سلسلہ جاری رہا۔ اتوار کی شام کو چار روزہ ریفرنڈم کا اختتام ہوگا جس کے بعد نتائج کا اعلان ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ نتائج کی روشنی میں جماعت اسلامی آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرے گی، پنجاب اسمبلی کا گھیراؤ کیا جائے گا اور کالے قانون کی واپسی تک احتجاج جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں بااختیار مقامی حکومتوں کے قیام کے لیے جماعت اسلامی کی جدوجہد میں مزید تیزی آئے گی۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پنجاب کے بلدیاتی قانون میں لاہور کو نو اور فیصل آباد کو پانچ حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے، پنجاب پر قابض شریف خاندان بااختیار میئر سے بھی خوفزدہ ہے، حکمران سیاسی پارٹیاں عوام تو گجا اپنی پارٹیوں کے کارکنوں کو بھی اختیار نہیں دینا چاہتیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کے بلدیاتی قانون میں غیر جماعتی انتخابات تجویز کیے گئے ہیں، یونین کونسل کا چیئرمین بھی عوام کے براہ راست ووٹ سے منتخب نہیں ہوگا۔ آئین میں بااختیار بلدیاتی حکومتوں کی بات کی گئی ہے تاہم صوبائی حکومتیں اس سے منحرف ہیں، پنجاب میں گزشتہ دس برس سے بلدیاتی انتخاب نہیں ہوا۔ اختیارات پر افسر شاہی قابض ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے مزید کہا کہ ملک آزاد ہونے کے باوجود بھی انگریز کی عطا کردہ افسر شاہی کے شکنجے میں ہے۔ عوام کے منتخب نمائندوں کو کوئی اختیار حاصل نہیں۔ انہوں نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ نواز شریف نے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگایا لیکن ہاری ہوئی نشست قبول کر لی، صوبائی اسمبلی کی نشست پر شکست کے باوجود ان کی بیٹی وزیر اعلیٰ اور قومی اسمبلی کی نشست پر ہارنے کے باوجود ان کے بھائی وزیراعظم بن گئے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی بھی سیاسی پارٹی عوام کو بااختیار بنانے کی بات نہیں کرتی۔ جماعت اسلامی پنجاب میں ن لیگ کی اجارہ داری چیلنج کر رہی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اپنے حق کے حصول اور بااختیار بلدیاتی حکومتوں کے قیام کے لیے ریفرنڈم میں بھرپور انداز میں رائے کا اظہار کریں۔

بقیہ 29

بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ وہ نہ حکومت میں ہیں اور نہ ہی اپوزیشن میں بلکہ بطور اسپیکر اپنا کردار ادا کریں گے۔ میرا مشورہ یہی ہے کہ پارلیمنٹ میں آئیں، پارلیمنٹ میں آ کر عوام کی خدمت کا کام کریں، احتجاج ضرور کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس میں آگ نہ لگائی جائے اور جانوں کا ضیاع نہ ہو۔ توڑ پھوڑ، ڈنڈوں اور بندوقوں کی موجودگی تشویش کا باعث بنتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر کوئی پاکستان کے خلاف بات کرے گا تو اسے گفتگو کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی میں عدلیہ اور ججز کے کردار پر بات کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، اسی طرح افواج پاکستان کے خلاف بات بھی نہیں کرنے دی جائے گی اور صرف اسی گفتگو کی اجازت ہوگی جو آئین کے دائرے میں ہو۔ سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ وہ وزیر اعظم پاکستان سے مشاورت کرتے ہیں اور وزیر اعظم انہیں کسی چیز سے نہیں روکتے۔ انہوں نے کہا کہ محمود اچکزئی اپوزیشن سے تعلق رکھتے ہیں تاہم جو کوئی بھی پاکستان کے خلاف بات کرے گا اسے اجازت نہیں دی جائے گی۔ اگر ماحول خراب کرنا چاہتے ہیں اور ملک کا نقصان چاہتے ہیں تو کر کے دیکھ لیں کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت مضبوط ہوتی جا رہی ہے۔ زرمبادلہ کے ذخائر 40 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا کہنا تھا کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کبھی اتنی اچھی نہیں تھی جتنی آج ہے، صرف ہمسایہ ملک سے مسئلہ ہے جو ہمارے بچوں کی جانوں سے کھیلتا ہے۔ باقی پاکستان کے امریکہ، چین، روس، ترکی اور سعودی عرب کے ساتھ دوستانہ تعلقات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر ملک میں مافیا ہوتے ہیں ہمارے ملک میں بھی مافیا ہیں، ان سے لڑنا عوام کا کام ہے، حق اور سچ ان کا راستہ روکتے ہیں۔ قبل ازیں این سی اے آمد پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری نے سینئر فیکلٹی کے ہمراہ ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی نے این سی اے میں منعقدہ ڈگری شو کا مشاہدہ کیا اور طلبہ کے فن پاروں کو سراہا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سردار ایاز صادق نے کہا کہ نوجوان فنکار پاکستان کا روشن مستقبل ہیں اور طلبہ کے تخلیقی کام پاکستان کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فنون لطیفہ کسی بھی قوم کی شناخت اور اس کے ثقافتی ورثے کا اہم حصہ ہوتے ہیں جبکہ این سی اے جیسے ادارے نوجوانوں میں تخلیقی سوچ کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ تخلیقی صلاحیتوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ حکومت تعلیمی اور ثقافتی اداروں کی ترقی کے لیے پرعزم ہے اور اس ضمن میں ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ نیشنل کالج آف آرٹس ایک بہترین یونیورسٹی ہے۔ این سی اے نے قومی سطح پر شہرت حاصل کر لی ہے، جس کے طلبہ بہت کچھ حاصل کر رہے ہیں۔ یہاں کے نوجوان طلبہ ریسرچ کے بعد کام کرتے ہیں جو تخلیقی ہوتا ہے۔ وائس چانسلر این سی اے پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری نے این سی اے آمد پر سردار ایاز صادق کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس طرح کے دورے طلبہ اور اساتذہ کے لیے حوصلہ افزائی کا باعث بنتے ہیں۔

بقیہ 30

فرحان شوکت ہنجرا نے اجلاس میں شرکت کی جب کہ امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری، امیر پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم، امیر پنجاب جنوبی سید ذیشان اختر، امیر لاہور ضیا الدین انصاری، نصر اللہ رندھاوا، اقبال احمد خان، ڈاکٹر بابر رشید، رسل خان بابر، ہما ایوب، ثناء اللہ سرانی، زبیر صفدر اور اظہر بلال زوم پر شریک ہوئے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ پنجاب میں کالے بلدیاتی قانون کے خلاف عوامی ریفرنڈم میں عوام کی بڑی تعداد رائے کا اظہار کر رہی ہے۔ جماعت اسلامی کے کارکنان عوامی ریفرنڈم کے آخری دو روز گھر گھر، بس اڈوں ریلوے اسٹیشنز اتوار بازاروں غلہ منڈیوں میں جائیں گے۔ 18 جنوری کو ڈویژنل ہیڈکوارٹرز پر عوامی ریفرنڈم کے پولنگ کیمپ لگائے جائیں گے۔ 19 جنوری کو اضلاع میں گنتی کا عمل شروع ہوگا۔ 20 جنوری کو صوبہ پنجاب وسطی شمالی جنوبی کے نتائج موصول ہوں گے جب کہ موصول ہوں گے، 21 جنوری کو امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نتائج کا پریس کانفرنس میں اعلان کریں گے۔

بقیہ 31

فریم ورک کو ہم آہنگ کر کے نظام کی رکاوٹیں کم کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریاض میں منعقدہ فیوچر منرلز فورم (ایف ایم ایف) میں گفتگو کے دوران کیا۔ وفاقی وزیر نے فورم میں پاکستان کی نمائندگی کی جہاں انہوں نے اعلیٰ سطحی مباحثے میں شرکت کرتے ہوئے دنیا کے سامنے پاکستان کے بے پناہ معدنی وسائل کی صلاحیت کو اجاگر کیا۔ ایف ایم ایف کے موقع پر وفاقی وزیر نے متعدد اعلیٰ سطحی دوطرفہ ملاقاتیں کیں جن میں سعودی عرب کے وزیر توانائی شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان آل سعود سے ملاقات شامل تھی۔ ملاقات میں توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا جس میں پیٹرولیم کی فراہمی، قابل تجدید توانائی، توانائی کی افادیت اور سرمایہ کاری کے مواقع شامل تھے۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے سعودی عرب کے وزیر سرمایہ کاری انجینئر خالد الفالح سے بھی ملاقات کی جس میں پاکستان کے توانائی اور معدنیات کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے بہاؤ میں اضافے اور شراکت داریوں کو سہل بنانے پر گفتگو ہوئی۔ اس کے علاوہ انہوں نے انٹرنیشنل انرجی فورم کے سیکرٹری جنرل جاسم الشیراوی، میٹسو کارپوریشن کے سی ای او سامی ٹکالوما، ڈیلٹا آئل کے چیئرمین بدر العیبان، سعودی ایگزم بینک کے سی ای او انجینئر سعد الخلب سے بھی ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں کے دوران باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے ایک نمایاں وزارتی پینل میں شرکت کی جس کا عنوان ایک عالمی مقصد کا آغاز معدنیات کی فراہمی کو فروغ دینے میں حکومتوں کا کردار تھا جس کی میزبانی سی این این کی اینکر اور نامہ نگار ایلینی جیوکوس نے کی۔ اس پینل میں سعودی عرب کے وزیر صنعت و معدنی وسائل بندر الخریف، مراکش کی وزیر برائے توانائی منتقلی و پائیدار ترقی لیلیٰ بن علی، موریطانیہ کے وزیر کان کنی و صنعت تیام تدجانی، چلی کی وزیر کان کنی اور ورا اولیمز باسا اور کینیڈا کی وزارت توانائی و قدرتی وسائل کے پارلیمانی سیکرٹری کلاڈ گوئے شامل تھے۔ گفتگو کے دوران وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے اس امر پر زور دیا کہ حکومتِ پاکستان معدنی شعبے میں ضابطہ جاتی ماحول کو سادہ بنا کر اور فریم ورک کو ہم آہنگ کر کے نظام کی رکاوٹوں کو کم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان متنوع اور وسیع معدنی وسائل کا حامل ہے جو عالمی شراکت داروں کے لیے نمایاں مواقع فراہم کرتے ہیں۔ پینل نے پاکستان کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے اسے ایک ابھرتی ہوئی اور پرکشش معدنی منزل قرار دیا۔ ایلینی جیوکوس نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں موجود بے پناہ صلاحیت کے باعث دنیا پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہی ہے تاکہ معدنی وسائل حاصل کیے جاسکیں جو بڑھتی ہوئی عالمی دلچسپی کی عکاسی کرتا ہے۔ وفاقی وزیر نے عالمی اسٹیک ہولڈرز کو اپریل 2026ء میں منعقد ہونے والے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم میں شرکت کی باضابطہ دعوت دی اور اسے سرمایہ کاری، تعاون اور پالیسی مکالمے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم قرار دیا۔ اس کے علاوہ وفاقی وزیر نے ایف ایم ایف کی وزارتی گول میز کانفرنس عالمی مقصد کا آغاز ترقی کے نئے دور کے لیے معدنیات میں بھی شرکت کی جس میں 100 ممالک کے نمائندے شریک تھے۔ فیوچر منرلز فورم میں پاکستان کی موجودگی کو پاکستان پویلین کے ذریعے مزید تقویت ملی جس کا عنوان پاکستان دی منرل ماریل تھا۔ اس پویلین میں نیشنل منرلز ڈیٹا سینٹر (این ایم ڈی سی) کے لائیو ڈیمونسٹریشنز پیش کی گئیں جو پاکستان کے معدنی شعبے کی جدید کاری میں مرکزی حیثیت رکھنے والا ایک جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارم ہے۔ شرکا نے جدید انٹرایکٹو نمائشوں میں گہری دلچسپی لی جن میں تھری ڈی جیولوجیکل ماڈلنگ، ہائی ریزولوشن جی آئی ایس میپنگ، اور پاکستان کے معدنی وسائل سے مالا مال علاقوں کی ریئل ٹائم ڈیٹا ویژولائزیشن شامل تھی۔ پاکستان نے اپنے معدنی وسائل پر مبنی 90 منٹ پر مشتمل کنٹری شوکیس سیشن بھی منعقد کیا جس میں بڑی تعداد میں شرکا نے شرکت کی۔ اس سیشن کے دوران وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے اہم معدنیات کے حوالے سے پاکستان کے اسٹریٹجک وژن کو پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کاروبار کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور حکومتِ پاکستان سرمایہ کاروں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے تاکہ عالمی سطح پر برقی توانائی کی منتقلی کے عمل میں معاونت کے لیے اس صلاحیت سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے۔ انہوں نے زور دیا کہ ریکوڈک محض ایک منصوبہ نہیں بلکہ ایک معیار (بینچ مارک) ہے جو کان کنی کے شعبے میں نئے معیارات قائم کرے گا اور بتایا کہ رواں سال پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کا موضوع بیانڈ ریکوڈک ہوگا۔ اس موقع پر معدنی وسائل کے نائب وزیر عبدالرحمن البلوشی بھی موجود تھے۔ فیوچر منرلز فورم میں پاکستان کی فعال شرکت نے ذمہ دارانہ معدنی ترقی، عالمی تعاون اور سرمایہ کاری پر مبنی ترقی کے لیے حکومتِ پاکستان کے عزم کی توثیق کی اور پاکستان کو مستقبل کی عالمی معدنی ضروریات پوری کرنے میں ایک اہم شراکت دار کے طور پر پیش کیا۔

بقیہ 32

استعمال کیا جاتا ہے، فضائی برتری اور کثیر المقاصد ڈرونز کے ہم آہنگ استعمال سے دشمن کی نقل و حرکت ناممکن بنادی جاتی ہے۔ دور مار کرنے والے ہتھیاروں کے ہم آہنگ استعمال سے بھی دشمن کی نقل و حرکت ناممکن بنائی جاتی ہے، تباہ کن بمباری، سائبر اور انفارمیشن آپریشنز سے دشمن کی فیصلہ سازی کی صلاحیت مفلوج کی جاتی ہے۔ اس حوالے سے بتایا گیا کہ یہ مشترکہ جنگ کا بہترین نمونہ ہے، اس میں فضائی اور زمینی طاقت کے ساتھ دشمن کے دفاع کو تہس نہس کر دیا جاتا ہے۔ افواج پاکستان کی مشقیں جدید ٹیکنالوجی، تباہ کن فائر پاور اور انتہائی درست نشانہ بندی کی صلاحیتوں کا مظہر ہیں۔ یہ مشقیں افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ مہارت کو نمایاں کرتی ہیں، جو ملٹی ڈومین آپریشنز کی پہچان ہے۔

بقیہ 33

مکمل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ میں بھی اپوزیشن لیڈر کی تقرری کا معاملہ جلد حل ہو جائے گا، شہباز شریف نے جس دن حلف لیا اسی دن مذاکرات کی بات کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کہا تھا باقی معاملات کو چھوڑیں، آئیں میثاق معیشت کریں، 2 چار افراد کی رہائی کا معاملہ ایک طرف، لوگوں نے آپ کو عوام کے بھلے کے لیے ووٹ دیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جیل میں ملاقات ایک قانونی معاملہ ہے، سزا یافتہ شخص اسی لیے جیل میں رکھا جاتا ہے کہ وہ روزمرہ زندگی میں سیاسی معاملات نہ کرے، جو چیز بلا واسطہ ممکن نہیں وہ بالواسطہ بھی ممکن نہیں ہے۔ وزیر قانون نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے بھی موجود ہیں، سزا یافتہ شخص ملکی سیاست نہیں چلاسکتا، مجھے نہیں سمجھ آتی اپوزیشن ہر معاملے میں کہتی ہے بانی پی ٹی آئی سے مشاورت کرنی ہے، اپوزیشن کو سمجھنا چاہیے کہ سیاسی معاملات کا بھی طریقہ کار ہوتا ہے۔

بقیہ 34

نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔ اس میں کہا گیا کہ وزارت موسمیاتی تبدیلی سمیت دیگر فریقین تفصیلی جواب آئندہ سماعت تک جمع کرائیں۔ حکم نامہ میں کہا گیا کہ درخواست گزار نے بتایا کہ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایکٹ کی خلاف ورزی میں درخت کاٹے جا رہے ہیں۔ درخواست گزار کے مطابق اسلام آباد وائلڈ لائف آرڈیننس اور ماسٹر پلان کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے۔ درخواست گزار کے مطابق سی ڈی اے حکام نے ابھی تک نہیں بتایا ہزاروں درخت کاٹنے کی وجہ کیا تھی۔

بقیہ 35

طلب کر لی ہے۔ عدالت نے حکم دیا ہے کہ سوشل میڈیا پر غیر اخلاقی مواد کی روک تھام کے لیے لگائی جانے والی فائر وال سے متعلق تفصیلی رپورٹ عدالت میں جمع کرائی جائے۔ عدالتی حکم نامے میں بتایا گیا کہ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ حال ہی میں سوشل میڈیا کے لیے ایک نئی اتھارٹی قائم کر دی گئی ہے۔ وکیل نے اس نئی اتھارٹی کو فریق بنانے کے لیے عدالت سے وقت بھی مانگا، جسے عدالت نے منظور کر لیا۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ٹک ٹاک پر غیر اخلاقی اور فحش مواد شیئر کیا جا رہا ہے جبکہ ٹک ٹاک لائیو سیشنز میں غیر اخلاقی گفتگو اور نازیبا حرکات کی جاتی ہیں جس کے باعث معاشرے پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 11 فروری تک ملتوی کر دی ہے۔

بقیہ 36

پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لیے ایک بڑا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت اب تارکین وطن اپنی موبائل فون سروس میں تسلسل برقرار رکھ سکیں گے اور بیرون ملک قیام کے دوران ان کی پاکستانی موبائل فون سم بلاک نہیں کی جائے گی۔ پی ٹی اے کے مطابق اس اقدام کا مقصد سمندر پار پاکستانیوں کو سہولت فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنی موبائل سم کی ملکیت برقرار رکھ سکیں۔ پی ٹی اے نے اس حوالے سے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے متعلقہ موبائل کمپنی سے رجوع کر سکتے ہیں۔ اس فیصلے کے ذریعے اوورسیز پاکستانیوں کو ضروری مواصلاتی سہولیات تک مسلسل رسائی حاصل رہے گی، جس سے ان کے لیے پاکستان سے رابطہ برقرار رکھنا آسان ہو جائے گا۔

بقیہ 37

میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں مولانا وحید گل کے گھر اور ان کی گاڑی کو جزوی طور پر نقصان پہنچا ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی نفری فوری طور پر جائے وقوع پر پہنچی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر واقعے کی تحقیقات شروع کی۔ مولانا وحید گل نے دھماکے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ واقعے میں خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دوسری جانب ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر وقاص رفیق کے مطابق ابتدائی تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ دھماکے میں آئی ای ڈی استعمال ہوئی ہے۔ اس حوالے سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

محکمہ آبنوشی میں تقرری وتعیناتی کے لیے ایک جامع، واضح اور نافذ العمل پالیسی مرتب کی جارہی ہے

تقرری وتعیناتی کے معاملات میں کسی قسم کی سیاسی مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی

پشاور (اشتیاق خان سے) خیبر پختونخوا کے وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ فضل شکور خان نے کہا ہے کہ محکمہ آبنوشی میں تقرری وتعیناتی کے لیے ایک جامع، واضح اور نافذ العمل پالیسی مرتب کی جارہی ہے، جس کا مقصد محکمہ کے تمام انتظامی و تکنیکی امور کو بہتر انداز میں چلانا، کارکردگی کو مؤثر بنانا اور کام کی رفتار میں نمایاں تیزی لانا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تقرری وتعیناتی کے معاملات میں کسی قسم کی سیاسی مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام فیصلے خالصتاً میرٹ، شفافیت اور انصاف کی بنیاد پر کیے جائیں گے کسی افسر یا اہلکار کے ساتھ زیادتی اور ناانصافی نہیں ہونے دی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے ان خیالات کا اظہار پیر کے روز اپنے دفتر میں تقرری وتعیناتی پالیسی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں چیف انجینئر ساؤتھ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ امجد شمشیر سمیت محکمہ کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر کو تقرری وتعیناتی پالیسی سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں آگاہ کیا گیا کہ محکمہ میں مختلف خالی اسامیوں پر تحریری امتحانات میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کے انٹرویوز کا عمل جاری ہے انٹرویوز کی تکمیل اور میرٹ کی بنیاد پر تقرریوں کے بعد محکمہ میں موجود بیشتر خالی آسامیاں پُر ہوجائیں گی، جس سے سٹاف کی کمی پر کافی حد تک قابو پایا جاسکے گا اور محکمہ کے امور میں تیزی کے ساتھ ساتھ منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن ہوسکے گی۔ مزید بریفنگ میں بتایا گیا کہ محکمہ میں اس وقت موجود باقی خالی آسامیوں کو محکمہ خزانہ سے منظوری حاصل ہونے کے بعد ایٹا کے ذریعے مشتہر کیا جائے گا، تاکہ شفاف طریقے سے اہل اور قابل افراد کی بھرتی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر فضل شکور خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پوسٹنگ وٹرانسفر سے متعلق ایک واضح، شفاف اور قابلِ عمل پالیسی کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے تاکہ محکمہ آبنوشی کو ایک مضبوط، منظم اور عوام دوست ادارہ بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت ادارہ جاتی اصلاحات، میرٹ کی بالادستی اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے۔

چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ کی زیرصدارت گورننس امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس

جس میں متعلقہ انتظامی سیکرٹریز اور سینئر افسران نے شرکت کی



پشاور (اشتیاق خان سے) چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ کی زیرصدارت گورننس امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ کی زیرصدارت گورننس امور سے متعلق ہفتہ وار جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں متعلقہ انتظامی سیکرٹریز اور سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے بھر میں عوام کو معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے حکومت خیبر پختونخوا کے گڈ گورننس روڈ میپ کے تحت اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ناجائز تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ ہفتے 12 سے 18 جنوری کے دوران صوبے کے مختلف اضلاع میں مجموعی طور پر 41 کارروائیاں ہوئیں جن کے نتیجے میں 188 کنال سرکاری اراضی واگزار کروائی گئی۔ اجلاس میں محکمہ خوراک کی کارکردگی پر بھی بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کے کنٹرول اور معیار کو یقینی بنانے کے لئے آن لائن کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جارہا ہے تاکہ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔ چیف سیکرٹری کو صوبائی دارالحکومت پشاور کی خوبصورتی اور بحالی سے متعلق جاری منصوبوں پر بھی آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ شہر کی بحالی کے منصوبوں پر بڑی حد تک پیشرفت کرلی گئی ہے جبکہ مین جی ٹی روڈ، جمرود روڈ اور رنگ روڈ پر ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ پشاور رنگ روڈ کے ناردرن سیکشن میں مسنگ لنک کے دو پیکجز پر کام تکمیل کے قریب ہے۔ اجلاس میں سیاحتی مقامات پر ماحول دوست اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ بتایا گیا کہ صوبے کے مختلف سیاحتی علاقوں میں 477 ہوٹلوں نے اب تک سیوریج کے نظام کو درست کرلیا ہے، جس سے ماحولیاتی آلودگی میں کمی اور سیاحت کے فروغ میں مدد ملے گی۔

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم خان کنڈی کا پولیس لائن ٹانک کا دورہ

جہاں انہوں نے گزشتہ دنوں دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا

ٹانک (ارشاد محسود) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم خان کنڈی کا پولیس لائن ٹانک کا دورہ، شہدائے پولیس کو خراج عقیدتگورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم خان کنڈی نے پولیس لائن ٹانک کا دورہ کیا جہاں انہوں نے گزشتہ دنوں دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر گورنر نے یادگارِ شہداء پر سلامی دی اور شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔ دورے کے دوران گورنر خیبر پختونخوا نے علاقائی مشران اور شہید پولیس اہلکاروں کے ورثاء سے ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے پولیس نے امن و امان کے قیام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبے میں امن و امان برقرار رکھنا صوبائی اور وفاقی حکومت دونوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ صوبائی آپریشن کی مخالفت صرف میڈیا پر کی جارہی ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ صوبائی حکومت نے متاثرین کے لیے فنڈز مختص کیے ہیں جو خود آپریشن کی منظوری کا حصہ ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ فی الوقت صوبے میں گورنر راج لگانے کا کوئی امکان نہیں، تاہم جب ضرورت پیش آئی تو آئینی تقاضوں کے تحت یہ اقدام کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت ضرورت کے تحت ہر کام میں فوج کو طلب کرنے کا اختیار رکھتی ہے اور یہ فیصلہ ملکی مفاد میں کیا جاتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف 8 فروری کو کوئی احتجاج نہیں کرے گی اور اگر کسی قسم کی صورتحال پیدا ہوئی تو وفاقی حکومت اس سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ آخر میں گورنر نے پولیس فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پولیس اہلکار دہشت گردی کے خلاف فرنٹ لائن پر لڑ رہے ہیں اور حکومت ان کی فلاح و بہبود، شہداء کے ورثاء کی دیکھ بھال اور امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

ملکی انڈسٹری اس وقت وینٹی لیٹر پر ہے، اس کو بچالیں، ایس ایم تنویر

ورلڈ اکنامک گلوبل رسک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں بے روزگاری میں اضافہ ہوگا، سابق وزیر

گوجرانوالہ (این این آئی) سابق وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ انڈسٹری قبرستان میں تبدیل ہورہی ہے، انڈسٹری اس وقت وینٹی لیٹر پر ہے اس کو بچالیں۔ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے کہا کہ کاروباری حالات ملکی حالات اور اکانومی کو بزنس کمیونٹی نے ہی چلانا ہے۔ سابق وزیر صنعت وتجارت نے کہا کہ ہم تاجر ہیں ہم گورنمنٹ کے خلاف نہیں ہیں، اگر غلط کام (بقیہ نمبر 15)

پی آئی اے کی نجکاری کا عمل لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) پی آئی اے کی نجکاری کے عمل کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست نبیل جاوید کاہلوں ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر کی گئی ہے، جس میں وفاقی حکومت، پی آئی اے کارپوریشن اور دیگر متعلقہ فریقین کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نے (بقیہ نمبر 16)

لاہور: وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق مثالی گاؤں پروگرام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد بھی موجود ہیں۔

عالمی قوانین کے تحت مسئلہ فلسطین کا حل ضروری ہے، پاکستان

تنازعات کا سیاسی اور سفارتی حل نکالا جائے، تنازعات کا حل اقوام متحدہ چارٹر کا بھی امتحان ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ عالمی قوانین کے تحت مسئلہ فلسطین کا حل ضروری ہے۔ اقوام متحدہ میں تنازعات سے بچاؤ اوران کے حل پر مباحثہ میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے خطاب میں کہا کہ بدقسمتی سے آج تک مسئلہ فلسطین اور کشمیر کا حل نہیں نکالا جاسکا۔ تنازعات کا سیاسی اور سفارتی حل نکالا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تنازعات کا حل اقوام متحدہ چارٹر کا بھی (بقیہ نمبر 19)

ٹیکس اور سرچارجز کے باعث بجلی کی قیمتیں ناقابل برداشت ہوچکی ہیں، نیپرا

ڈسکوز نقصانات کے باعث ایک سال میں گردشی قرض 276 ارب روپے مزید بڑھ گیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے پاور سیکٹر کی اسٹیٹ آف انڈسٹری رپورٹ 2025 جاری کردی جس میں کہا گیا ہے کہ ٹیکسز، ڈیوٹیز اور سرچارجز کے باعث بجلی کی قیمتیں ناقابل برداشت ہوچکی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 24-2023 میں بجلی کمپنیوں کے نقصانات 31.18 فیصد رہے، نیپرا نے ڈسکوز کیلیے نقصانات کی حد 11.77 فیصد مقرر کر رکھی ہے، ڈسکوز نقصانات (بقیہ نمبر 20)

رحیم یار خان پولیس کا کچے میں ٹارگٹڈ آپریشن جاری، 40 سہولت کار گرفتار

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان پولیس کا کچے میں ڈاکوؤں کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن کے نتیجے میں کچے کے ڈاکوؤں کی سہولت کاری کرنے والے 40 سے زائد سہولت کار گرفتار کر لئے۔ ڈی پی او عرفان سموں نے بتایا کہ ملزمان کو سرچ آپریشن کے دوران تھانہ ماچھکہ، (بقیہ نمبر 21)

لاہور: وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ خواجہ آئی ٹی سی این ایشیاء سے خطاب کررہی ہیں۔

بھارت کا پانی کو سٹریٹجک ہتھیار بنانا بڑا انسانی خطرہ بن سکتا ہے، امریکی جریدہ

واشنگٹن (این این آئی) سندھ طاس معاہدے کے خلاف بھارتی اقدامات پر امریکی جریدے نے پاکستانی مؤقف کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ بھارتی اقدامات سے جنوبی ایشیا میں بڑا انسانی خطرہ بن سکتا ہے۔ امریکی جریدے دی نیشنل انٹرسٹ کے مطابق بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے بعد (بقیہ نمبر 25)

لاہوریوں کیلئے تاریخی گریٹر اقبال پارک میں تفریح کا ایک اور منصوبہ

وزیر ہاؤسنگ پنجاب نے اقبال پارک میں فیملیز کیلئے 2 ایکڑ پر محیط پلے لینڈ کا افتتاح کردیا

لاہور (این این آئی) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین نے اقبال پارک میں فیملیز کیلئے 2 ایکڑ پر محیط پلے لینڈ کا افتتاح کردیا۔ وائس چیئرمین پی ایچ اے لاہور غزالی سلیم بٹ اور ڈی جی پی ایچ اے راجہ منصور بھی ہمراہ تھے۔ متعلقہ حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ پلے لینڈ کو ڈزنی لینڈ کی طرز پر تعمیر کیا گیا اور بچوں کیلئے موشن رائیڈ کی سہولت موجود ہے۔ سفاری موٹر بائیک، بریک ڈانس، میری گولڈ رائیڈ، پیرائٹ شپ، بریک ڈانس رائیڈ سمیت (بقیہ نمبر 26)

دنبے لڑانے کے الزام میں 2 افراد گرفتار، مقدمہ درج

دیر بالا (این این آئی) دنبے لڑانے کے الزام میں دو افراد کو گرفتار کرلیا، قمار بازی کے دوران ایک دنبہ ہلاک ہوگیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع دیر بالا میں جانوروں کو آپس میں لڑانے کا واقعہ سامنے آنے کے بعد تھانہ شرینگل پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ (بقیہ نمبر 27)

ن لیگ کا دیا گیا جمہوریت دشمن بلدیاتی قانون کسی صورت قبول نہیں، حافظ نعیم الرحمن

پنجاب کے عوام اپنے حق کے لیے بیدار ہوگئے، مقامی حکومتوں کا مؤثر نظام قائم کیا جائے

فیصل آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پنجاب کے عوام سے خوفزدہ نون لیگ نے جمہوریت دشمن بلدیاتی قانون متعارف کرایا، جماعت اسلامی اس کالے قانون کو تسلیم کرتی ہے نہ اس کے تحت انتخابات ہونے دے گی۔ بلدیاتی قانون پر عوامی ریفرنڈم نے صوبہ کے عوام کو بیدار کردیا، بااختیار مقامی حکومتوں کے قیام کی جدوجہد میں مزید تیزی آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار (بقیہ نمبر 28)

کونسلر راجہ اسماعیل نومنتخب صدر ملک نعیم اختر اور سیکرٹری اطلاعات ملک مظہر حسین کو مبارکباد دے رہے ہیں

ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو کی زیرِ نگرانی انٹرویو کا انعقاد

پنڈدادنخان (تحصیل رپورٹر) ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو کی زیر نگرانی پولیس لائنز جہلم میں لسٹ A محکمانہ امتحان میں کامیاب ہونے والے جوانوں کا پریڈ ٹیسٹ اور انٹرویو کا انعقاد امیدواروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، نظم و ضبط اور جسمانی فٹنس کا عملی جائزہ لیا گیا، پریڈ ٹیسٹ کے دوران فرداً فرداً ہر جوان کی پریڈ، یونیفارم، ٹرن آؤٹ اور ڈسپلن کو تفصیلی طور پر چیک کیا گیا، انٹرویو کے مرحلے میں امیدواروں سے پولیس رول، ضابطہ فوجداری، محکمانہ امور اور جنرل نالج سے متعلق سوالات کیے گئے تاکہ ان کی پیشہ ورانہ آگاہی اور ذہنی استعداد کا جائزہ لیا جاسکے، اس موقع پر ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو نے کہا کہ ترقی پانے والے افسران اور جوانوں میں پیشہ ورانہ مہارت، نظم وضبط اور قانون سے مکمل آگاہی ہونا انتہائی ضروری ہے اہل اور باصلاحیت جوانوں کی ترقی سے پولیس فورس کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی،

اٹک، جی ٹی روڈ جلو شاپ کے قریب ڈمپر اور کار میں تصادم

اٹک (بیورو رپورٹ) جی ٹی روڈ جلو شاپ کے قریب ڈمپر اور کار میں تصادم، چار افراد زخمی جی ٹی روڈ جلو شاپ کے قریب اس وقت ٹریفک حادثہ پیش آیا جب ایک ڈمپر غلط طریقے سے یوٹرن لے رہا تھا کہ اسی دوران پیچھے سے آنے والی ایک کار اس سے ٹکرا گئی۔ حادثے کے نتیجے میں کار میں سوار چار افراد زخمی ہوگیا طلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 حسن ابدال کی دو ایمبولینسز فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تحصیل ہسپتال حسن ابدال منتقل کر دیا۔ جہاں دو زخمیوں کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث انہیں راولپنڈی ریفر کر دیا گیا زخمیوں میں 22 سالہ ندیم، 62 سالہ زوجہ شہباز، 65 سالہ رحیم خان اور 28 سالہ عبداللہ شامل ہیں

اٹک میں نیزہ بازی کے مقابلے، ملک ہارون کی پہلی پوزیشن

سردار وہاب دوسرے نمبر پر، کامیابی محنت اور مضبوط قیادت کا ثبوت، سردار محمد ریاض

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) نیزہ بازی پاکستان کا ایک مقبول کھیل ہے خاص طور پر دیہاتوں میں یہ کھیل کئی دہائیوں سے کھیلا جارہا ہے اس کھیل کے ٹورنامنٹس بھی ہر سال کرائے جاتے ہیں اس سال کے آغاز پر تحصیل جنڈ ضلع اٹک میں نیزہ بازی کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جس میں چوٹی کے کھلاڑیوں نے شرکت کی تماشائیوں کی بہت بڑی تعداد نے ان مقابلوں کو دیکھا اور خوب داد دی میڈیا کی ٹیمیں بھی ایونٹ کی کوریج کیلئے موجود تھیں، اخلاص غازی ٹینٹ پیگنگ کلب، اخلاص پنڈی گھیب کے دو باصلاحیت جوانوں نے جلوال، تحصیل جنڈ ضلع اٹک میں ہونے والے مقابلے میں بہترین کارکردگی دکھاتے ہوئے فرسٹ اور سیکنڈ پوزیشن حاصل کی۔ فرسٹ پوزیشن ملک ہارون منیر پنڈی گھیب سیکنڈ پوزیشن سردار وہاب آف میٹھا اس نے حاصل کی، اس موقع پر کلب کے بانی سردار ریاض آف اخلاص نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انعامات پیش کیے۔ اپنے خطاب میں سردار ریاض آف اخلاص نے کہا کہ یہ کامیابی محنت، لگن اور مضبوط قیادت کا ثبوت ہے۔ پورے علاقے کے لیے فخر کا ایک لمحہ ہے۔ ٹینٹ پیگنگ کے کھیل کے فروغ کیلئے پہلے بھی کام کیا مستقبل میں بھی کام کرتے رہینگے۔

معاشی استحکام اور برآمدات میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، بلال اظہر کیانی

اجلاس کا مقصد پاکستان میں کاروبار کے پھیلاؤ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا اور سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنانا تھا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل (SIFC) کے تعاون سے کاروباری برادری کے نمائندوں کے ساتھ ایک اہم مشاورتی اجلاس کی صدارت کی، جس میں ملک کے بڑے چیمبرز آف کامرس (بشمول کراچی، لاہور، فیصل آباد، کوئٹہ، سرحد، راولپنڈی اور سیالکوٹ) اور کاروباری تنظیموں جیسے APTMA، PBC اور FPCCI کے صدور اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد پاکستان میں کاروبار کے پھیلاؤ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا اور سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنانا تھا۔ اس موقع پر وزیر مملکت نے حکومت کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نجی شعبے کی ترقی کے لیے ایک مستحکم اور شفاف پالیسی فریم ورک فراہم کیا جائے گا، کیونکہ پائیدار معاشی بحالی اور برآمدات پر مبنی ترقی ہی حکومتی حکمتِ عملی کا بنیادی ستون ہیں۔ اجلاس کے دوران کاروباری برادری نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی اور کاروباری عمل کو آسان بنانے میں SIFC کے فعال کردار کو سراہا، تاہم ریگولیٹری عمل میں درپیش چیلنجز پر تحفظات کا اظہار بھی کیا۔ بلال اظہر کیانی نے متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو ان مسائل کے فوری اور مؤثر حل کے لیے مربوط اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے گزشتہ اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے اب تک کی کوششوں کی تعریف کی اور نئے اٹھائے گئے مسائل کے حل کے لیے واضح لائحہ عمل طے کیا۔

نظام میں بہتری سے تارکینِ وطن کیلئے روزگار بڑھا، وزارتِ سمندر پار پاکستانی

2025ء میں مجموعی طور پر 7 لاکھ 62 ہزار 499 افراد بیورو آف امیگریشن کی سہولت کاری سے بیرونِ ملک بھجوائے گئے

اسلام آباد (این این آئی) وزارتِ سمندر پار پاکستانی، ترقیِ انسانی وسائل نے کہا ہے کہ نظام میں بہتری سے بیرون ملک پاکستانیوں کے روزگار اور تحفظ میں اضافہ ہوا۔ وزارت سمندر پار پاکستانی (ایم او پی) کے مطابق بیورو آف امیگریشن کی جانب سے بیرون ملک روزگار کے متلاشی افراد کی سہولت کاری کیلئے اقدامات کررہے ہیں، گزشتہ سال بیرون ملک بھجوائے جانے والے پاکستانی کارکنوں کی تعداد میں 5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح سال 2025ء میں (بقیہ نمبر 17)

سال 2025 میں پاکستان بھر میں ٹریکٹر فروخت پچھلے 20 سالوں سے کم ریکارڈ ہوئی ہے، مزمل اسلم

پنجاب وسندھ زراعت کا گڑھ تھے ان کو کس حال تک پہنچایا گیا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے خزانہ مزمل اسلم نے ملکی معشیت، زراعت اور گندم سے متعلق اہم بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ رواں سال پاکستان بھر میں ٹریکٹر فروخت پچھلے 20 سالوں سے کم ریکارڈ ہوئی ہے پنجاب وسندھ زراعت کا گڑھ تھے ان کو کس حال تک پہنچایا گیا۔ مزمل اسلم نے کہا کہ ملک کی 60 فیصد آبادی زراعت سے منسلک ہے۔ مشیر خزانہ خیبر پختونخوا نے کہا کہ مریم نواز نے جو اپنے تصویر والے ٹریکٹر دیئے انکا کیا بنا اور (بقیہ نمبر 18)

لاہور: چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نجی یونیورسٹی کی فنانشل اکنامکس اینڈ ہیومیلٹیز پر چوتھی عالمی ریسرچ کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں۔

اسلام آباد ہائی کورٹ کا آئندہ ہفتے کیلئے ججز ڈیوٹی روسٹر جاری

کیسز کی سماعت کیلئے آئندہ ہفتے سے چار ڈویژن، سات سنگل بنچ دستیاب ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کا آئندہ ہفتے کیلئے ججز ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیا گیا۔ چیف جسٹس کی منظوری سے رجسٹرار آفس سے جاری روسٹر کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں کیسز کی سماعت کیلئے آئندہ ہفتے سے چار ڈویژن اور سات سنگل بنچ دستیاب ہوں گے۔ پہلا ڈویژن بنچ چیف جسٹس اور جسٹس اعظم خان پر مشتمل ہوگا، دوسرا ڈویژن بنچ جسٹس بابر ستار اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز پر مشتمل ہوگا، دوسرا ڈویژن بنچ صرف ٹیکسز سے متعلق کیسز کی (بقیہ نمبر 22)

حکومت کی جانب سے آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے اور کاروباری افراد کو ریلیف ملنے کا امکان

24 سرکاری ادارے جو مالی بوجھ بڑھا رہے ہیں، نجکاری کے عمل میں آئیں گے، مشیر خزانہ خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی جانب سے آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے اور کاروباری افراد کو ریلیف ملنے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے اور رجسٹرڈ کاروباروں کے لیے ریلیف دینے کی منصوبہ بندی کررہی ہے۔ مشیر خزانہ خرم شہزاد نے نجی ٹی وی کو بتایا کہ تنخواہ داروں اور دستاویزی معیشت میں شامل کاروباروں کے لیے (بقیہ نمبر 24)

پی آئی اے کی نجکاری کے عمل کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا

لاہور (این این آئی) پی آئی اے کی نجکاری کے عمل کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ نجکاری کے تمام اقدامات کو کالعدم قرار دیا جائے۔ درخواست نبیل جاوید کاہلوں ایڈووکیٹ کی (بقیہ نمبر 23)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین گریٹر اقبال پارک میں فیملیز کے لئے پلے لینڈ کا جائزہ لے رہے ہیں۔

اپنا دوست حیات خان چمکنی کے مطابق) اج پاڑہ چمکنی، سرپاخ میں قوم چمکنی کا ایک باضابطہ اور نمائندہ جرگہ منعقد ہوا

جرگے میں سنٹرل کرم کی مجموعی صورتحال اور بالخصوص چمکنی کے موجودہ حالات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کرم) سے بیوروچیف) رپورٹ محمد خالق اورکزئی) اور پاڑہ چمکنی سے۔۔ اپنا دوست حیات خان چمکنی کے مطابق) اج پاڑہ چمکنی، سرپاخ میں قوم چمکنی کا ایک باضابطہ اور نمائندہ جرگہ منعقد ہوا، جس میں قوم چمکنی کے ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ جرگے میں سنٹرل کرم کی مجموعی صورتحال اور بالخصوص چمکنی کے موجودہ حالات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جس کے بعد متفقہ اور قانونی نوعیت کے اہم فیصلے کیے گئے۔ جرگے نے واضح اور دوٹوک الفاظ میں اعلان کیا کہ قوم چمکنی کسی بھی صورت اپنی آبائی علاقوں سے نقل مکانی نہیں کرے گی۔ جرگے کے مطابق اجتماعی فیصلے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ہجرت کرنے والے فرد کے خلاف قبائلی و سماجی ضابطوں کے تحت کارروائی کی جائے گی، جس میں پچاس لاکھ روپے جرمانہ اور علاقہ بدری شامل ہوسکتی ہے۔ جرگے نے متفقہ طور پر یہ مؤقف اختیار کیا کہ یہ فیصلے موجودہ ملٹری آپریشن کے خلاف بطورِ احتجاج کیے گئے ہیں۔ قوم چمکنی نے واضح کیا کہ ہمارے علاقوں میں کوئی دہشت گرد موجود نہیں، لہٰذا کسی بھی قسم کا جبری آپریشن ناقابلِ قبول ہے۔ جرگے کا کہنا تھا کہ آئینِ پاکستان، قانون کی بالادستی اور شہری حقوق کے دائرے میں رہتے ہوئے مسائل کا حل مکالمے اور انصاف سے نکالا جانا چاہیے، نہ کہ طاقت کے استعمال سے۔ جرگے میں نظم ونسق اور رابطہ کاری کو مؤثر بنانے کے لیے قوم چمکنی کی تمام ذیلی اقوام، یعنی پاڑے، خواجک، خانی خیل، لسیانی اور غربینہ سے پندرہ رکنی کمیٹیاں تشکیل دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ اس جرگے کی صدارت امیر مولانا قوت خان اور مفتی نور بادشاہ صاحب نے کی، جبکہ شرکاء نے متفقہ طور پر تمام فیصلوں کی توثیق کی۔ جرگے کے اختتام پر خواجہ ناہید اور عمران مقبل کا خصوصی شکریہ ادا کیا گیا جنہوں نے اس نازک مرحلے پر قوم چمکنی کے ساتھ مکمل تعاون کیا۔ قوم چمکنی اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ وہ آئینی، قانونی اور پرامن جدوجہد کے ذریعے اپنے حقوق کا تحفظ کرے گی اور کسی بھی غیر ضروری یا جبری اقدام کو قبول نہیں کرے گی۔ جاری کردہ قوم چمکنی جرگہ)

میانی عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دینی تنظیم دعوت اسلامی کے دستار فضیلت و تقسیم اسناد اجتماعات کا مختلف مقامات پر انعقاد ہو رہا ہے

تحصیل بھیرہ کے مدارس المدینہ بوائز اور مدرس المدینہ بالغان سے حفظ وناظرہ مکمل کرنے والوں کے تقسیم اسناد کا اجتماع وائٹ کیسل مارکی میانی میں 18 جنوری بروز اتوار بعد نماز عشاء ہوا

سرگودھا میانی محمد زبیر بھٹی سے۔۔۔ میانی عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دینی تنظیم دعوت اسلامی کے دستار فضیلت و تقسیم اسناد اجتماعات کا مختلف مقامات پر انعقاد ہو رہا ہے جن میں سے تحصیل بھیرہ کے مدارس المدینہ بوائز اور مدرس ※ المدینہ بالغان سے حفظ و ناظرہ مکمل کرنے والوں کے تقسیم اسناد کا اجتماع وائٹ کیسل مارکی میانی میں 18 جنوری بروز اتوار بعد نماز عشاء ہوا اس اجتماع کی ایک خصوصیت یہ بھی تھی کہ اس میں دعوت اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن ابو البیان حاجی محمد اظہر عطاری صاحب نے سنتوں بھرا بیان کیا معجزہ معراج کے حوالے سے، بہت زبردست اور عشق رسول ﷺ اور محبت رسول ﷺ بھرا بیان ہوا اسی دوران قرآن کریم کے ساتھ تعلق کو جوڑنے کے لیے بیان کیا گیا اس کے بعد دعوت اسلامی کے زریعے خدمت قرآن کو مزید عام کرنے کے حوالے سے بھی فرمایا گیا دعوت اسلامی کے دنیا بھر میں ہونے دینی اور فلاحی کاموں کے بارے میں آگاہی فراہم کی اور آخر میں اپنے ہاتھوں سے اسناد تقسیم کیں اجتماع کے اختتام پہ ملک وقوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ یاد رہے 2025 میں دعوت اسلامی کے پلیٹ فارم سے درس نظامی، حفظ و ناظرہ اور دیگر کورسز کرنے والوں کی مجموعی تعداد 96915 ہے جبکہ تحصیل بھیرہ میں مدارس المدینہ بوائز کے ذریعے حفظ مکمل کرنے والوں کی تعداد 56 جبکہ ناظرہ مکمل کرنے والوں کی تعداد 80 ہے اور جن عاشقان رسول نے بڑی عمر میں مدرس ※ المدینہ بالغان کے ذریعے ناظرہ مکمل کیا ان کی تعداد 60 ہے

مورو پولیس کا رات گئے جرائم پیشہ افراد سے مقابلہ ہوا

پولیس کی جوابی فائرنگ میں ایک مجرم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا



مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) مورو پولیس کا رات گئے جرائم پیشہ افراد سے مقابلہ ہوا۔ پولیس کی جوابی فائرنگ میں ایک مجرم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ اس کے پاس غیر قانونی پستول تھا۔ اس کے دیگر ساتھی فرار ہوگئے۔ مورو میں کیلوں کے باغ کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ۔ سبزی منڈی مورو کا رہنے والا ایک شخص فرید ولد علی نواز جوئیو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ زخمی کو تعلقہ ہسپتال مورو لے جایا گیا جہاں پر ڈیوٹی ڈاکٹروں اور ہسپتال کے عملے نے اسے طبی امداد دی۔ اس موقع پر ایس ایچ او مورو علی اکبر کھوکھر نے بتایا کہ ہم گشت کررہے تھے کہ ہمیں اطلاع ملی کہ کچھ جرائم پیشہ افراد واردات کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ جب ہم پہنچے تو انکاؤنٹر ہوا۔ مجرموں نے پولیس کو دیکھتے ہی ہم پر فائرنگ کردی۔ ہماری جوابی فائرنگ میں ایک ملزم فرید ولد علی نواز جوئیو کو غیر قانونی پستول سمیت زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ اس کے پاس سے ایک موٹرسائیکل بھی برآمد ہوئی جو کہ تھانہ لغاری کی حدود سے چوری کی گئی تھی۔ جبکہ اس کے دوساتھی فرار ہوگئے، ان کے خلاف دیگر مقدمات بھی درج کرلیے گئے، مزید تفتیش کی جارہی ہے۔ دریں اثناء زخمی ملزم فرید ولد علی نواز جوئیو نے بتایا کہ پولیس کے ساتھ جھڑپ ہوئی جس دوران گولی چل گئی۔ زخمی ملزم کو مزید علاج کے لیے نواب شاہ اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

کوہاٹ: تھانہ درہ آدم خیل پولیس کی مؤثر کارروائی

خیل پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے پشاور سے واپسی کے دوران اسلحہ کی نوک پر 18 لاکھ روپے نقدی لوٹنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا

کوہاٹ) بیورورپورٹ) کوہاٹ: تھانہ درہ آدم خیل پولیس کی مؤثر کارروائی، 18 لاکھ روپے لوٹنے والے رہزن گروہ بے نقاب تھانہ درہ آدم خیل پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے پشاور سے واپسی کے دوران اسلحہ کی نوک پر 18 لاکھ روپے نقدی لوٹنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق مدعی نے تھانہ درہ آدم خیل میں رپورٹ درج کراتے ہوئے بتایا کہ وہ پشاور سے سوزوکی میں واپس آرہا تھا کہ راستے میں نامعلوم مسلح ملزمان نے اسے روک کر اسلحہ کے زور پر 18 لاکھ روپے نقدی اور موبائل فونز چھین لیے۔ واقعے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کوہاٹ شہباز الٰہی نے فوری طور پر ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے، جس کے بعد ایک خصوصی تفتیشی ٹیم تشکیل دی گئی۔ ٹیم میں ایس پی صدر، ایس پی سٹی، ڈی ایس پی درہ آدم خیل، ایس ایچ او تھانہ درہ آدم خیل اور دیگر تفتیشی افسران شامل تھے۔ ایس پی انوسٹی گیشن نیاز محمد خان نے بتایا کہ پولیس ٹیم نے شبانہ روز انتھک محنت اور جدید تفتیشی ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو ٹریس کرلیا۔ دورانِ تفتیش یہ انکشاف ہوا کہ مدعی جس گاڑی میں واپس آرہا تھا، اس کا ڈرائیور بھی واردات میں ملوث تھا اور اس نے رہزنوں کو سہولت فراہم)

سرگودھا: گزشتہ ہفتے تھانہ بھیرہ میں ہونے والے دوہرے قتل کا وقوعہ

مقدمہ میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لینے ایس پی انوسٹی گیشن سرگودھا جاوید اختر جتوئی کا وزٹ

سرگودھا: گزشتہ ہفتے تھانہ بھیرہ میں ہونے والے دوہرے قتل کا وقوعہ/ مقدمہ میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لینے ایس پی انوسٹی گیشن سرگودھا جاوید اختر جتوئی کا وزٹ تھانہ بھیرہ کی حدود میں پیش آنے والے واقعے میں دو افراد قتل جبکہ ایک شخص زخمی ہوگئے تھے ایس پی انوسٹی گیشن نے جائے وقوعہ کا تفصیلی معائنہ کیا، ایس ایچ او تھانہ بھیرہ اور تفتیشی افسر نے وقوعہ میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا مقدمہ میں مطلوب چار نامزد ملزمان زیر حراست پولیس ہیں جبکہ دو ملزمان عبوری ضمانت پر ہیں ڈی پی او سرگودھا نے مقدمہ کو میرٹ یکسو کرنے کے احکامات جاری کر دیئے مقدمہ میں ملوث ملزمان کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے گی ڈی پی او سرگودھا محمد صہیب اشرف

پارٹی میں مشاورت ہوتی ہے حتمی فیصلہ نوازشریف کرتے ہیں، اعظم نذیر تارڑ

محمود خان اچکزئی پرانے سیاست دان ہیں، نواز شریف پرانے ساتھیوں کی قدر کرتے ہیں، سپریم کورٹ کے فیصلے بھی موجود ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پارٹی میں مشاورت ہوتی ہے لیکن حتمی فیصلہ نواز شریف کرتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ محمود خان اچکزئی پرانے سیاست دان ہیں، نواز شریف پرانے ساتھیوں کی قدر کرتے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آئینی اور قانونی طور پر اپوزیشن لیڈر کی تقرری کا طریقہ کار وضع ہے، اپوزیشن لیڈر کی تقرری کا عمل اسپیکر کی سربراہی میں (بقیہ نمبر 33)

لاہور: پرنسپل پروفیسر فاروق افضل جنرل ہسپتال میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

ٹک ٹاک پر غیر اخلاقی مواد شیئر کرنے کے خلاف دائر درخواست پر پی ٹی اے کو نوٹس

پشاور (این این آئی) ٹک ٹاک پر غیر اخلاقی مواد شیئر کرنے کے خلاف دائر درخواست پر پشاور ہائی کورٹ نے گزشتہ سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کردیا ہے۔ تحریری حکم نامے کے مطابق عدالت نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کو نوٹس جاری کرتے ہوئے رپورٹ (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے سی ڈی اے کو 2 فروری تک درختوں کی کٹائی سے روک دیا

انوائرمنٹل پروٹیکشن ایکٹ کی خلاف ورزی میں درخت کاٹے جارہے ہیں، تحریری حکم نامہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سی ڈی اے کو 2 فروری تک درختوں کی کٹائی سے روک دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق جسٹس خادم حسین سومرو نے 4 صفحات کا تحریری حکم جاری کردیا جس میں کہا گیا ہے کہ سی ڈی اے سمیت دیگر فریقین 2 فروری تک اسلام آباد میں کوئی درخت نا کاٹیں۔ سی ڈی اے، وزارت موسمیاتی تبدیلی اور انوائرمینٹل ایجنسی کو (بقیہ نمبر 34)

پی ٹی اے کا بیرون ملک پاکستانیوں کے لیے بڑی سہولت کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی اے نے بیرون ملک پاکستانیوں کے لیے بڑی سہولت کا اعلان کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 36)

باجوڑ میں جماعت اسلامی کے نائب امیر کے گھر کے باہر بم دھماکا

دھماکے میں آئی ای ڈی کا استعمال کیا گیا، گھر اور گاڑی کو جزوی نقصان پہنچا

باجوڑ (این این آئی) جماعت اسلامی کے نائب امیر اور سابقہ امیدوار برائے صوبائی اسمبلی مولانا وحید گل کے گھر کے باہر بم دھماکا ہوا، تاہم خوش قسمتی سے واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق دھماکا مولانا وحید گل کی رہائش گاہ کے عین باہر پیش آیا جس سے علاقے (بقیہ نمبر 37)